سدھار کی باتیں اور بگاڑ کی کوشش ایسا کیوں ہے ہر بات کو ہی تنقید کیوں سمجھا جاتا ہے؟

میو قوم کا واحد نمائندہ ترجمان

بانی: شہید اجمل خاں میو

ماہنامہ صدائے میو

لاہور پاکستان

فروری 2026ء

چیف ایڈیٹر حافظ سلمان طارق میو 300-2481227

جلد نمبر 15	سالانہ ممبر شپ :/1000 لائف ٹائم :/10000 خصوصی ممبر سالانہ :/10000	شمارہ نمبر 9

E-Mail:sada.e.mayo@gmail.com..Page FB:Sada-e-Meo News

نارووال اور شجاع آباد میں بھی اجتماعی شادی کا سلسلہ شروع کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا

پاکستان صدائے میو فورم کے زیر اہتمام 14 فروری کو ہونیوالی 47 بچیوں کی اجتماعی شادی کی تیاریاں مکمل کرلی گئیں



بڑی میوات میں معاشرتی برائیوں کیخلاف بڑا اکٹھ

10 فروری کو مہا پنچائیت ہوگی

28 مارچ سے لاہور میں ہر سال میواتی مشاعرہ کے ساتھ میواتی کتب میلہ کا سلسلہ شروع کیا جائیگا



مختلف شعبہ ہائے زندگی سے ملک وقوم کیلئے جانوں کا نظرانہ پیش کرنیوالے قابل فخر میو شہداء کیلئے قرآن خوانی و دعائیہ تقریبات

شہید میوات اجمل خاں میو

ملک بھر میں ”ہفتہ شہدائے میوات“ منایا گیا

شاعر میوات شہید رشید میواتی

خوشخبری

مکمل ائیر کنڈیشن

سب سے اعلیٰ معیار

پہلے آئیں پہلے پائیں

تمام سہولیات سے آراستہ شاندار مارکی اینڈ شادی ہال

لگژری سٹائل

برکت پیلس

ایونٹ کمپلیکس

مکمل صوفہ سیٹ

نصف کلومیٹر مین کوٹ رادھا کشن روڈ رائیونڈ

ڈائریکٹر برکت علی میو

چوہدری بابر محمود

0333-4426403 0321-4426403

چوہدری سرور شاہین میو

0300-0074172 0333-4426402

سنٹرل پارک اور دیگر پرکشش سوسائیٹیز میں پلاٹوں کی خرید و فروخت کا

THE COUNTRY REAL ESTATE AND BUILDERS

با اعتماد نام

کنٹری رئیل اسٹیٹ اینڈ بلڈرز

B-36 مین بلیووارڈ سنٹرل پارک مین فیروز پور روڈ لاہور

CEO

چوہدری اشرف خاں میو

0345-9005678

0300-7535661

جاوید اقبال میو

0321-3330433

HAJI NIAZ & JAVED Petroleum

حاجی نیاز اینڈ جاوید پٹرولیم

نزد للیانی ٹول پلازہ مین فیروز پور روڈ لاہور

حاجی نیاز خاں باگھوڑیا

(شیرا پوتا)

0300-8463844

حاجی جاوید میو

0300-8463843

چوہدری صابر حسین بلا — چوہدری طاہر اسلام — میاں خالد محمود — شیر دل پاہٹ — چوہدری اقبال سحر — چوہدری عثمان معاویہ — چوہدری سرور شاہین — چوہدری شبیر خاں — چوہدری نوید یوسف — میاں اعجاز احمد — حاجی شبیر احمد عثمانی — چوہدری امجد علی میو — راؤ شہاب الدین — نجم الحسن میو — حاجی غلام نبی خاں

حاجی نعیم پاہٹ — حاجی محمد اسلم (عمان) — وقاص حنیف میو — حاجی نیاز شیرا پوتا — راؤ سرفراز علی — محترمہ ناصرہ میو — چوہدری محمد سلیم نور — کامران یوسف نمبردار — مرزا محمد آصف — چوہدری عثمان خاں


مدثر اقبال میو — چوہدری مشتاق شائق

حافظ شہریار ظفر — چوہدری محمود پتھروڑیا

راؤ ادریس خاں — چوہدری عابد وزیر

چوہدری مظہر اسلام — طارق خلیل ڈھنگل


جنید اصغر علی میو — چوہدری بابر ایڈووکیٹ

برگیڈیئر (ر) عبدالغفور — محمد شعیب اسلم

چوہدری ظفر علی خاں — چوہدری سرور پاہٹ

چیئرمین چوہدری رفیق — چیئرمین داؤد خاں

حافظ محمد انور میو — حافظ محمد ریحان


محمد اکرم میواتی — فیصل انور ایڈووکیٹ

چوہدری نعیم حنیف میو — حاجی محمد اسلم میو

عبدالستار خاں میو — محمد عباس جوئیہ

محمد اسلم نواب میو — سعید اقبال میو


چوہدری سلیم خاں — کیپٹن آزر حسین

چوہدری نبی خاں — پروفیسر سرفراز احمد میو

محمد کبیر خاں میو — راؤ گلشن حسن

پروفیسر محبوب عالم — محمد شریف پاہٹ

محمد ذیشان الہیٰ — چوہدری مقصود احمد


چوہدری شہاب الدین — ماسٹر محمد عرفان میو


صائم اسحاق میو — چوہدری نصیر احمد خاں

پاکستان صدائے میو فورم کے زیر اہتمام 14 فروری کو رحمت پارک لاہور میں ہونیوالی 47 بچیوں کی

اجتماعی شادی کیلئے ڈونیشن دینے والے مخیر حضرات کی لسٹ

(1) حاجی نعیم پاہٹ (انتظام کیلئے)............800000/
(2) حاجی محمد اسلم (سلالہ) عمان..............500000/
(3) وقاص حنیف میو (انصاف سٹی) پتوکی......500000/
(4) ہائی ٹیک کمپنی (لاہور) 47 سلائی مشین....470000/
(5) حاجی نیاز احمد شیرا پوتا (حاجی نیاز پٹرولیم)...200000/
(6) راؤ سرفراز علی (چیئرمین گرین کیپ) لاہور 110000/
(7) چوہدری سلیم نور میو (ڈی ایچ اے لاہور..100000/
(8) کامران یوسف نمبردار (اسلام پورہ) لاہور 100000/
(9) میاں اعجاز احمد (میاں واشنگ فیکٹری) لاہور..100000/
(10) چوہدری اقبال سحر (آرائیاں) رائیونڈ....100000/
(11) چوہدری سرور شاہین (بابلیانہ) رائیونڈ...100000/
(12) چوہدری صابر حسین بلا میو (جلکے) لاہور..100000/
(13) مرزا محمد آصف (بحریہ ٹاؤن) لاہور......100000/
(14) چوہدری طاہر اسلام (بدوکی) لاہور.......100000/
(15) چوہدری نوید یوسف (بدوکی) لاہور.......100000/
(16) شیر دل ایڈووکیٹ (بدوکی) لاہور.........100000/
(17) چوہدری شبیر خاں (سرائچ) لاہور.........100000/
(18) ڈی ایچ اے لاہور سے (نام ظاہر نہیں کیا) 100000/
(20) عثمان معاویہ میو (ملانوالہ) پتوکی.........100000/
(21) چوہدری عثمان اسلام (بدوکی) لاہور.....100000/
(22) میاں خالد محمود (الخلیج آف کمپنیز) لاہور...100000/
(23) محترمہ ناصرہ میو (ڈی ایچ اے) لاہور....95000/
(24) صابر حسین میو (کوٹ آسا سنگھ) قصور.....80000/
(25) چوہدری مشتاق شائق (لاہور)...........65000/
(26) شبیر احمد عثمانی (مشیر وزیر اعظم) لاہور.....50000/
(27) چوہدری امجد علی میو (سابق ایم پی اے) پتوکی 50000/
(28) راؤ شہاب الدین (سابق ڈپٹی میئر) لاہور 50000/
(29) حاجی غلام نبی خاں میو (گوجرانوالہ)......50000/
(29) نجم الحسن میو (ایم ڈی الٹرا کیمیکلز) لاہور...50000/
(30) چوہدری محمود خاں پتھروڑیا (بدوکی) لاہور...50000/
(31) نعیم حنیف میو ایڈووکیٹ (میو کالونی) لاہور 50000/
(32) حافظ شہریار ظفر (الحافظ اسٹیٹ) کاہنہ....50000/
(32) حاجی محمد اسلم میو (رحمانپورہ) رائیونڈ.......50000/
(33) عبدالستار جمعہ میو (گجومتہ) لاہور........50000/
(34) راؤ ادریس خاں (لاثانی ٹریڈرز) مانگا منڈی 50000/
(35) چوہدری سعید اقبال (آرائیاں) رائیونڈ...50000/

(36) چوہدری سلیم خاں میو (جیابگا) رائیونڈ......50000/
(37) چوہدری مظہر اسلام (بدوکی) لاہور........50000/
(38) کیپٹن آزر حسین (حویلی سپانوالی) لاہور..50000/
(39) محمد اسلم نواب (شہزادہ) لاہور...........50000/
(40) اصغر علی میو (نور پور کلاں) تحصیل ڈسکہ....50000/
(41) طارق خلیل ڈھنگل ایڈووکیٹ (کاہنہ) لاہور 50000/
(42) چوہدری بابر ایڈووکیٹ (جلکے) لاہور.....50000/
(43) مدثر اقبال میو (ملانوالہ) پتوکی............50000/
(44) محمد عباس جوئیہ (بحریہ نشیمن) لاہور........50000/
(45) چوہدری عابد وزیر (پڈھانہ چک) پتوکی...50000/
(46) محمد شعیب اسلم (گجومتہ) لاہور.........40000/
(47) چوہدری نبی خاں (سابق صدر کوٹرادھاکشن بار) 40000/
(48) برگیڈیئر (ر) عبدالغفور (ڈی ایچ اے) لاہور 30000/
(49) چوہدری سرور پاہٹ (سنٹرل پارک) لاہور 30000/
(50) چوہدری ظفر علی خاں (بالیکے) نارووال....30000/
(51) چیئرمین داؤد احمد خاں (رائیونڈ).........25000/
(52) راؤ گلشن حسن (شہزادہ) لاہور...........25000/
(53) پروفیسر سرفراز احمد میو (قمر ٹاؤن) کوٹرادھاکشن 25000/
(54) پروفیسر محبوب عالم (بحریہ آرچڑ) رائیونڈ....25000/
(55) چیئرمین چوہدری رفیق (بھائی کوٹ) پتوکی 25000/
(56) محمد کبیر خاں میو (ظہور ٹاؤن) رائیونڈ......25000/
(57) حافظ محمد انور (کوٹ آسہ سنگھ) کوٹرادھاکشن 25000/
(58) محمد شریف پاہٹ (شہزادہ) لاہور.........25000/
(59) چوہدری زین خاں (شہزادہ) لاہور.........25000/
(60) میاں خورشید احمد (ماڈل ٹاؤن) لاہور.....20000/
(61) ذیشان الہٰی ہی شمیرا (سنگت سنگھ) قصو.....20000/
(62) حافظ محمد ریحان میو (جلکے) لاہور.........20000/
(63) چوہدری شہاب الدین (ڈائریکٹر واپڈا) لاہور 15000/
(64) ماسٹر عرفان میو (راول جھنگڑ) کوٹرادھاکشن. 15000/
(65) مقصود احمد میو (جیابگا) رائیونڈ............15000/
(66) صائم اسحاق (ہیڈ ماسٹر ایم سی سکول) کہروڑپکا 12000/
(67) مسز نثار احمد میو (لاہور)................11000/

(68) چوہدری نصیر احمد خاں (بحریہ ٹاؤن) لاہور..10000/
(69) محمد سرور خاں میو (شاس شہد مرکز) قصور....10000/
(70) حاجی عبدالوحید میو (یاسر آئل مل) رائیونڈ...10000/
(71) چوہدری عبدالغنی (رامیانہ) قصور..........10000/
(72) چوہدری حبیب خاں سابق ناظم (جودھو)..10000/
(73) چوہدری آس محمد (امام اسٹیٹ) سنٹرل پارک 10000/
(74) محمد اکرم میواتی (ایڈیٹر صدائے میو) لاہور...10000/
(75) فرحان بادشاہ (اٹارہ سروبہ) لاہور.........10000/
(76) حاجی راشد خاں میو (مصطفیٰ آباد) قصور...10000/
(77) محمد وسیم انور (حویلی سپانوالی کاہنہ) لاہور 10000/
(78) بلو میو (حویلی سردار خاں سید پور) قصور....10000/
(79) فیصل انور ایڈووکیٹ (کوٹرادھاکشن).....10000/
(80) چوہدری ناصر محمود میو (جمیلہ سٹی) شجاع آباد. 10000/
(81) چوہدری فلک شیر (شجاع آباد)..........10000/
(82) حاجی چوہدری اکبر میو (صدر میو اتحاد) ملتان 10000/
(83) چوہدری شرف علی (چاہ حیات والا) شجاع آباد 10000/
(84) ڈاکٹر اقبال میو (العباس ماڈل سکول) کہروڑپکا 10000/
(85) حافظ عرفان حیدر (اقراء دارالاطفال) لاہور 10000/
(86) چوہدری خالد ظفر (کوٹ حاکم سنگھ) قصور..10000/
(87) ماسٹر محمد ابراہیم میو (مدینہ ٹاؤن) رائیونڈ....10000/
(88) محمد رمضان ارشد (بھمبھہ) کوٹرادھاکشن..10000/
(89) مشتاق احمد صدیقی (بھگیاڑمار) قصور......10000/
(90) نمبردار محمد رمضان (آرائیاں) رائیونڈ.....10000/
(91) چوہدری اختر علی (جیابگا) رائیونڈ.........10000/
(92) شمس القمر میو (نمکو فیکٹری) گجومتہ لاہور...10000/
(93) حاجی اصغر علی میو (بدوکی) لاہور..........10000/
(93) ابوسفیان خاں (مانگا منڈی) لاہور.........10000/
(94) چوہدری سلیم بھٹی (جلکے) لاہور..........10000/
(95) حافظ سلمان طارق (رحمت پارک) لاہور..10000/
(96) محمد شکیل میو (حویلی سپانوالی) لاہور.......10000/
(97) چوہدری اختر علی میو (جلکے) لاہور.........10000/
(98) محمد شکیل نور (بابلیانہ اوتاڑ) رائیونڈ........10000/

(99) حسن رشید میو (میو کالونی) لاہور..........10000/
(100) چوہدری اختر علی (جیابگا) رائیونڈ........10000/
(101) کماہاں لاہور سے (نام ظاہر نہیں کیا)....10000/
(102) محترمہ رقیہ میو (گوجرانوالہ)............5000/
(103) ہیڈ ماسٹر محمد عالم میو (حویلی کرباٹھ) لاہور..5000/
(104) عامر اسرار میو (صدر میو یوتھ فورم) اسلام آباد 5000
(105) حاجی محمد رزاق کارولیا (18 چک) ننکانہ...5000/
(106) نمبردار محمد علی میو (ہندال) کوٹرادھاکشن....5000/
(107) چوہدری احسان احمد (جیابگا) رائیونڈ.......5000/
(108) پروفیسر محمد فہد (تھے روسہ) قصور..........5000/
(109) مسز شگفتہ سرفراز (کوٹرادھاکشن).........5000/
(110) سٹوڈنٹس کونسپٹس انسٹیٹیوٹ (حویلی سوہن سنگھ 5000/
(111) ڈاکٹر محمود الحسن میو (قصور)..............5000/
(112) ناصر محمود میو (ماسٹر آٹوز) رائیونڈ..........5000/
(113) محمد ارقم سرور (شاس شہد مرکز) قصور.......5000/
(114) عتیق الرحمٰن میو (مدکے) کوٹرادھاکشن.....5000/
(115) نوید نذیر (صفہ پبلک سکول) رتی پنڈی.....5000/
(116) آصف سبحان میو (حویلی چیتو والی) لاہور..5000/
(117) حافظ محمد مشتاق الحسینی (مدینہ کالونی) رائیونڈ 5000/
(118) محمد ہاشم (گلبرگ ٹاؤن) رائیونڈ..........5000/
(119) ماسٹر عمر دین (ظہور ٹاؤن) رائیونڈ........5000/
(120) احسان احمد میو (جیابگا) رائیونڈ...........5000/
(121) نام ظاہر نہیں کیا (چونگی امر سدھو) لاہور....5000/
(122) عبدالمجید لیلے خاں (اولکھ) کوٹرادھاکشن...4000/
(123) ریحان احمد میو (حمزہ ٹاؤن) لاہور........3000/
(124) شبیر احمد میو (لبیک بک سنٹر ہیر) لاہور.....3000/
(125) مسز شبیر احمد میو (ہیر) لاہور کینٹ.........2000/
(126) مسز سرور خاں میو (حاجی پارک) قصور.....2000/
(127) عبدالوحید میو (63 ایم بی) خوشاب.......2000/
(128) فیصل بادشاہ (اٹاری سروبہ) لاہور.........2000/
(129) محمد رضوان میو (طاہر ماڈل سکول) رتی پنڈی 2000/
(130) محمد جمیل ڈھنگل (راول جھنگڑ) کوٹرادھاکشن 2000/
(131) راجہ آس محمد (راول جھنگڑ) کوٹرادھاکشن....2000/
(132) اسلام الدین میو (راول جھنگڑ) کوٹرادھاکشن 2000/
(133) عزیز الرحمٰن (نمائندہ صدائے میو) شجاع آباد. 2000/
(134) علی محمد میو (گرین کیپ) لاہور...........1000/

31 جنوری تک ہونیوالی ٹوٹل ڈونیشن 64 لاکھ 22 ہزار روپے

اخراجات اور ڈونیشن کی مکمل تفصیل مارچ کے صدائے میو میں شائع کی جائے گی

محمد سرور خاں میو — چوہدری اختر علی میو

حاجی اصغر علی میو — چوہدری حبیب خاں — چوہدری ناصر محمود میو — حاجی چوہدری محمد اکبر میو — چوہدری فلک شیر — ڈاکٹر محمد اقبال میو — چوہدری شرف علی میو — حاجی عبدالوحید میو — حافظ عرفان حیدر — چوہدری خالد ظفر — شمس القمر میو — حاجی راشد عمر خاں — بلو میو — چوہدری عبدالغنی خاں

چوہدری اختر علی — مشتاق احمد صدیقی

ابوسفیان خاں — چوہدری سلیم بھٹی — چوہدری محمد شکیل — حسن رشید میو — محمد وسیم انور — محمد شکیل نور میو — ہیڈ ماسٹر محمد عالم — محمد احسان میو — عامر اسرار میو — حاجی رزاق کارولیا — نمبردار محمد علی میو — ڈاکٹر محمود الحسن — عتیق الرحمٰن میو — نوید نذیر — ناصر محمود میو — عبدالمجید لیلے خاں — محمد ہاشم خاں — شبیر احمد میو

چیف ایڈیٹر
حافظ سلمان طارق میو
300-2481227

ایڈیٹر
محمد اکرم میواتی
0321-4990135

ماہنامہ
صدائے میو لاہور

فروری 2026ء

ڈپٹی ایڈیٹر
شہاب الدین مالبیا
(حیدرآباد)

سب ایڈیٹر
چوہدری ناصر محمود میو
(شجاع آباد)

☆☆☆ ہیڈ آفس: فسٹ فلور پراپرٹی چینل طاہر ٹریڈر (کوٹ میلہ رام) مین فیروزپور روڈ لاہور.......... خط وکتابت کا پتہ: ٹیپن پبلک ہائی سکول میو کالونی چونگی امرسدھو لاہور ☆☆☆

سرپرست
سالانہ خصوصی ممبران

ڈاکٹر فرزانہ الطاف میو
کراچی

نجم الحسن میو
لاہور

چوہدری نعیم حنیف ایڈووکیٹ
لاہور

غلام نبی میو ایڈووکیٹ
میرپورخاص

محمد عامر میو
کراچی

چوہدری سرور شاہین
رائیونڈ

ڈاکٹر محمد اقبال میو
کھروڑپکا

سدھار کی باتیں اور بگاڑ کی کوشش ہم ایسا کیوں کرتے ہیں؟

گذشتہ ماہ کے اداریہ میں کچھ معاملات کی طرف توجہ دلا کر آپس کی کھینچا تانی میں بڑوں کے کردار پر بات کی گئی جسے عام قارئین نے تو سراہا لیکن برادری کے کچھ بڑوں نے اُسے خود پر تنقید سمجھا حالانکہ وہ کسی پر تنقید نہیں تھی صرف احساس دلانا تھا کہ برادری میں کہیں بھی کوئی بھی معاملہ ہو جائے تو اُس معاملے کو بڑھانے کی بجائے اس میں مثبت کردار ادا کرنا چاہیئے تا کہ ہمارے لوگ ایک دوسرے سے دور ہونے کی بجائے قریب آسکیں۔اچھے برے لوگ ہر برادری میں ہوتے ہیں لیکن میو قوم کے سوا کوئی بھی برادری ایک خاندان کی مانند نہیں اس لئے اسے گھر بنانے کی بجائے خاندان بنانے کوشش کیوں نہیں کی جاتی۔ برادری کی جتنی بھی تنظیمیں کام کر رہی ہیں ان کے طریقہ کار سے اختلاف کیا جاسکتا ہے اُن کے کام سے نہیں ہاں اگر کسی تنظیم کے پیش نظر اجتماعی کی بجائے ذاتی مفاد ہو تو پھر ہر کسی کو اس پر بات کرنے کا حق حاصل ہے۔ برادری کے پروگراموں میں بات کی جاتی ہے کہ ہر تنظیم کو الگ الگ معاملات ومسائل کو ٹارگٹ بنا کر کام کرنا چاہیئے یہ نہیں کہا جاتا کہ فلاں تنظیم یہ کام خوش اسلوبی سے کر رہی ہے تو دوسرا کچھ منفرد اور بہتر کرنے کی بجائے وہی کام اور وہ بھی مخالفت میں کرے اگر ایسا ہی کرنا ہے تو پھر ہمیں مان لینا چاہیئے کہ ہم آپس میں بھائی چارہ کی بجائے نفرتیں پیدا کرنے میں مصروف ہیں بس یہی بات ہم سمجھانے کی کوشش کرتے ہیں اِسے کوئی تنقید سمجھتا ہے تو سمجھتا رہے۔اجتماعی مفاد کی بات کرنا ہماری ذمہ داری میں شامل ہے جو ہم انشاء اللہ کرتے رہیں گے جسے ہماری بات سے اختلاف ہے وہ کھل کر بات کرے ہو سکتا ہے اُن کی بات صحیح اور ہماری سوچ غلط ہوں۔ جو لوگ خوشامد کو صحافت سمجھتے ہیں یا اجتماعی مفاد کی بات کرنے کی بجائے پارٹی بن کر صحافت کرتے ہیں ان کے کردار کو قابل تعریف نہیں کہا جاسکتا۔(اللہ ہم سب کا حامی وناصر ہو) خیر اندیش (چیف ایڈیٹر) صدائے میو لاہور

سرپرست
سالانہ خصوصی ممبران

راؤ غلام محمد میو
اسلام آباد

چوہدری طاہر اسلام
لاہور

ڈاکٹر نجمہ حنیف میو
میرپورخاص

حاجی محمد عثمان میو
میرپورخاص

راشد خاں ایڈووکیٹ
حیدرآباد

عبدالعزیز نکو میو
حیدرآباد

حاجی عبدالحکیم میو
حیدرآباد

پاکستان صدائے میو فورم نارووال کی طرف سے ''ہفتہ شہدائے میوات'' کے موقع پر جامعہ ختم نبوۃ محلہ ابوبکر نارووال میں شہید اجمل خاں میو، شہید رشید میواتی اور دیگر میو شہدا کیلئے قرآن خوانی کی جارہی ہے اور معروف مذہبی شخصیت مولانا مفتی محمد امجد میواتی دعائے مغفرت کرا رہے ہیں اس موقع پر پاکستان صدائے میو فورم نارووال کے سرپرست اعلیٰ چوہدری محمد اسماعیل میو، صدر شاہد خاں میو، سینئر وائس چیئرمین صابر حسین، نائب صدر ماسٹر اختر حسین میو، فنانس سیکرٹری ہیڈ ماسٹر یوسف خاں میو اور صدائے میو کے چیف ایڈیٹر حافظ سلمان طارق میو بھی موجود ہیں

پاکستان صدائے میو فورم کے زیر اہتمام

14 فروری کو بلا تفریق 47 بچیوں کی اجتماعی شادی کی تیاری مکمل

فائنل کی جانیوالی زیادہ بچیوں کا تعلق میو برادری سے ہے باقی بچیاں جٹ، راجپوت، قریشی، رحمانی، کھوکھر، شیخ، آرائیں، بھٹی، سقّہ، نومسلم برادری سے ہے، دوسری بار مسیح برادری کی بھی 2 بچیاں شامل کی گئی ہیں

رحمت پارک (میلہ رام) لاہور میں ہونیوالی بارھویں اجتماعی شادی کی میزبانی مسلسل ساتویں بار بھی پراپرٹی چینل اور رحمت پارک کے آنر کرینگے، 2ہزار کا پنڈال سجایا جائے گا، انتظامی کمیٹیاں تشکیل دیدی گئیں

لاہور (نمائندہ صدائے میو) پاکستان صدائے میو فورم نے 14 فروری کو رحمت پارک (میلہ رام) مین فیروزپور روڈ لاہور میں ہونیوالی بارھویں سالانہ اجتماعی شادی کیا نتظامات کو حتمی شکل دیدی۔تفصیلات کے مطابق اس سال بلا تفریق 47 بچیوں کی شادیاں کی جائیں گی جن میں سب سے زیادہ بچیوں کی تعداد میں میو برادری سے ہے باقی بچیوں کا تعلق جٹ، راجپوت ملک، آرائیں، قریشی، رحمانی، کھوکھر، شیخ، بھٹی، سقّہ اور نومسلم شیخ برادریوں سے ہے جبکہ دوسری بار 2 مسیح بچیوں کے نام بھی فائنل کئے گئے ہیں۔ بارھویں سالانہ اجتماعی شادی کی میزبانی مسلسل ساتویں بار پراپرٹی چینل اور رحمت پارک کے آنر پاہٹ برادران کرینگے۔ حسب سابق دلہنوں کا انتظام الگ ہال میں کیا جائے گا جس میں صدائے میو فورم (لیڈیز ونگ) کی ٹیم کے علاوہ کسی کو جانے کی اجازت نہیں ہوگی۔اس بار دلہنوں کے ہال کے علاوہ 2ہزار افراد کا پنڈال سجایا جائے گا۔ تقریب کے انتظامات کیلئے پاکستان صدائے میو فورم کی طرف سے 25 ممبران پر مشتمل کمیٹیاں تشکیل دیدی گئی ہیں۔بچیوں کیلئے ضرورت کے سامان کی خریداری شروع کردی گئی ہے۔رحمت پارک میں 12 فروری سے انتظامات شروع کر دیئے جائیں گے۔ پاکستان صدائے میو فورم کے مرکزی سیکرٹری جنرل چوہدری سرور شاہین میو نے بتایا کہ تقریب کے اصل مہمان وہ مخیّر حضرات ہونگے جن کے تعاون سے 47 بچیوں کی شادیاں کی جارہی ہیں لیکن دیگر برادروں کی معروف سیاسی وسماجی شخصیات بھی شرکت کی دعوت دی جارہی ہے۔

نارووال میں پاکستان صدائے میو فورم کی طرف سے شہدائے میوات کیلئے بڑی قرآن خوانی

نارووال (نمائندہ صدائے میو) پاکستان صدائے میو فورم نارووال کی طرف سے ہفتہ شہدائے میوات کے دوران جامعہ ختم نبوۃ نارووال میں قرآن خوانی کی بڑی تقریب منعقد ہوئی جس میں نارووال کے رہنماؤں چوہدری اسماعیل میو، شاہد خاں میو، صابر حسین، ماسٹر اختر حسین، ہیڈ ماسٹر یوسف خاں، چیئرمین رفیق میو صدائے میو کے چیف ایڈیٹر حافظ سلمان طارق نے بھی شرکت کی

آٹو بھان روڈ حیدرآباد میں ہونیوالے پاکستان میو اتحاد کے مرکزی اجلاس میں بانی چیئرمین میو اتحاد شہید اجمل خاں میو اور میو اتحاد کے مرکزی رہنما شہاب الدین مالبیا میو کی اہلیہ کے لئے دعا مغفرت کی جارہی ہے

پاکستان صدائے میو فورم کے رہنما چوہدری نعیم حنیف، چوہدری سرور شاہین، چوہدری اقبال سحر، ملک سرور سبحانی اور حافظ سلمان طارق اجتماعی شادی کیلئے سب سے زیادہ ڈونیشن دینے والے حاجی اسلم عمان والے سے ملاقات کرتے ہوئے

آصف کنول میوایڈووکیٹ
(صدر لاہور بار ایسوسی ایشن)

چوہدری مشتاق خاں ایڈووکیٹ
(صدر تحصیل چونیاں بار)

چوہدری شہباز خاں میوایڈووکیٹ
(جنرل سیکرٹری قصور ڈسٹرکٹ بار)

نوید احمد خاں میوایڈووکیٹ
(نائب صدر ڈسٹرکٹ بار قصور)

سیٹھ فیصل انور میوایڈووکیٹ
(جنرل سیکرٹری کوٹرادھاکشن بار)

چوہدری قمرالزمان میوایڈووکیٹ
(نائب صدر ڈسکہ بار)

ڈسٹرکٹ و تحصیل بار کے الیکشن

چوہدری اکرم میوایڈووکیٹ
(جنرل سیکرٹری کہروڑپکا بار)

شوکت اقبال ایڈووکیٹ
(نائب صدر کہروڑپکا بار)

وقاص امین میوایڈووکیٹ
(لائبریری سیکرٹری کوٹرادھاکشن بار)

چوہدری عمران میوایڈووکیٹ
(فنانس سیکرٹری خوشاب بار)

راؤعلی اختر میوایڈووکیٹ
(فنانس سیکرٹری پیر محل بار)

جنید احمد خاں میوایڈووکیٹ
(آڈیٹر سیکرٹری قصور بار)

لاہور، قصور، کوٹرادھاکشن، چونیاں، ڈسکہ، کہروڑپکا، خوشاب اور پیر محل سے 12 میو کامیاب

آصف کنول لاہور بار کے نائب صدر، چوہدری مشتاق چونیاں بار کے صدر، نوید خاں قصور بار کے نائب صدر، شہباز خاں جنرل سیکرٹری، فیصل انور کوٹرادھاکشن بار کے جنرل سیکرٹری، وقاص امین لائبریری سیکرٹری منتخب

قمرالزمان ڈسکہ بار کے نائب صدر، چوہدری اکرم کہروڑپکا بار کے جنرل سیکرٹری، چوہدری شوکت نائب صدر، راؤعلی میو پیر محل بار کے فنانس سیکرٹری، چوہدری عمران خوشاب بار کے بلامقابلہ فنانس سیکرٹری بنے

لاہور (نمائندہ صدائے میو) 10 جنوری کو ہونیوالے ڈسٹرکٹ اور تحصیل بار کے الیکشن میں مختلف اضلاع اور تحصیلوں سے 14 میو وکلاء نے الیکشن لڑا جن میں سے 12 کامیاب قرار پائے۔ تفصیلات کے مطابق چوہدری آصف کنول میوایڈووکیٹ ماڈل ٹاؤن سیٹ پر لاہور بار کے نائب صدر، چوہدری مشتاق خاں میوایڈووکیٹ چونیاں بار کے صدر، چوہدری نوید خاں ایڈووکیٹ ڈسٹرکٹ قصور بار کے نائب صدر، چوہدری شہباز علی خاں میو جنرل سیکرٹری، سیٹھ فیصل انور میو ایڈووکیٹ کوٹرادھاکشن بار کے جنرل سیکرٹری، وقاص امین خاں میوایڈووکیٹ لائبریری سیکرٹری۔ چوہدری قمرالزمان میوایڈووکیٹ ڈسکہ بار کے نائب صدر، چوہدری شوکت اقبال میو کہروڑپکا بار کے نائب صدر چوہدری محمد اکرم میو جنرل سیکرٹری، چوہدری عمران میو ایڈووکیٹ خوشاب بار کے بلامقابلہ فنانس سیکرٹری، راؤعلی اختر میوایڈووکیٹ پیر محل بار کے فنانس سیکرٹری اور جنید خاں میو قصور بار کے آڈیٹر سیکرٹری منتخب ہوئے ہیں۔ نارووال ڈسٹرکٹ بار سے صدارت کے امیدوار چوہدری نثار احمد میو ایڈووکیٹ صرف 3 ووٹوں سے اور پتوکی سے حافظ سخاوت خاں 20 ووٹوں سے الیکشن ہارے۔ میو امیدواروں اور ان کے پینل کی کامیابی پر برادری کے وکلاء نے زبردست جشن منایا اور کامیاب امیدواروں کے گھروں میں جاکر مبارکباد دی۔ سب سے زیادہ جشن مسلسل تین بار الیکشن ہار کر کامیاب ہونیوالے آصف کنول میو کی کامیابی پر منایا گیا۔ واضح رہے کہ اس بار ہونے والے الیکشن میں ملتان، شجاع آباد اور فیروزوالہ سے کسی میو امیدوار نے حصہ نہیں لیا۔

میو برادری کی معروف شخصیت چوہدری شہاب الدین میو کی واپڈا کے ڈائریکٹر کے عہدے سے ریٹائرمنٹ کے موقع پر واپڈا ہاؤس لاہور میں ان کے اعزاز میں پروقار تقریب منعقد ہوئی اس موقع پر محکمہ کے افسران نے چوہدری شہاب الدین کو انکی خدمات پر ایوارڈ دیا اور پھولوں کے گلدستے دے کر رخصت کیا

جمعیت علماء اسلام قصور کے رہنما مولانا رفیق قصوری میو ہندال میں رحلت فرما گئے


کوٹرادھاکشن (نمائندہ صدائے میو) کوٹرادھاکشن کے نواحی قصبہ ہندال کی معروف مذہبی شخصیت، جمعیت علماء اسلام ضلع قصور کے رہنما اور جامعہ ختم نبوۃ کے مہتمم مولانا محمد رفیق قصور میو قضائے الٰہی سے رحلت فرما گئے۔ جنازہ میں علاقہ بھر کی معروف سیاسی وسماجی شخصیات اور جمعیت علماء اسلام کے رہنماؤں سمیت بڑی تعداد میں معززین علاقہ نے شرکت کی۔

سابق ممبر ضلع کونسل اور جمشید اسلم کے والد حاجی محمد اسلم میو کوٹرادھاکشن میں وفات پا گئے


کوٹرادھاکشن (نمائندہ خصوصی) مسلم لیگ ن پی پی 175 کے جنرل سیکرٹری چوہدری جمشید اسلم، انجمن تاجران پاک بازار کے صدر چوہدری ارشاد اسلم اور چوہدری امجد اسلم کے والد اور سابق ممبر ضلع کونسل حاجی محمد اسلم میو کوٹرادھاکشن میں قضائے الٰہی سے وفات پا گئے۔ جنازہ میں علاقہ بھر کی معروف سیاسی وسماجی شخصیات سمیت بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

عبدالصمد بسریا ہائی کورٹ بار کا صدر اور قمر شاہد نائب صدر کا الیکشن لڑینگے

عبدالصمد بسریا ایڈووکیٹ پہلے پنجاب بار کونسل کا ممبر اور قمر شاہد میوایڈووکیٹ لاہور بار کے نائب صدر رہ چکے ہیں

لاہور ہائی کورٹ بار میں میو وکلاء کی تعداد کسی بھی امیدوار کی ہار جیت میں مرکزی کردار ادا کرنے کی پوزیشن میں آچکی ہے

لاہور (نمائندہ صدائے میو) جنوری میں ہونیوالے ڈسٹرکٹ اینڈ تحصیل بار کے الیکشن میں بڑی کامیابی کے بعد رواں ماہ ہونے والے الیکشن میں عبدالصمد خاں بسریا ایڈووکیٹ لاہور ہائی کورٹ بار کی صدارت اور چوہدری قمر شاہد میں ایڈووکیٹ نائب صدارت کا الیکشن لڑینگے۔ عبدالصمد خاں بسریا پہلے پنجاب بار کونسل اور قمر شاہد میو لاہور بار کے نائب صدر رہنے کے بعد الیکشن ہار چکے ہیں لیکن لاہور ہائی کورٹ بار میں میو وکلاء کی تعداد اتنی ہوچکی ہت کہ ہار جیت میں مرکزی کردار ادا کرسکتی ہے۔

عبدالصمد خاں بسریا

چوہدری قمر شاہد میو

لاہور میں صدائے میو فورم کی مجلس شوریٰ کے ممبر عبدالستار میو کے بھتیجے کے ولیمہ کے موقع پر وزیراعظم کے مشیر شبیر احمد عثمانی، وفاقی وزیر رانا مبشر اقبال، چوہدری صابر حسین بلا، عبدالستار خاں، خالد محمود دا انجم و دیگر کا دلہا کے ہمراہ گروپ فوٹو

کرنل (ر) محمد علی میو کے چچا ماسٹر عبدالرحیم وفات پا گئے


قصور (نمائندہ صدائے میو) میو تنظیمات کونسل کے کوارڈی نیٹر کرنل (ر) محمد علی میو اور لیاقت علی میو کے چچا مصطفےٰ آباد (للیانی) میں قضائے الٰہی سے وفات پا گئے، جنازہ اور قرآن خوانی میں بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

میواتی ہیریٹیج و کلچرل فورم کے چیئرمین راؤ غلام محمد میو، جنرل سیکرٹری چوہدری اسحاق میو، ڈاکٹر نثار احمد اور دیگر لوک ورثہ اسلام آباد لائبریرین شعیب ستی کو میواتی ڈائیوراما کی افتتاحی تقریب کی تصاویر کا البم دیتے ہوئے

لوک ورثہ میوزیم میں میواتی ہیریٹیج اینڈ کلچرل فورم کی تقریب

راؤ غلام محمد میو نے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ لائبریری کیلئے تصویری البم دی

اسلام آباد (نمائندہ صدائے میو) میواتی ہیریٹیج اینڈ کلچرل فورم اسلام آباد کے زیراہتمام لوک ورثہ میوزیم میں ایک تقریب میں منعقد ہوئی جس میں فورم کے چیئرمین راؤ غلام محمد میو، جنرل سیکرٹری حاجی اسحاق میو، ڈاکٹر نثار احمد، جاوید قمر میو، شکیل اصغر اور دیگر معززین برادری نے شرکت کی۔ اس موقع پر چیئرمین راؤ غلام محمد میو اور حاجی اسحاق میو نے لوک ورثہ میوزیم کے لائبریرین شعیب ستی کو لائبریری کیلئے میواتی ڈائیوراما کی افتتاحی تقریب کی تصاویر پر مبنی البم پیش کی جس میں میو قوم کی مختصر تاریخ اور میواتی ڈائیوراما کے مقاصد بھی شامل تھے۔ واضح رہے کہ راؤ غلام محمد نے اپنی طرف سے خطیر رقم خرچ کر کے لوک ورثہ میں میواتی ڈائیوراما قائم کرایا تھا۔

23 مارچ کو لاہور میں پہلا میواتی کتب میلہ کرنے پر غور

میواتی دنیا کے ذمہ داران سے مشاورت کے بعد شیڈول کا باقاعدہ اعلان کیا جائے گا

لاہور (نمائندہ صدائے میو) پاکستان صدائے میو فورم کی طرف سے 23 مارچ کو لاہور میں پہلا میواتی کتب میلہ منعقد کرنے پر غور کیا جارہا ہے۔ اس موقع پر میواتی مشاعرہ بھی منعقد کیا جائے گا۔ میواتی کتب میلہ لاہور میں کس مقام پر کیا جائے گا اور کتب کی نمائش کی ٹائمنگ کیا ہوگی اس کا اعلان ادبی تنظیم میواتی دنیا کے ذمہ داران سے مشاورت کے بعد کیا جائے گا۔ یادرہے کہ میواتی کتب میلہ کا اعلان دوسال پہلے میو ثقافتی میلہ کے ساتھ کیا گیا تھا لیکن میو تنظیمات کونسل کی تجویز اور میو ویلفیئر ایسوسی ایشن کی فرمائش پر میو ثقافتی نمائش کا پروگرام لوک ورثہ اسلام آباد منتقل کرنے کی وجہ سے میواتی کتب کی نمائش نہ ہوسکی۔

جیسمین پارک اسلام آباد میں ہونیوالی میو برادری کی ماہانہ بیٹھک کے شرکاء چوہدری امام بخش میو، محمد فاروق میو، ڈاکٹر نثار احمد، محمد شبیر میو، جمشید احمد میو، چوہدری اسحاق میو .... چوہدری قمر جاوید، انسپکٹر اصغر ناز میو، ذرغام شاہین میو، شکیل اصغر میو اور دیگر کا گروپ فوٹو ....

میوقوم کا واحد نمائندہ ترجمان

ماہنامہ صدائے میو لاہور

فروری 2026

چیف ایڈیٹر
حافظ سلمان طارق میو 300-2481227

ایڈیٹر
محمد اکرم میواتی 0321-4990135

14 فروری کو ہونیوالی بارھویں اجتماعی شادی کے انتظامات کا جائزہ لینے اور کچھ مزید منفرد کرنے کے سلسلے میں برکت پیلس کوٹرادھا کشن روڈ رائیونڈ میں ہونیوالے پاکستان صدائے میوفورم کے اجلاس میں چوہدری نعیم حنیف میوایڈووکیٹ، پروفیسر سرفراز احمد میو، حاجی محمد اسلم میو، چوہدری سرور شاہین، پروفیسر محبوب عالم چوہدری طاہر اسلام، چوہدری صابر حسین بلا میو، کبیر خاں میو، سفیان خاں میو، ماسٹر محمد عرفان میو، حافظ محمد ریحان میو، نمبردار ممتاز خاں، ناصر محمود میو، حافظ سلمان طارق میو اور دیگر شریک ہیں (تصویر: صدائے میو)

ایک اور منفرد شروعات صدائے میوفورم نے ہر سال میواتی کتب میلہ سجانے کا اعلان کر دیا

پہلا میواتی کتب میلہ 28 مارچ کو کیا جائے گا، میولکھاریوں کو ایوارڈ بھی دیئے جائیں گے، میواتی ثقافت وکلچر اور مسائل پر مبنی میواتی مشاعرہ بھی ہوگا اور مہمانوں کی تواضع میواتی کھانوں سے کی جائے گی

پروگرام میواتی دنیا کے اشتراک سے کرنے کی تجویز بھی ہے، پروگرام کی جگہ کا اعلان اجتماعی شادیوں کے بعد کیا جائے گا لیکن اس سے پہلے میواتی دنیا کے ذمہ داران سے باقاعدہ مشاورت کی جائے گی

رائیونڈ (سٹاف رپورٹر) پاکستان صدائے میو فورم کا مرکزی اجلاس برکت پیلس رائیونڈ میں منعقد ہوا جس میں مرکزی، لاہور اور قصور کے ذمہ داران نے شرکت کی۔ اجلاس میں 14 فروری کو ہونیوالی بلاتفریق 47 بچیوں کی اجتماعی شادیوں کے معاملات کا جائزہ لینے کے بعد کچھ ایسا نیا کرنے پر غور کیا گیا جسے موجودہ حالات میں کرنا ضروری ہو۔ صدائے میو کے چیف ایڈیٹر کی تجویز پر دوسرے پروگرامز کی طرح ہر سال میواتی کتب میلہ سجانے کا فیصلہ کیا گیا اور یہ بھی فیصلہ کرلیا گیا کہ پہلا میواتی کتب میلہ 28 مارچ کو کیا جائیگا اور کوشش کی جائے گی کہ یہ پرورگرام ادبی تنظیم میواتی دنیا کی مشاورت سے کیا جائے۔ میواتی کتب میلہ کے موقع پر میواتی ثقافت وکلچر اور مسائل پر مبنی میواتی مشاعرہ کی محفل بھی سجائی جائے گی اور مہمانوں کی تواضع میوقوم کے روایتی کھانوں سے کی جائے گی۔ پروگرام کی جگہ کا اعلان اجتماعی شادی کے پروگرام کے بعد میواتی دنیا کے ذمہ داران سے مشاورت کے بعد کیا جائے گا۔

ڈیوائن گارڈن لاہور میں میوتنظیمات کونسل اور میواتی دنیا کے زیر اہتمام شہدائے میوات و مرحوم محسنین میوات کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی کی جارہی ہے اس موقع پر میوتنظیمات کونسل، میواتی دنیا، پاکستان صدائے میوفورم پاکستان میواتحاد اور میوایمپلائز ویلفیئر فورم کے رہنما بھی موجود ہیں (تصویر: صدائے میو)

صدائے میو کے رہنما اکرام خاں ٹیکریا کے اہلیہ وفات پاگئیں

لاہور (نمائندہ صدائے میو) پاکستان صدائے میوفورم لاہور کے سینئر رہنما اکرام ٹیکریا کی اہلیہ کشمیر پتی کاہنہ میں قضائے الٰہی سے وفات پاگئیں۔

پاکستان میواتحاد حیدرآباد کے رہنما اور صدائے میو کے ممبر ماسٹر جان محمد میو کی بیٹی کی شادی کے موقع پر میواتحاد کے رہنماؤں حاجی عبدالحکیم میو، حاجی محبوب علی میو، محمد الیاس نکہ میو، عبدالعزیز نکومیو، عبدالرزاق میو، محمد جمیل میو، صوبیدار میجر (ر) جاوید اشرف میو اور استاد محمد سلیم میو کا میزبان کے ہمراہ گروپ فوٹو

شجاع آباد میں رواں سال ہی اجتماعی شادیاں شروع کی جائیں گی

جنوبی پنجاب کے میوسپوت ایوارڈ کے ساتھ ہی پروگرام رکھا جائیگا، چوہدری ناصر محمود

شجاع آباد (سٹاف رپورٹر) صدائے میوفورم جنوبی پنجاب کے چیف آرگنائزر چوہدری ناصر محمود میو نے شجاع آباد میں بھی غریب بچیوں کی اجتماعی شادیوں کا سلسلہ شروع کرنیکا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ رواں سال ہی شجاع آباد میں پہلی اجتماعی شادی کی جائے گی ہوسکتا ہے ہم یہ پروگرام جنوبی پنجاب کے پانچویں میوسپوت ایوارڈ کے ساتھ ہی کریں لیکن حتمی فیصلہ پاکستان صدائے میوفورم کے مرکزی ذمہ داران اور معززین شجاع آباد سے مشاورت کے بعد کیا جائے گا انہوں نے بتایا کہ لوگ کافی عرصہ سے اجتماعی شادیوں کیلئے اسرار کررہے تھے لیکن ذاتی مصروفیات اور معاملات کی وجہ سے ہم آغاز نہ کرسکے۔

صدائے میوفورم ننکانہ صاحب کے صدر حاجی محمد رزاق کارولیا چک نمبر 18 کی نمبرداری کی بحالی پر چوہدری اختر علی میونمبردار کو مبارکباد دیتے ہوئے

صدائے میو کی طرف سے میواتی کتب میلہ خوش آئند ہے، اسداللہ

دوسرے پروگرامز کی طرح میواتی کتب میلہ بھی تسلسل کے ساتھ ہونا ضروری ہے

لاہور (نمائندہ صدائے میو) ادبی تنظیم میواتی دنیا کے سیکرٹری اسداللہ ارشد میو نے پاکستان صدائے میو فورم کی طرف سے مارچ میں میواتی کتب میلہ کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ صدائے میو کی ٹیم ہمیشہ اس کی کام کو کرنے کا آغاز کرتی ہے جس کی میوقوم کو ضرورت ہے۔ میواتی دنیا اور دیگر افراد کی طرف سے برادری کی تاریخ، ثقافت وکلچر اور شعروشاعری پر بہت سے کتب شائع ہوچکی ہیں لیکن اکثر لوگوں کو اس بارے میں کوئی خاص معلومات نہیں اس لئے میواتی کتب میلہ کے یقیناً دورس نتائج نکلیں گے انہوں نے کہا کہ امید ہے دوسرے پروگرامز کی طرح صدائے میو کی ٹیم اس پروگرام کو بھی تسلسل کے ساتھ کرتی رہے گی۔

PROPERTY CHANNEL®
REAL ESTATE CONSULTANTS

پاکستان صدائے میوویلفیئر فورم کے زیر اہتمام بلاتفریق مستحق اور یتیم بچیوں کی

حسب سابق

بارھویں سالانہ

اجتماعی شادی

خدمت بلاتفریق
S.M.F

بمقام
رحمت مارکی
(رحمت پارک، میلہ رام)
مین فیروزپور روڈ لاہور

مخیّر حضرات سے درخواست ہے کہ ہمیشہ کی طرح اس بار بھی اللہ تعالیٰ کی عطاء کردہ نعمتوں اور وسائل سے اپنا حصہ ڈال کر زیادہ سے زیادہ بچیوں کے گھر آباد کرنے میں اپنا کردار ضرور ادا کریں

بتاریخ
14 فروری
2026ء
بروز ہفتہ صبح 11 بجے

منجانب
پاکستان صدائے میوفورم (رجسٹرڈ)

0300-4421184,0300-4304220,0333-4426402,0300-8585711,0300-2481227

شہید کیپٹن عبدالشکور شیرا (شجاع آباد) — شہید کرنل بشیر احمد میو (احمد پور سیال) — شہید کمانڈر مظہر اسماعیل میو (فیصل آباد) — لیفٹیننٹ عبدالرشید شیرا میو (کراچی) — شہید کیپٹن فراز میو (قصور) — جیل سپرینڈنٹ شہید اسحاق میو (کراچی) — سب انسپکٹر اسماعیل میو (کراچی) — اے ایس آئی وسیم اختر میو (کراچی) — شہید عدنان میو (لاہور) — شہید صوبیدار محمد یوسف میو (نارووال) — شہید سب انسپکٹر نور احمد (نارووال) — شہید عادل ایوب میو (وہاڑی) — شہید عمران شاکر میو (پیر محل) — شہید محمد مشتاق میو (کوٹ رادھا کشن)

شہید میوات اجمل خاں میو کی برسی پر

ہر سال کی طرح ملک بھر میں ہفتہ شہدائے میوات منایا گیا

مختلف مقامات پر قرآن خوانی و دعائیہ تقریبات

لاہور، رائیونڈ، نارووال، ملتان، حیدر آباد، کہروڑ پکا، شجاع آباد اور دیگر علاقوں میں قرآن خوانی ودعائیہ تقریبات، قوم کے شہدا کیلئے کسی تنظیم نے بھی باقاعدہ ہفتہ شہدائے میوات میں اپنی ذمہ داری محسوس نہیں کی

جس قوم کے لوگ اپنے محسنوں کی یاد کو زندہ رکھنا چھوڑ دیں انہیں بھی کوئی یاد نہیں رکھتا۔ صدائے میو کی ٹیم نے ہمیشہ قابل فخر میو سپوتوں کے کردار کو زندہ رکھنے کی کوشش کی ہے، صدائے میوفورم کے رہنماؤں کا خطاب



شہید اجمل خاں میو

لاہور (نمائندہ صدائے میو) شہدائے میوات اجمل خاں میو اور رشید میواتی کی بیسویں برسی کے موقع پر پاکستان صدائے میوفورم کی اپیل پر ملک بھر میں 23 سے 29 جنوری تک ہفتہ شہدائے میوات منایا گیا۔ اس موقع پر لاہور، رائیونڈ، نارووال، ملتان، شجاع آباد، کہروڑ پکا، حیدر آباد اور کراچی سمیت مختلف اضلاع میں پاکستان صدائے میوفورم اور میو اتحاد کی طرف سے قرآن خوانی ودعائیہ تقریبات کا اہتمام کرکے ملک وقوم کیلئے جانوں کا نظرانہ پیش کرنے والے میو شہداء کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ ہمیشہ کی طرح اس بار بھی یہ بات دکھنے میں آئی کہ برادری کی کسی بھی تنظیم نے باقاعدہ طور پر ہفتہ شہدائے میوات میں دلچسپی کا اظہار نہیں کیا۔ پاکستان صدائے میوفورم کے رہنماؤں نے لاہور، رائیونڈ اور نارووال کی تقریبات میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جس قوم کے لوگ اپنے محسنوں کی یاد کو زندہ رکھنا بھول جائیں کوئی انہیں بھی یاد نہیں رکھتی، انہوں نے کہا کہ پاکستان صدائے میوفورم ہمیشہ اپنی قوم کے قابل فخر میو سپوتوں کے کردار کو زندہ رکھنے کی کوشش کی ہے تا کہ نئی نسل کو یہ یاد دلایا جائے کہ ہماری قوم ملک وقوم کیلئے قربانیاں دینے میں کسی سے پیچھے نہیں۔



شہید رشید میواتی

پاکستان صدائے میوفورم کے زیر اہتمام برکت پیلس رائیونڈ میں قرآن خوانی کے بعد شہدائے میوات کیلئے دعائے مغفرت کی جارہی ہے اس موقع پر صدائے میوفورم کے رہنما چوہدری نعیم حنیف میو، پروفیسر سرفراز احمد میو، چوہدری سرور شاہین، پروفیسر محبوب عالم، کبیر خاں میو، ماسٹر عرفان میو، سفیان خاں، نمبردار ممیاز میو اور دیگر رہنما بھی موجود ہیں

برادری کے کسی بھی شہید کی فیملی نے ”ہفتہ شہدائے میوات“ میں دلچسپی نہیں لی

لاہور (نمائندہ صدائے میو) پاکستان صدائے میو فورم کی طرف سے شہدائے میوات جمل خاں میو اور رشید میواتی کی بیسویں برسی کے موقع پر منائے جانے والے ہفتہ شہدائے میوات میں برادری کے کسی بھی شہید کی فیملی نے دلچسپی نہیں لی۔ پاکستان صدائے میوفورم کی طرف سے پانچ اضلاع میں 13 اور میو اتحاد کی طرف سے 2 مقامات پر قرآن خوانی ودعائیہ تقریبات ہوئیں۔

معززین برادری

میو تنظیمات قوم کو متحد کرنے کی بجائے لڑانے میں مصروف ہیں

شہید اجمل خاں کی برسی منانے سے بات نہیں بنے گی، صدائے میو والوں کو بھی سمجھ جانا چاہیئے کہ سازشوں کے علاوہ کچھ بھی نہیں

جو لوگ اجتماعی شادیوں جیسے پروگرام کو بھی متنازع بنانے میں لگے ہوئے ہیں ان سے بھلائی کی امید کیسے کی جاسکتی ہے

لاہور (خصوصی رپورٹ) پاکستان صدائے میو فورم کی طرف سے ہر سال شہید اجمل خاں میو کی برسی پر ہفتہ شہدائے میوات منایا جاتا ہے اور بے شمار مقامات قرآن خوانی وتعزیتی اجلاس منعقد ہوتے رہے لیکن پہلی بار ایسا ہوا ہے کہ سکولوں کے مالکان سمیت اکثر لوگوں نے بے رخی اختیار کی۔ کئی معززین برادری اور نوجوانوں نے تو یہاں تک کہہ دیا کہ بس کردیں شہید اجمل خاں کی برسی منانے کا کوئی فائدہ نہیں کیونکہ تمام میو تنظیمیں قوم کو متحد کرنے کی بجائے لڑانے میں مصروف ہیں۔ ڈسکہ کے ایک بزرگ نے کہا کہ صدائے میو والوں کو سمجھ جانا چاہیئے کہ ہماری قوم میں صرف ایک دوسرے کیخلاف سازشیں ہی جاتی ہیں جو لوگ یا تنظیمیں سالہا سال سے ہونیوالی غریب بچیوں کی اجتماعی شادیوں جیسے فلاحی کام کو متنازع بنانے کی کوشش میں ہیں اُن سے بھلائی کی امید کیسے کی جاسکتی ہے۔ ایک صاحب کا کہنا تھا کہ ہم سب کیلئے دعا کرتے ہیں لیکن ہمیں برادری سرگرمیوں سے کوئی دلچسپی نہیں۔

لاہور میں میواتی دنیا کی طرف سے شہدائے میوات کیلئے قرآن خوانی ودعائے مغفرت

لاہور (نمائندہ صدائے میو) ادبی تنظیم میواتی دنیا کے زیر اہتمام میواتی دنیا کے دفتر ڈیوائن گارڈن ائیرپورٹ روڈ لاہور میں شہدائے میوات ودیگر مرحومین میوات کیلئے قرآن خوانی او دعائے مغفرت کی گئی جس میں میواتی دنیا کے سرپرست جمیل احمد میو، سیکرٹری اسداللہ ارشد اور کرنل (ر) محمد علی میو سمیت دیگر معززین برادری نے بھی شرکت کی۔

پاکستان صدائے میوفورم کی طرف سے بابلیانہ اوتاڑ تحصیل رائیونڈ میں ہفتہ شہدائے میوات کے دوسرے دن طلباء شہدائے میوات کیلئے قرآن خوانی کررہے ہیں (تصویر: صدائے میو)

دی ایجوکیٹرز (فہد کیمپس) بیرون اولکھ اوتاڑ تحصیل کوٹ رادھا کشن میں چیئرمین مولانا طاہر جمیل میو کی نگرانی میں فاتحہ کے بعد شہدائے میوات کیلئے دعائے مغفرت کی جارہی ہے

صدائے میوفورم کی اپیل پر منائے جانیوالے ہفتہ شہدائے میوات کے دوران کیپٹل ہائی سکول ظریف شہید شجاع آباد کے طلباء دعا کے بعد میو شہدا کی تصویر کو سیلوٹ مارتے ہوئے

سرجانی کراچی میں شہید اجمل خاں میو کیلئے قرآن خوانی کی تقریب

کراچی (رپورٹ/علی جان میو) پاکستان میو اتحاد سرجانی کے زیر اہتمام علی بینکویٹ ہال میں شہید اجمل خاں میو کیلئے قرآن خوانی کی تقریب منعقد ہوئی جس میں چیئرمین حاجی افضل خاں میو، سینئر وائس چیئرمین شمس العارفین، مرکزی رہنما علی جان میو، کراچی کے صدر محمد احسان میو، زین العابدین، ضلع ویسٹ کے صدر محمد حسین میو، نائب صدر محمد ابراہیم میو، محمد علی میو اور دیگر رہنماؤں سمت بڑی تعداد میں کارکنوں نے شرکت۔ اس موقع پر میو اتحاد کے رہنماؤں نے شہید اجمل خاں میو کی قومی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ان کے مشن کو جاری رکھنے کا عزم کیا۔ آخر میں شہدائے میوات کیلئے دعائے مغفرت کی گئی۔

پاکستان صدائے میوفورم کی طرف سے رائیونڈ میں قرآن خوانی

رائیونڈ (نمائندہ صدائے میو) 23 تا 29 جنوری منائے جانے والے ”ہفتہ شہدائے میوات“ کے پہلے دن پاکستان صدائے میوفورم کے زیر اہتمام برکت پیلس کوٹ رادھا کشن روڈ رائیونڈ اور بابلیانہ اوتاڑ میں شہدائے میوات اجمل خاں میو، رشید میواتی اور دیگر شہدائے میوات کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی کی گئی جس میں پاکستان صدائے میوفورم کے مرکزی رہنماؤں چوہدری نعیم حنیف میو ایڈووکیٹ، حاجی محمد اسلم میو، پروفیسر سرفراز احمد میو، چوہدری سرور شاہین، پروفیسر محبوب عالم، کبیر خاں میو، ماسٹر عرفان میو، چوہدری صابر حسین بلا میو، چوہدری طاہر اسلام، حافظ ریحان احمد، نمبردار ممتاز میو، حافظ سلمان طارق میو اور دیگر ذمہ داران نے بھی شرکت کی۔

پاکستان صدائے میوفورم کی اپیل پر منائے جانے والے ہفتہ شہدائے میوات کے موقع پر شورکوٹ (نارووال) میں معروف اینکر پرسن ڈاکٹر سعید احمد میو کی سرپرستی میں صقارہ پبلک ماڈل سکول اور میو کالونی لاہور میں پاکستان صدائے میوفورم کے مرکزی صدر چوہدری نعیم حنیف میو ایڈووکیٹ کے لیسین پبلک ہائی سکول میں ملک وقوم کیلئے اپنی جانوں کا نظرانہ پیش کرنے والے میو شہدائے کیلئے قرآن خوانی اور فاتحہ کے بعد دعائے مغفرت کی جارہی ہے

سید پور قصور کی نواحی حویلی حاجی سردار خاں میں ضلع قصور میں پاکستان صدائے میوفورم کی تنظیم سازی کے سلسلے میں ہونے والے اجلاس چاروں تحصیلوں کے اجلاس سے مرکزی سیکرٹری جنرل چوہدری سرور شاہین خطاب کر رہے ہیں جبکہ اس موقع پر صدائے میو کے چیف ایڈیٹر حافظ سلمان طارق میو ضلع قصور کے صدر محمد سرور خاں میو، جنرل سیکرٹری ماسٹر عرفان میو، ضلع لاہور کے سینئر نائب صدر چوہدری سعید اقبال میو، جمیل احمد ڈھنگل، نصیر احمد میو، میزبان اصغر حسین میو اور حاجی سردار خاں میو سمیت دیگر معززین برادری سردار امجد اقبال، راؤ شوکت باگھوڑیا، امین ڈھنگل اور دیگر بھی موجود ہیں

تعلیم اور باہمی اتفاق کی اہمیت کو سمجھنا چاہئے

اچھی باتیں کرنا کافی نہیں نتائج عمل سے ملتے ہیں

چوہدری سرور شاہین

گھر گھر میں اختلافات جنم لے رہے ہیں، رشتے داریاں ختم ہو رہی ہیں، افسوسناک صورتحال پر کو ہم مل کر ختم کر سکتے ہیں، برادری کی بہتری کیلئے جو بھی کام کرے اس کی مخالفت نہیں کرنی چاہئے، حافظ سلمان طارق

صدائے میوفورم برادری کا واحد پلیٹ فارم ہے جس پر صرف بامقصد کام ہی کئے جا رہے ہیں، حویلی سردار خاں (سید پور) میں بڑے کٹھ سے سرور خاں، ماسٹر عرفان میو، جاوید اقبال، اصغر حسین اور دیگر کا خطاب

قصور (نمائندہ صدائے میو) پاکستان صدائے میوفورم کی تنظیم سازی کے سلسلے میں سید پور ضلع قصور کی نواحی حویلی حاجی سردار خاں میو میں برادری کا بڑا اکٹھ ہوا جس میں پاکستان صدائے میوفورم کے مرکزی سیکرٹری جنرل چوہدری سرور شاہین میو، ضلع قصور کے صدر محمد سرور خاں میو، جنرل سیکرٹری ماسٹر عرفان میو، لاہور کے سینئر نائب صدر چوہدری سعید اقبال میو، میاں جی جمیل ڈھنگل، سعید تبسم، محمد اسلم میو (چھینہ آرلہ) حاجی سردار خاں، ماسٹر جمیل احمد، محمد سلیم میو، محمد ابراہیم محمد امین ڈھنگل، بلو میو (سید پور) سردار امجد اقبال (نزل کے) حامد بشیر میو، محمد اسامہ (بھائی کوٹ) محمد اسلم راؤ (سیالکوٹ) ابراہیم میو، محمد اشرف میو (کنگن پور) محمد انور رستم، خورشید احمد میو، داؤد خاں، ساجد مکی میو (تلونڈی) قادر شوکت میو (مراٹیاں) جاوید علی بھٹو (بھیلہ چک) محمد عاطف (سکندر پورہ) مشتاق میو، محمد رفیق (ہر دو صاجنی والا) راؤ شوکت علی باگھوڑیا، چوہدری خوشی محمد میو چوہدری عبدالغفور (قائم شاہ والا) ارشد خاں (مرالی ہٹھاڑ) نصیر احمد رٹاوت (ہندال) نمبردار ممتاز میو (راول جھنگڑ) اور میزبان اصغر حسین میو سمیت چاروں تحصیلوں سے بڑی تعداد میں معززین برادری نے شرکت کی۔ اس موقع پر مرکزی جنرل سیکرٹری چوہدری سرور شاہین میو، صدائے میو کے چیف ایڈیٹر حافظ سلمان طارق میو، قصور کے صدر محمد سرور خاں میو، جنرل سیکرٹری ماسٹر عرفان میو، سردار امجد اقبال میو اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حالات میں تعلیم اور باہمی اتفاق کی اہمیت کو سمجھنے کی ضرورت ہے۔ میو قوم ایک خاندان کی مانند ہے اس کے باوجود گھر گھر میں اختلافات ہیں، رشتے داریاں ختم ہو رہی ہیں اور ہم مل بیٹھ کر صرف اچھی اچھی باتیں کر کے سمجھتے ہیں کہ ہم نے اپنی ذمہ داری پوری کر دی ہے حالانکہ اچھی باتیں ہی کافی نہیں نتائج عمل سے سامنے آتے ہیں جس سے ہم دور دکھائی دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری اندر جو افسوسناک کیفیت ہے اُسے مل کر ہی ختم کیا جا سکتا ہے۔ جو لوگ بھی اپنی قوم کی بہتری کیلئے جس سطح پر بھی کام کر رہے ہیں ہم ان کی مخالفت کرنے کی بجائے ہر طرح سے انکا ساتھ دینا چاہئے تاکہ کام کرنے والوں کی حوصلہ شکنی نہ ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ آج ہم پاکستان صدائے میوفورم کے جس پلیٹ فارم پر مل کر بیٹھے ہیں یہ برادری کا واحد پلیٹ فارم ہے جو جلسے جلوسوں کی بجائے نا مقصد کام پر یقین رکھتا ہے اور الحمد اللہ گذشتہ پندرہ سال سے اجتماعی شادی، میو سپوت ایوارڈ، میو طلبہ کنونشن اور میو بیٹھک جیسے جو مثالی پروگرام ہو رہے ہیں وہ پوری قوم کیلئے فخر کی بات ہے۔ پروگرام کے اختتام پر میزبان سردار اصغر حسین میو کی طرف سے تمام شرکاء کا شکریہ ادا کیا گیا اور مہمانوں سمیت تمام شرکاء کے اعزاز میں پر تکلف ظہرانہ بھی دیا۔

حویلی حاجی سردار خاں والی (سید پور) قصور میں ہونیوالے میو کٹھ کے بعد شرکاء کا پاکستان صدائے میوفورم کے رہنماؤں اور میزبان کے ہمراہ گروپ فوٹو

نارووال میں اپریل کے پہلے ہفتے میں اجتماعی شادی کرنیکا فیصلہ

لاہور کی اجتماعی شادی کے بعد نارووال کے معززین برادری کو بلا کر مشاورت کی جائے گی، چوہدری اسماعیل میو، شاہد خاں

نارووال (نمائندہ صدائے میو) پاکستان صدائے میوفورم نارووال نے بھی اپریل کے پہلے ہفتہ میں غریب اور یتیم بچیوں کی اجتماعی شادیاں کرنیکا اعلان کر دیا اس سلسلے میں چندووال میں اجلاس ہوا جس میں چوہدری اسماعیل میو، شاہد خاں میو، ڈاکٹر حنیف میو، صابر حسین، ہیڈ ماسٹر یوسف خاں، ماسٹر اختر حسین، چیئرمین رفیق میو، عبدالقادر آزاد، حافظ سلمان طارق اور دیگر ذمہ داران نے شرکت کی۔ سرپرست اعلیٰ چوہدری اسماعیل میو اور صدر شاہد خاں میو جنرل سیکرٹری ڈاکٹر حنیف میو نے بتایا کہ پہلی بار کم از کم 10 بچیوں کی شادیاں کی جائیں گی اور لاہور کی اجتماعی شادی کے بعد نارووال کے معززین برادری کو بلا کر مشاورت کے بعد حتمی تاریخ اور جگہ کا اعلان کر دیا جائیگا

پاکستان صدائے میوفورم نارووال کے اجلاس کے شرکاء چوہدری اسماعیل میو، شاہد خاں میو، ڈاکٹر حنیف میو، صابر حسین ماسٹر اختر حسین، ہیڈ ماسٹر یوسف خاں، چیئرمین رفیق میو، عبدالقادر آزاد، حافظ سلمان طارق اور دیگر کا گروپ فوٹو

مٹوٹلی شجاع آباد میں پاکستان صدائے میوفورم کے رہنما چوہدری رب نواز میو کے والد چوہدری موسیٰ خاں کے ختم میں چوہدری ناصر محمود میو، رانا عبدالرزاق نون، محمد حسین شاہین، موسیٰ خاں اور بڑی تعداد میں معززین علاقہ شریک ہیں

سابقہ چیئرمین زکوٰۃ وعشر کمیٹی حاجی نصیر الدین میو خانپوریہ بدر پور میں وفات پا گئے



قصور (نمائندہ صدائے میو) میو برادری بدر پور ضلع قصور کی معروف شخصیت اور سابقہ چیئرمین زکوٰۃ وعشر کمیٹی ماسٹر نصیر الدین خانپوریہ طویل علالت کے بعد قضائے الٰہی سے وفات پا گئے۔ جنازہ میں معززین علاقہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

ملتان میں شہید اجمل خاں میو کی یاد میں بروقار تقریب

چوہدری اسحاق، ارشد صابر، چوہدری ناصر محمود، ماسٹر دین محمد، اعجاز رحمت اور دیگر کی شرکت

لاہور (نمائندہ صدائے میو) پاکستان صدائے میو فورم کی اپیل پر شہید اجمل خاں میو کی برسی پر منائے جانیوالے ہفتہ شہدائے میوات کے سلسلے میں چوہدری گروپ کے آفس بوسن روڈ ملتان میں پروقار تقریب منعقد ہوئی جس میں میو اتحاد کے رہنماؤں چوہدری اسحاق میو، چوہدری اسماعیل، چوہدری ارشد صابر، چوہدری اعجاز رحمت، چوہدری جمیل، صدائے میوفورم کے رہنماؤں چوہدری ناصر محمود میو، چوہدری رب نواز میو، خالد جاوید، چوہدری اسلم میو، ندیم اختر اور نعمان دین محمد میو سمیت بڑی تعداد میں معززین برادری نے شرکت کی

گجومتہ لاہور میں والد کے انتقال کے بعد بیٹا بھی وفات پا گیا

خالد محمود انجم کا تایازاد ماسٹر اکبر میو اٹیک سے اور بیٹا اکرم میو ہسپتال میں فوت ہوا

لاہور (نمائندہ صدائے میو) پاکستان صدائے میو فورم لاہور کے نائب صدر چوہدری خالد محمود انجم کے تایازاد بھائی ماسٹر محمد اکبر میو راستے میں چلتے ہوئے ہارٹ اٹیک سے وفات پا گئے۔ مرحوم کا بیٹا محمد اکرم میو پہلے سے ہی کسی بیماری کی وجہ سے ہسپتال میں داخل تھے جب انہیں اپنے والد کی وفات کی خبر ملی تو ان کی طبیعت مزید خراب ہو گئی اور والد کی وفات کے چند گھنٹے بعد ہی بیٹا بھی فوت ہو گیا۔

پاکستان صدائے میوفورم کی اپیل پر شہید اجمل خاں میو کی برسی پر منائے جانے والے ہفتہ شہدائے میوات کے سلسلے میں شہید اجمل خاں میو کی یاد میں چوہدری گروپ کے آفس بوسن روڈ ملتان میں ہونیوالی تقریب کے موقع پر میو اتحاد کے رہنماؤں چوہدری اسحاق میو، چوہدری اسماعیل، چوہدری ارشد صابر میو ایڈووکیٹ، چوہدری اعجاز رحمت میو، چوہدری جمیل میو، پاکستان صدائے میوفورم کے رہنماؤں چوہدری ناصر محمود میو، چوہدری رب نواز میو، چوہدری دین محمد عارف، نعمان دین میو، چوہدری اسحاق میو، چوہدری احسان میو، خالد جاوید، محمد اسلم میو اور دیگر کا گروپ فوٹو

حیدرآباد میں پاکستان میواتحاد حیدرآباد کے جنرل سیکرٹری صوبیدار میجر (ر) جاوید میو کے صاجزادے کے ولیمہ اور صاجزادی کی شادی میں ایم پی اے ایڈووکیٹ راشد خاں میو، چیئرمین فخرالدین میو اور پاکستان میواتحاد کے رہنما حاجی عبدالحکیم میو، حاجی محبوب علی میو، غلام نبی میو ایڈووکیٹ، حاجی عبدالعزیز میو، شہاب الدین مالبیا میو عبدالعزیز نکومیو، استاد محمد سلیم میو، قاری محبوب احمد میو، محمد جمیل میو، عبدالرزاق کارپینٹر، محمد حسن چاندو میو، عبدالستار میو، انور علی میو، سنی تحریک کے رہنما محمد شفیق پپو میو، صدائے میو کے نمائندگان عبدالرحمن میو، خوشی محمد میو اور دیگر شریک ہیں

شہید اجمل خاں میو کی خدمات اور قربانیوں کی پوری قوم معترف ہے

حاجی افضل خان میو

مرحوم کی طرز پر کام کرنا کسی کے بس کی بات نہیں پھر بھی ہم ان کے کام کو اپنی حیثیت اور وسائل کے مطابق آگے بڑھانے کی کوشش کررہے ہیں، ملک بھر کی برادری آج بھی اپنے شہید قائد سے محبت کرتی ہے

شہید اجمل کی برسی پر جہاں جہاں پر برادری کے لوگوں نے اپنی یاد میں اور قرآن خوانی ودعائیہ پروگرام کئے ہم ان کے مشکور ہیں اور سب کو میواتحاد کے پلیٹ پر جمع ہونے کی دعوت دیتے ہیں، چیئرمین میواتحاد

کراچی (نمائندہ صدائے میو) شہید اجمل خاں میو کی خدمات اور قربانیوں کی پوری قوم معترف ہے اور آج بھی اپنے قائد سے بے پناہ محبت کرتی ہے ان خیالات کا اظہار پاکستان میو اتحاد کے چیئرمین حاجی افضل خاں میو نے اپنی رہائش گاہ کراچی میں پنجاب سے گئے معززین برادری سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ مرحوم اجمل میو کی طرز پر کام کرنا کسی کے بس کی بات نہیں پھر بھی ہم اپنی حیثیت اور وسائل کے مطابق ان کے کام کو آگے بڑھانے کی کوشش کررہے ہیں اور انشاء اللہ کرتے رہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہید میوات کی بیسویں برسی پر جس جس علاقے میں بھی اپنے قائد کی یاد میں پروگرام کئے اور قرآن خوانی ودعائیہ تقریبات کا اہتمام کیا ہم ان کے تہہ دل سے مشکور ہیں اور برادری کے تمام لوگوں کو دعوت دیتے ہیں کہ شہید اجمل میو کے کام کو آگے بڑھانے کیلئے پاکستان میواتحاد کے پلیٹ فارم پر متحد ہوجائیں تاکہ ملک بھر کی برادری کو ایک بار پھر متحد ومنظم کیا جاسکے۔



حیدرآباد میں لکی کلب والے محمد ابراہیم میو کی صاجزادی کی شادی کی تقریب میں ایم پی اے ایڈووکیٹ راشد خاں، حاجی محمد عثمان میو، حاجی عبدالحکیم میو، محمد الیاس نکہ میو، شہاب الدین مالبیا، محمد جمیل میو، صوبیدار میجر جاوید میو، عبدالرزاق میو، ساجد حنیف میو، استاد سلیم میو، اشرف خاں میو، اسماعیل نیازی اور سنی تحریک کے رہنما شفیق میو کا میزبان کے ہمراہ گروپ فوٹو

میواتحاد کے لیگل ایڈوائزر اصغر میو کے والد محترم شیر خاں میو کراچی میں وفات پاگئے



کراچی (نمائندہ صدائے میو) پاکستان میو اتحاد کے بانی رکن اور لیگل ایڈوائزر اصغر علی میو کے والد محترم شیر خاں میو گلشن اقبال کراچی میں قضائے الٰہی سے وفات پاگئے۔ جنازہ میں میو اتحاد کے رہنماؤں سمیت بڑی تعداد میں معززین علاقہ نے شرکت کی۔

گوٹھ حسمل میں حاجی اسماعیل اور جھلوری میں فجر و میو کے بہنوئی عبدالسلام وفات پاگئے

کوٹ غلام محمد (حامد حنیف سے) کوٹ غلام محمد (ڈھگان رستی) کے نواحی گوٹھ حسمل میں سیٹھ عبدالمجید ندیم اور ماسٹر عبدالرشید کے والد محترم حاجی اسماعیل میو (حسمل) اور لوکو کے جنرل کونسلر فضل محمد عرف فجرو میو کے بہنوئی عبدالسلام میو ولد یعقوب میو جھلوری کے نواحی گوٹھ میں قضائے الٰہی سے وفات پاگئے۔ جنازہ میں بڑی تعداد میں معززین علاقہ نے شرکت کی۔

میواتحاد کو موثر انداز میں چلانے کیلئے فنڈ کے قیام کا فیصلہ

میواتحاد اپنے اہداف کے حصول کیلئے سیاسی وسماجی طریقوں سے آئینی دائرہ میں رہتے ہوئے کام کریگا، اجلاس میں فیصلہ

حیدرآباد (نمائندہ صدائے میو) پاکستان میو اتحاد کا مرکزی اجلاس چیئرمین حاجی افضل خاں میو کی صدارت میں حیدرآباد میں منعقد ہوا جس میں مرکزی وصوبائی ذمہ داران نے شرکت کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ میواتحاد کو موثر انداز میں چلانے کیلئے مرکزی، صوبائی اور ضلعی سطح پر فنڈ قائم کیا جائے گا، تنظیم اپنے اہداف کے حصول کیلئے سیاسی وسماجی طریقوں سے آئینی دائرے میں رہتے ہوئے کام کرے گا اور سندھ بھر میں تنظیمی امور، ڈھانچے کی مضبوطی اور مختلف اضلاع میں تنظیم کو فعال بنانے تنظیمی ڈھانچے کی ازسرِ تشکیل کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں چیئرمین حاجی افضل خاں نے دورہ پنجاب کے دوران ملاقاتوں کے نتائج پر روشنی ڈالی جسے تمام شرکاء نے سراہا۔

صدائے میو کے رائیٹر نظام الدین میو کا صاجزادہ محمد بلال میو مفتی بننے کی دستار بندی کے بعد اپنے گھر گوٹھ کمل خاں میو پہنچے تو معززین علاقہ نے شاندار انداز میں انکا خیر مقدم کیا اور مبارکباد دی

حیدرآباد میں ہونیوالے پاکستان میواتحاد کے مرکزی اجلاس میں چیئرمین حاجی افضل خاں میو، شمس العارفین، حاجی عبدالحکیم میو، حاجی محبوب علی میو، محمد الیاس نکہ میو، حاجی محمد حیات میو، محمد اصغر میو، حاجی شوکت علی میو، زین العابدین، سردار یٰسین خاں، اشرف خاں میو، عبدالستار میو، صوبیدار میجر (ر) جاوید میو، احسان میو اور دیگر شریک ہیں

سندھ میں شہید اجمل خاں کی برسی پر خاموشی لمحہ فکریہ ہے، نظام الدین

ہر علاقے میں قرآن خوانی کے پروگرام کرنے چاہیئے تھے جو کہ تنظیم کی ذمہ داری تھی

میرپورخاص (نمائندہ صدائے میو) 12 میل کی برادری کی معروف شخصیت اور صدائے میو کے رائیٹر نظام الدین میو نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ شہید اجمل خاں میو کی بیسویں برسی پر سندھ بھر میں خاموشی لمحہ فکریہ ہے جبکہ صدائے میو فورم کی طرف سے ہر سال ہفتہ شہدائے میوات منایا جاتا ہے اور سندھ میں اس پر بھی کوئی عمل نہیں کرتا۔ انہوں نے کہا کہ ہر علاقے میں قرآن خوانی اور دعائیہ تقریبات ہونی چاہئیں جو کہ تنظیم کی ذمہ داری تھی مگر ایسی کسی کو ہدایات ہی نہیں دی گئیں

میرپورخاص کے سینئر وکیل غلام نبی میو ایڈووکیٹ ہائی کورٹ کی پندرہ سال کی پریکٹس مکمل ہونے پر سندھ بار کونسل کی لائف ٹائم ممبرشپ کا سرٹیفکٹ وصول کرتے ہوئے

گوٹھ رحیم خاں میو کا نوجوان فیصل میو انتقال کرگیا

کوٹ غلام محمد (نمائندہ صدائے میو) ممبر ضلع کونسل محمد رمضان میو کا برادرِ ان لاء اور محمد طارق میو کا جواں سال بھائی فیصل میو گوٹھ رحیم خاں میو (اوڈو مل) میں قضائے الٰہی سے انتقال کرگیا۔

میو سوشل گیدرنگ کراچی کے بانی عقیل میو کرمنالوجی ڈیپارٹمنٹ کی چیئرپرسن ڈاکٹر نائمہ سعید سے جامعہ کراچی سے ماسٹرز اِن کرمنالوجی کی ڈگری لیتے ہوئے

محمد علی میو پکوان والا کے والد خیر محمد میو کورنگی میں انتقال کرگئے

کراچی (نمائندہ صدائے میو) کورنگی 50-A کے محمد علی میو پکوان والا کے 82 سالہ والد محترم خیر محمد میو قضائے الٰہی سے انتقال کرگئے۔ جنازہ میں کراچی اور لاڑکانہ سے بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔



ٹنڈوالہیار میں کیپٹن کامران میو کے دعوت ولیمہ میں میواتحاد کے رہنماؤں حاجی عبدالحکیم میو، محمد الیاس نکہ میو، عبدالرزاق میو، محمد اصغر میو، اشرف خاں میو، عبدالعزیز نکو میو، محمد حسن چاندو میو، محمد عمران میو، محمد یوسف میو، محمد وسیم میو، ذیشان میو، خوشی محمد میو، محمد افضل میو اور دیگر کا دلہا کے ہمراہ گروپ فوٹو

گوٹھ حسن خاں کھیراؤ شاخ کے محمد حنیف میو انتقال کرگئے

میرپورخاص (رپورٹ نظام الدین میو) کھیراؤ شاخ کے نواحی گوٹھ حسن خاں میو کے محمد حنیف میو ولد چاند خاں قضائے الٰہی سے انتقال کرگئے۔ جنازہ میں معززین علاقہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

چیف ایڈیٹر
حافظ سلمان طارق میو 300-2481227
میو قوم کا واحد نمائندہ ترجمان
ماہنامہ صدائے میو لاہور
فروری 2026ء
0321-4990135
ایڈیٹر
محمد اکرم میواتی

چھر کلوت پال کی میزبانی میں بڑی میوات (انڈیا) کے مشہور گاؤں اٹاوڑ کی مرکزی جامع مسجد کے احاطہ میں معاشرتی برائیوں کیخلاف ہونیوالے کٹھ سے ایم ایل اے چوہدری آفتاب احمد میو، ایم ایل اے چوہدری اسرائیل خاں، ایم ایل اے مامن خاں میو خطاب کر رہے ہیں

معاشرتی برائیوں کیخلاف

بڑی میوات میں بڑا اکٹھ تمام میو ممبران اسمبلی سمیت ہزاروں افراد کی شرکت

اگر معاشرہ اتحاد و اتفاق کے ساتھ سوچے اور غور و فکر کر کے بولے تو ہر برائی کیخلاف موثر اور مضبوط قدم اُٹھایا جاسکتا ہے، ایم ایل ایز چوہدری آفتاب احمد، چوہدری اسرائیل خاں، چوہدری مامن خاں میو

چھر کلوت پال کی 21 رکنی کمیٹی کی طرف سے اصلاح معاشرہ کی تشکیل کیلئے بلائے گئے مشاوری کٹھ میں علمائے کرام اور تمام پالوں کے چوہدری بھی شریک ہوئے۔ 10 فروری کو مہا پنچائیت کرنے کا فیصلہ

نوح (رپورٹ / صابر قاسمی میو) بڑی میوات کے مشہور گاؤں اٹاوڑ کی مرکزی جامع مسجد کے احاطہ میں چھر کلوت پال کی 21 رکنی کمیٹی کی طرف سے اصلاح معاشرہ کی تشکیل کے سلسلے میں میو قوم کا بڑا مشاورتی کٹھ ہوا جس میں میوات کے لوک سبھا اسمبلی کے تمام ممبران، علمائے کرام اور تمام پالوں کے چوہدریوں سمیت ہزاروں افراد نے شرکت کی ۔اس موقع پر ایم ایل ایز چوہدری آفتاب احمد میو، چوہدری مامن خاں، چوہدری اسرائیل خاں، سابق ایم ایل اے حبیب الرحمٰن، مولانا یحیٰ کریمی، مولانا شیر محمد امینی، مولانا حکیم الدین اٹاوڑی، سرپنچ چوہدری آس محمد، مولانا صابر قاسمی میو، ناصر حسین زکریا اور برادری کی دیگر اہم شخصیات نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اگر سب لوگ اتحاد و اتفاق کے ساتھ سوچیں اور غور و فکر کر کے بولیں تو ہر برائی کیخلاف موثر اور مضبوط قدم اُٹھایا جاسکتا ہے۔ ہمارے معاشرے اور کلچر میں بڑھتی ہوئی برائیوں سے جو نقصان پہنچ رہا ہے اگر اسکا راستہ نہ روکا گیا تو آنے والے وقت میں معاشرے میں برائی کے سوا کچھ بھی باقی نہیں بچے گا اور اس کی ذمہ داری ہم سب پر عائد ہوگی ۔اس موقع پر جہیز کے نظام اور اس سے پیدا ہونے والی سماجی کشیدگی، سماج میں پھیلتی ہوئی منشیات کی لت ، بڑھتے ہوئے سائبر کرائم اور سوشل میڈیا پر جانے انجانے میں فروغ دی جارہی فحاشی پر تفصیلی بات چیت کی گئی اور سبھی معززین برادری نے ان برائیوں کو ختم کرنے کیلئے مل کر جدوجہد کرنے کا عزم کیا۔ اس کے علاوہ دیگر سماجی برائیوں ڈی جے پر پابندی، باراتیوں کی تعداد کو محدود کرنے، جہیز کی نمائش اور محدود رقم مقرر کرنا، لڑکیوں کی وراثت کی منصفانہ تقسیم، جھوٹے اور ناجائز مقدمات دائر کرنے کے رجحان کو روکنا اور دینی و دنیاوی تعلیم کی بیداری جیسے مسائل پر بھی بات کی گئی اور فیصلہ کیا گیا کہ 10 فروری کو اٹاوڑ موڑ کی مرکزی جامع مسجد کے احاطہ میں ایک بڑی مہا پنچائیت منعقد کی جائے گی اس سلسلے میں 21 رکنی کمیٹی بھی تشکیل دی گئی جس کی تعداد میں مزید اضافہ بھی کیا جائے گا۔

شجاع آباد میں پاکستان صدائے میوفورم جنوبی پنجاب کے چیف آرگنائزر اور معروف سیاسی و سماجی شخصیت چوہدری ناصر محمود میو کے بیٹے چوہدری حمزہ ناصر میو کے ولیمہ میں سابق صوبائی وزیر رانا اعجاز احمد نون، سابق سیکرٹری کنٹونمنٹ بورڈ چوہدری علی محمد میو، پاکستان صدائے میوفورم کے رہنما چوہدری نعیم حنیف میو، چوہدری سرور شاہین، سرور خاں میو، پاکستان میو اتحاد کے صدر چوہدری اکبر میو اور دیگر شخصیات حاجی یامین خاں، شیخ جمیل، چوہدری شاہد رحمان، ماسٹر دین محمد عارف، حاجی سعید بن صادق، چوہدری خالد محمود، چوہدری خالد محمد، ارسلان ارشد، اسامہ میو، صائم الیاس اور دیگر شریک ہیں

میو برادری شجاع آباد کی تاریخ میں انوکھی اور منفرد شادی محمود و ایاز ایک ہی صف میں نظر آئے صرف ولیمہ ہی مثالی نہیں تھا چوہدری ناصر محمود میو نے بیٹے کا جہیز بھی خود ہی بنایا

شجاع آباد (نمائندہ صدائے میو) ملک بھر میں شادی بیاہ میں نمود و نمائش عروج پر ہے ان حالات میں ایسے لوگ بھی ہیں جو تمام تر وسائل کے باوجود بڑی سادگی کے ساتھ بچوں کی شادیاں کرتے ہیں۔ گذشتہ ماہ پاکستان صدائے میو فورم جنوبی پنجاب کے چیف آرگنائزر چوہدری ناصر محمود میو نے بھی شجاع آباد میں اپنے بیٹے چوہدری حمزہ ناصر کی شادی کی۔ میں سابق صوبائی وزیر رانا اعجاز نون، سابق ایم این اے نواب لیاقت خاں، سابق چیئرمین مارکیٹ کمیٹی میاں احمد بودلہ، سول جج چوہدری شہزاد اختر میو، پاکستان صدائے میوفورم اور میو اتحاد کے رہنماؤں سمیت پانچ ہزار سے زائد افراد نے شرکت کی ۔صاحب حیثیت لوگ اپنی شادیوں میں مخصوص لوگوں کو ہی بلاتے ہیں لیکن چوہدری ناصر محمود نے شجاع آباد کی تاریخ میں غریب سے غریب اور امیر سے امیر لوگوں کو ایک ہی پنڈال میں بلا کر منفرد مثال قائم کی اور قابل ذکر بات یہ بھی ہے کہ ناصر محمود میو مختصر بارات کے ساتھ ہی بہو کو لے کر نہیں آئے بلکہ بیٹے کو مکمل جہیز بھی خود ہی بنا کر دیا۔ شجاع آباد کی تاریخ میں چوہدری ناصر محمود میو نے جس طرح کی مثال قائم کی ہے اس پر وہ مبارکباد کے مستحق ہیں۔

جنگ آزادی 1857ء
دہلی میں لٹیروں کا راج!



میو فریڈم فائٹ
بیرسٹر کے بی خاں میو
(لندن)
Email:mrkhanmayo@yahoo.co.uk

گزشتہ سے پیوستہ

غالب کے نزدیک بغاوت یا آزادی کی تحریک چلانے والے نچلے درجہ کی ذات کے لوگ تھے جنہیں کوئی سمجھ نہیں کہ آیا برٹش گورنمنٹ کا خاتمہ ہوگیا ہے یا نہیں ۔سب سے زیادہ فکری اس تحریک کا یہ پہلو تھا کہ اس کی اپنی مہذب کلاس کا کنٹرول مشکوک ، آوارہ اور غیر تعلیم یافتہ گروہ کے ہاتھوں میں چلا گیا تھا۔غالب نے لکھا کہ گم نام لوگ جن کا کوئی نام ہے نہ خاندان اور نہ وہ سونا، چاندی اور ہیرے جواہرات والے ہیں لیکن اب وہ عزت دار اور بے حساب دولت کے مالک بن گئے ہیں ۔پہلے وہ میلے کچلے کپڑوں میں گلیوں میں پھرتے تھے جیسے دھول کے جھونکے نے انکو دھکا دیا ہو اب ایسے اعلان کرتے پھرتے ہیں جیسے ان کے قبضے میں کوئی ہوائی طاقت آگئی ہو۔ان بے شرم لوگوں کے ہاتھ میں تلوار آگئی۔ کبھی ایک گروپ تو کبھی دوسرے گروپ کے ساتھ مل کر سارا دن شہر کو لوٹتے ہیں اور رات کو ریشم کے بستر پر نیند کرتے ہیں ۔بادشاہ ان کو دفع کرنے سے معذوران کے باثر اور طاقت ور افراد ان کے گرد جمع ہوگئے ہیں اور یہ ان کے دباؤ میں ایسے تھے جیسے چاند اپنے گرہن میں گھر گیا ہو۔

ظاہر دہلوی 15 مئی 1857ء

آزادی پسند سپاہیوں کے دہلی آنے پر شاہ ظفر کا ظاہر دہلوی کو محل پہنچنے کا حکم آیا۔سڑکوں پر جلاؤ گھراؤ تھا۔ظاہر نے اپنی کافی عرصہ سے غیر استعمال شدہ تلوار اور خنجر میان میں ڈالا اور شاہ کے حکم کی تعمیل میں نکلا۔باہر ہنگامہ تھا،عیسائی کا شکار اور امیر لوگوں کی دوکانوں کی لوٹ شروع تھی ۔میں نے اپنے محلّہ ساتیا محل سے جامع مسجد کا رخ کیا،راستے میں ایک بدمعاشوں کے مجموعہ کو دیکھا جس کی سربراہی ایک ایسا آدمی کررہا تھا جو دیکھنے میں پہلوان لگتا تھا اور اُس نے بانس کی لاٹھی اپنے کاندھے پر رکھی ہوئی تھی اسنے لاٹھی لسٹرن کو ماری جس کے ٹکڑے سڑک پر نیچے گرے ۔بولا: دیکھو میں نے ایک کافر کو ماردیا ہے اس کے بعد انہوں نے ایک کپڑے کی دکان کا تالہ توڑا۔میں اپنے گھوڑے پر روانہ رہا۔کوتوالی کے نزدیک شرارتی لوگوں کا مجمع تھا۔وہاں ساری دکانیں لوٹ لی گئی تھیں ۔شہر کے جرائم پیشہ لوگ افراتفری کو ایک بڑا موقع سمجھ کر جلدی سے باغیوں کے ساتھ مل گئے۔لالچ اور خوشی سے بھرے وہ باغیوں کو بنک کے گیٹ پر لے گئے ۔وحشی پن میں وہاں ایک آدمی نے عورت اور بچوں کو قتل کیا جو وہاں رہتے تھے ۔ خزانہ کی صندقوں کے تالے توڑ کر کھولا اور اندر سے تمام نوٹ نکال لئے ۔یہ باغی اور بلوائی بغاوت کرنے والے فوجی تھے جن میں جیل سے آزاد کئے گئے مجرم، چمار، بھنگی، دھوبی، نائی اور آوارہ گرد لوگ تھے ۔ان میں اچھے خاندانوں سے کوئی بھی نہ تھا۔ معزز لوگوں نے اپنے آپ کو اندر سے تالے لگا لئے تھے اور بے خبر تھے کہ باہر شہر میں کیا ہورہا ہے

لٹیرے وہ سب کچھ لے گئے جو لیجا سکتے تھے ۔کاغذی گلی کے باشندوں نے بنک سے لوٹا ہوا مال اپنے گھروں میں بھر لیا کیونکہ بنک ان کی گلی کے پار میں تھا۔ایک گھنٹہ میں تقریباً 14 لاکھ روپے لوٹ لئے۔

چاندنی چوک کے گرد سب جگہ بلوائی تھے، لوگ افراتفری میں اِدھر اُدھر بھاگ رہے تھے،دریا کی طرح خون بہہ رہا تھا اور بلوائی بے رحمی سے زمین پر دوزخ بنا رہے تھے بغیر کسی شرم اور ڈر کے، ہر کوئی امیر بننے کی کوشش میں تھا اور دوسروں کا بالکل خیال نہیں تھا۔جب میں محل کے گیٹ پر پہنچا تو تقریباً 50 گھوڑ سوار قطار میں قلعہ کے داخلی دروازے کی حفاظت کیلئے موجود تھے ۔جس کا بھی پرانی حکومت کے ساتھ میل جول تھا وہ فوری نشانہ پر تھا۔جیون لال جو بہت موٹا اور بڑے سر والا برٹش ریذیڈنس کا بڑا منشی یعنی چیف سیکرٹری تھا اپنے مالکوں کیلئے وہ سب کچھ کررہا تھا جو اس کے بس میں تھا۔بے تاب تھا لیکن یہ سن کر کے یکے بعد دیگر اس کے دوست جو برٹش ملازم تھے تلاش کرکے قتل کردیئے گئے تھے ۔اس نے لکھا کہ میں یہ سُن کو رویا کہ میں کتنا بے اختیار تھا لیکن اس نے جلد ہی محسوس کرلیا کہ اس کی اپنی پوزیشن محفوظ ہونے سے کتنی دور ہے ۔اس نے تحریر کیا کہ میں دولت مندانہ انداز کا مشہور آدمی تھا اس لئے میں باہر جانے پر چھپ نہیں سکتا تھا،بدمعاشوں کا جتھہ یورپین اور مالداروں کی رہائشوں کی نشاندھی کرتا۔میں خوف زدہ تھا اور اپنے گیٹوں کو تالے لگانے کا کہا اور سب نوکروں کو آگے پیچھے چوکیداری پر معمور کیا۔ہر ایک پر خوف وہراس طاری تھا،سب دکانیں اور گھر بند تھے اور رہائشی اندر چھپے رہتے اور اللہ سے رحم وحفاظت کی دعا کرتے۔

شوئیِ قسمت بہت سے اس لئے لوٹے گئے کہ وہ امیر تھے ۔دہلی کے دولت مند مگر قرض دینے والے اور غیر مقبول مارواڑی پہلے نشانے پر تھے حالانکہ یہ برٹش اتھارٹی سے بلاواسطہ وابستہ نہ تھے۔ جیسے ہی آزادی پسند دہلی میں داخل ہوئے بنک کے بھائی وال متھرا اور سالی گڑھ لٹیروں کے اعتاب میں آگئے ۔لوٹنے کی نیت سے تلنگاوں نے سلیمگرام کے گھر کو توڑنے پھوڑنے کی دن رات کوشش کی مگر کامیاب نہ ہوسکے لیکن آدھی رات کو گیٹ توڑ کر اندر داخل ہوگئے ۔شہر کے لوگ بھی ان کے ساتھ تھے ۔

انہوں نے تقریباً ساری ہی چیزیں لوٹ لیں ، بنک کی دونوں پارٹیوں نے مرزا شاہ رخ کو انکا قرضہ واپس نہ کرنے پر پکڑ لیا تو انہیں شاہ ظفر کے پاس آنا پڑا کہ ان کی حفاظت کی جائے انہوں نے شاہ سے گذارش کی کہ ان کے تجارتی معاہدے بالکل تباہ وبرباد کردیئے ہیں اور وہ اپنی روزمرہ کی ضرورتوں کو بھی پورا نہیں کرسکتے ۔سلیم گرام سے بھی کم دولتیوں کی بھی یہی درگت بنی ۔چیف پولیس سعید مبارک شاہ کے مطابق سپاہیوں کے جتھے سڑکوں اور گلیوں سے گزرتے اور باعزت شہریوں کو لوٹتے اور ان سے بدسلوکی کرتے اس نے کچھ رانگڑ لٹیروں کے متعلق بھی لکھا کہ:۔

اس عام افراتفری میں 8 رانگڑوں کی ایک پارٹی ایک سرائے پر قیام پذیر ہوئی انہوں نے ڈاکوؤں کا گروہ اکھٹا کیا اور شہر کے ایک حصے کو لوٹ مار سے تباہ وبرباد کردیا۔لوٹے ہوئے مال جس میں ہیرے جواہرات ،سونے کے زیورات اور قیمتی چیزوں کو اونٹوں پر باندھ کر اپنے گاؤں لے گئے ۔یہ لوٹ مار ایک دن اور ایک رات جاری رہی ۔جلدی جلدی بہت سارے امیروں کی حویلیوں میں لٹیرے گھس گئے اور لوٹ مار کرتے رہے۔بہانہ یہ لگاتے کہ ان کے رہائشیوں نے عیساؤں کو اندر چھپا رکھا ہے ۔اس صورتحال سے دہلی والے بہت محتاط ہونے لگے ۔اپنی اور اپنے احباب کی حفاظت کی خاطر مفتی صدرالدین آزردا نے دہلی والوں پر مشتمل ایک پرائیویٹ پولیس فورس قائم کرلی۔

(جاری ہے)

قدم آگے، دل پیچھے! وقت کے الٹے سفر کی کہانی

عکسِ حال
خالد حسین رضا میو
پیر محل
0300-9123849

انسان کی پوری زندگی اسی تضاد میں گزرتی ہے کہ بچپن میں وہ بڑا ہونا چاہتا ہے، جوانی میں کامیاب اور پھر ایک دن سکون کا متلاشی بن جاتا ہے۔ ہر مرحلے میں اسے لگتا ہے کہ اصل زندگی اگلے موڑ پر ہے۔ وہ موجودہ لمحے کو محض ایک عبوری کیفیت سمجھتا ہے جیسے یہ وقت کاٹنے کے لیے ہے، جینے کے لیے نہیں۔ یہی وہ نکتہ ہے جہاں انسان لاشعوری طور پر خود کو نقصان پہنچانا شروع کر دیتا ہے۔ وہ حال کو نظرانداز کر کے مستقبل کی تعمیر میں ایسا الجھتا ہے کہ جب مستقبل آتا ہے تو حال کہیں پیچھے چھوٹ چکا ہوتا ہے۔ ہم اپنے اردگرد دیکھیں تو زیادہ تر لوگ اسی دوڑ میں مبتلا نظر آتے ہیں۔

نوجوان خود کو تھکا رہے ہیں تا کہ کچھ بن سکیں، کچھ حاصل کر سکیں، کسی مقام تک پہنچ سکیں۔ اس کوشش میں وہ نیند، صحت، رشتے اور ذہنی سکون سب قربان کر دیتے ہیں۔ انہیں لگتا ہے کہ یہی جدوجہد جوانی کی علامت ہے۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ یہی بے جا دوڑ انہیں وقت سے پہلے بوڑھا کر دیتی ہے۔ جسم شاید ساتھ دے دے مگر دل تھک جاتا ہے۔ سوچ میں بوجھ آ جاتا ہے اور آنکھوں کی چمک آہستہ آہستہ مدھم ہونے لگتی ہے۔ اصل مسئلہ یہ ہے کہ ہم نے جوانی کو صرف جسم اور چہرے سے جوڑ دیا ہے۔ ہمیں لگتا ہے کہ جوان ہونا بس مضبوط جسم، تیز رفتار اور بے خوف انداز کا نام ہے۔ اسی لیے ہم عمر کے آثار سے گھبراتے ہیں، جھریوں سے ڈرتے ہیں، سفید بالوں کو چھپانے کی کوشش کرتے ہیں مگر ہم یہ بھول جاتے ہیں کہ اصل جوانی سوچ کی تازگی میں ہوتی ہے، احساس کی نرمی میں ہوتی ہے اور سیکھنے کی خواہش میں زندہ رہتی ہے۔ جس دن انسان یہ سمجھ لے کہ اب وہ سب کچھ جانتا ہے اسی دن اس کی جوانی ختم ہو جاتی ہے چاہے اس کی عمر کچھ بھی ہو۔

یہ بات ہمیں یہ بھی سمجھاتی ہے کہ بڑھاپا صرف ایک عمر نہیں بلکہ ایک کیفیت ہے۔ بہت سے لوگ عمر میں جوان ہوتے ہیں مگر اندر سے تھکے ہوئے، بیزار اور بددل نظر آتے ہیں اور بہت سے لوگ عمر کے آخری حصے میں بھی زندہ دل، شکرگزار اور متوازن دکھائی دیتے ہیں۔ فرق صرف اس بات کا ہے کہ کون وقت کے ساتھ لڑ رہا ہے اور کون اسے قبول کر رہا ہے۔ جو وقت کو دشمن سمجھتا ہے وہ ہر گزرتے دن کے ساتھ بے چین ہوتا جاتا ہے اور جو وقت کو ساتھی مان لیتا ہے وہ ہر مرحلے میں کچھ نہ کچھ خوبصورتی ڈھونڈ لیتا ہے۔

ہماری زندگی کا ایک بڑا المیہ یہ بھی ہے کہ ہم ہمیشہ پیچھے مڑ کر دیکھتے ہیں۔ ہمیں لگتا ہے کہ اصل خوشی تو گزرے ہوئے وقت میں تھی۔ بچپن یاد آتا ہے، طالب علمی کے دن یاد آتے ہیں، وہ سادہ خوشیاں یاد آتی ہیں جواب میسر نہیں۔ مگر ہم یہ نہیں سوچتے کہ ان دنوں میں بھی ہم کسی اور مرحلے کی خواہش کر رہے تھے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ مسئلہ وقت میں نہیں بلکہ ہمارے جینے کے انداز میں ہے۔ ہم جس لمحے میں ہوتے ہیں اس کی قدر نہیں کرتے اور جب وہ گزر جاتا ہے تو اسے قیمتی کہنے لگتے ہیں۔ یہ قول ہمیں ایک اور سچ کی طرف متوجہ کرتا ہے کہ ہم جوان ہونے کی خاطر خود سے دور ہو جاتے ہیں۔ ہم معاشرے کی توقعات، مقابلے کی دوڑ اور دکھاوے کے دباؤ میں اپنی اصل فطرت کو دبا دیتے ہیں۔ ہم وہ بننے کی کوشش کرتے ہیں جو ہم نہیں ہیں صرف اس لیے کہ ہمیں قبول کیا جائے، سراہا جائے، یا کامیاب سمجھا جائے۔ اس عمل میں ہم اپنی سادگی، اپنی حساسیت اور اپنے اندر کے بچے کو پیچھے چھوڑ آتے ہیں۔ یہی وہ لمحہ ہوتا ہے جہاں انسان اندر سے بوڑھا ہو جاتا ہے۔

اگر اس بات کو اجتماعی سطح پر دیکھا جائے تو ہمارا سماج بھی اسی تضاد کا شکار ہے۔ ہم ترقی کے نام پر تیزی اختیار کر رہے ہیں مگر برداشت کھو رہے ہیں۔ ہم آگے بڑھنے کے دعوے کرتے ہیں مگر اخلاقی طور پر پیچھے جا رہے ہیں۔ ہمیں لگتا ہے کہ ہم ایک جوان قوم ہیں مگر ہمارے رویے تھکن، غصے اور بے صبری کی عکاسی کرتے ہیں۔ ہم نے رفتار کو اہمیت دی ہے، ٹھہراؤ کو نہیں۔ ہم نے نتائج کو ترجیح دی ہے، عمل کے حسن کو نہیں۔ زندگی شاید اس دوڑ کا نام نہیں جس میں سب کو پیچھے چھوڑنا ضروری ہو۔ زندگی ایک سفر ہے جس میں ہر مرحلہ اپنی جگہ مکمل اور قیمتی ہے۔

بچپن اپنی معصومیت کے ساتھ، جوانی اپنی شدت کے ساتھ اور بڑھاپا اپنی دانائی کے ساتھ۔ مسئلہ تب پیدا ہوتا ہے جب ہم ایک مرحلے میں ہوتے ہوئے کسی اور مرحلے میں جینے کی کوشش کرتے ہیں۔ یہی کوشش ہمیں اندر سے کھوکھلا کر دیتی ہے۔ یہ بات ہمیں رک کر یہ سوال پوچھنے پر مجبور کرتی ہے کہ ہم آخر جواں ہونا کیوں چاہتے ہیں۔ کیا اس لیے کہ ہمیں لگتا ہے کہ جوانی میں ہی انسان کی قدر ہوتی ہے؟ یا اس لیے کہ ہم اندر سے کسی کمی کا شکار ہیں؟ اگر انسان اپنے حال کو قبول کر لے، اپنی عمر کو دشمن نہ سمجھے اور ہر دن کو پورا جینے کی کوشش کرے تو شاید یہ احساس ہی ختم ہو جائے کہ سفر پیچھے کی طرف جا رہا ہے۔

اصل دانائی شاید اسی میں ہے کہ انسان قدم آگے بڑھاتا رہے مگر دل کو پیچھے نہ چھوڑے۔ وہ کامیابی کی تلاش میں اپنی مسکراہٹ نہ گنوائے اور جوان نظر آنے کی کوشش میں اپنی انسانیت نہ کھو دے۔ کیونکہ وقت تو ہر حال میں گزرے گا۔ سوال صرف یہ ہے کہ ہم اس کے ساتھ جئیں گے یا اس کے خلاف۔ اور جو وقت کے ساتھ جینا سیکھ لیتا ہے وہی دراصل ہر عمر میں جوان رہتا ہے۔

☆☆☆☆☆

خوشخبری
میو قوم کی ایسی فیملیز جن کے دو سے زیادہ افراد نے ملک وقوم کیلئے کسی بھی سطح پر قابل فخر کام کیا ہو ”صدائے میو“ میں انکے تعارف کیلئے
ہمیں جن پر ناز ہے
کے عنوان سے سلسلہ شروع کیا جارہا ہے
رابطہ نمبر: 0300-2481227
کسی بھی میو فیملی میں دو یا اس سے زائد ایسی شخصیات ہوں جن کے کارموں پر قوم فخر کر سکے تو آج ہی بمع تصاویر تفصیل ارسال کردیں

یہ کونسی خدمت ہے؟

عرض کیا ہے!

دھنگل خاں میو (سیالکوٹ)

صدائے میو میں میرا یہ آخری کالم ہے لیکن قارئین کرام کو خدا حافظ کہنے سے پہلے چند باتیں کرنا ضروری سمجھتا ہوں۔ میں نے اب تک سارے کالم ہی فرضی نام سے لکھے ہیں اس لئے چند ایک کے سوا کوئی نہیں جانتا کہ میں کون ہوں۔ میں اپنی قوم کی سرگرمیوں پر بہت عرصہ سے نظر رکھے ہوئے تھا اور اپنی قوم کے لیڈروں اور تنظیموں کی حالت دیکھ کر ہر ایک سے بچتا رہا۔ میری بھائی حافظ سلمان سے بھی ملاقات نہیں اس کے باوجود برملا اس بات کا اظہار کررہا ہوں کہ ان کی ذات سے غائبانہ متاثر تھا اسی لئے غلطی سے ایک بار اُن سے رابطہ کرکے بتایا کہ میں بھی لکھنے کا شوق رکھتا ہوں اور مختلف ڈائجسٹ میں میرے مضامین شائع ہوتے ہیں ان کے کہنے پر ایک ڈائجسٹ کا مضمون انہیں بھیجا تو انہوں نے مجھے صدائے میو میں لکھنے پر مجبور کردیا اسی لئے میں برادری کی معلومات پر بھی نظر رکھنے لگا۔ میرے لئے پوری برادری میں صدائے میو کے پروگرامز کے علاوہ کچھ بھی متاثر کن نہیں تھا پھر بھی لکھتا رہا اور اب کس لئے لکھنے سے توبہ کررہا ہوں قارئین کو اس کی وجہ بتانا ضروری سمجھتا ہوں اور حافظ سلمان بھائی سے امید کرتا ہوں کہ وہ مجھے لکھنے پر مجبور نہیں کرینگے۔

میں نے اپنے گذشتہ کالم میں لکھا تھا کہ میرے پاس اجتماعی شادیوں کے معاملات کی زیادہ معلومات نہیں اس لئے اس کے بارے میں آئندہ شمارے میں لکھونگا۔ آپ حیران ہونگے میں معلومات کام کرنے والوں سے نہیں ان کے اردگرد اور تعلق والوں کے ذریعے حاصل کرتا ہوں۔ میری اطلاع کے مطابق صدائے میو کے پلیٹ فارم سے 14 فروری کو بارھویں اجتماعی شادی کی جارہی ہے لیکن مجھے اس وقت جھٹکا لگا جب معلوم ہوا کہ اب تک کے تمام معاملات شفاف ہونے کے باوجود دوتین افراد الگ سے اجتماعی شادیوں کا پروگرام کررہے ہیں۔ معاملے کی گہرائی میں گیا تو معلوم ہوا کہ جو لوگ الگ سے شادیاں کررہے ہیں انہوں نے گذشتہ سال صدائے میو کے نام پر جو فنڈ جمع کیا تھا اُن میں سے اُن کے پاس سات لاکھ روپے تھے جنہیں وہ واپس کرنے کی بجائے اپنی مرضی سے خرچ کرنے پر مصر تھے اور یہ بھی معلوم ہوا کہ انہیں تنظیم کے ذمہ داران سمیت بہت سارے لوگوں نے سمجھانے کی کوشش بھی کی مگر وہ باز نہیں آئے اور انہیں ایسی تنظیم کا سہارا بھی مل گیا جو اجمل خاں کی شہادت کے بعد پنجاب سے غائب ہوگئی تھی۔ صدائے میو فورم کی ٹیم نے اس تنظیم کے چیئرمین کو اپنے دفتر بلا کر انکا ساتھ دینے کا بھی اعلان کررکھا تھا اس کے باوجود اس تنظیم کے ذمہ داران نے دوتین افراد کو صدائے میو والوں کے ساتھ بٹھا کر معاملہ رفع دفع کرانے کی بجائے اس اختلاف سے فائدہ اُٹھانے کی کوشش کی۔ یقیناً دونوں شادیاں ہوجائیں گی اور ضد میں ہونگی لیکن مخیر" حضرات دور ہوجائیں گے۔

سوشل میڈیا کی معلومات کے مطابق صدائے میو کی ٹیم پہلی بار سب سے زیادہ 47 بچیوں کی شادیاں کررہی ہے اور سنا ہے اس کیلئے کالم لکھنے تک 60 لاکھ روپے بھی جمع کرلئے گئے ہیں۔ دوسرے لوگوں کے بارے میں مجھے علم نہیں کہ وہ کتنی شادیاں کرینگے اور ان کے پاس کتنا فنڈ ہے۔ سوچنے کی بات یہ ہے کہ میو تنظیمات کونسل سمیت پوری برادری میں ایک بھی شخص ایسا نہیں تھا جو خوش اصلوبی سے چلتے ہوئے کام میں سراخ ہونے سے روک سکتا۔ کیا کسی کی ضد میں کچھ کرنے کو خدمت کہا جاسکتا ہے۔ کیا قوم کی بہتری کیلئے کچھ اور کرنے کی ضرورت نہیں۔ بس اسی لئے آئندہ میں ایسی قوم کی سرگرمیوں اور مسائل پر لکھنے سے قاصر ہوں جس کے نوجوان تو نوجوان بزرگ بھی ایسے کام کریں جن کی وجہ سے اتحاد کی بجائے انتشار پیدا ہو۔

کون اے سمجھاواں اور کون سمجھے!

پچھلے دنن کراچی سُو بھائی صدیق میو لاہور آیو تو اُن سُو مختصر ملاقات میں کام کی بی کچھ بات ہوئی۔ صدیق بھائی کو بات کرنؔ کو انداز ایسو ہے کہ اُن کی طبیعت سُو ان جان بندہ پریشان ہوجاوے ہے کہ یُو تنقید کرواے یا کوئی مشورو دے رواے۔ چوہدری سرور شاہین بھائی میرے ساتھ ہو اور رشتے داری کی وجہ سُو صدیق بھائی کی طبیعت سُو واقف بھی ہو۔ جب صدیق بھائی نے موسُو کہی کہ جو لوگ تیرے مہیں گلیلن نے کس کے بیٹھا ہاں اُن کا بارا میں برادری لُو کی نہ بتاؤ کہ اِن نے آخر تکلیف کہا اے۔ خیر یو بات اُن نے کہی اور ہم نے سُن کے ٹال دی کیں کہ... چلو چھوڑو بہت سا جو عزت دار بنا بیٹھا ہاں اپنا آپ اے عزت دار ثابت کرن کے مارے اپنا کام کاج اے چھوڑ کے ہم میں مرضی کی برائی بنان میں لگ جان گا۔

اصل بات مہیں آرا ہاں۔ صدیق بھائی نے کہی کہ ہماری برادری تعلیم اور کاروبار میں بہت آگے جاری اے اور ڈھیر سارا لوگ بڈا بڈا اعہدان پہ بی فائز ہاں اور آپ لوگ جو کچھ کررا ہو یو بی اپنی جگے اچھی بات اے اپر ایک کام ایسو اے جا کے مہیں کوئی دھیان ای نہ دے رو۔ ہماری حیرانگی دیکھ کے صدیق بھائی نے ماضی میں جھاتی مار کے کہی کہ پہلے ہم کہیں بھی بیٹھ جاوے ہا تو چھوٹا بڑا لوگ ایک دوسرا کا بارا میں اچھی طرے جانے ہا کہ ای کونؔ کو بیٹو، کونؔ کو پوتو، کس کو باپ اور کس کو دادا ہے۔ فلاں کی گوت کہا ہے اور پچھلو گاؤں کون سُو ہے۔ اپر اب قریبی رشتان میں بی اتنی دوری آ گی ہاں کہ اپنا ای خاندان کا بارا میں پتو نہ ہے پھر بی سہا کے پوچھاں ہاں کہ ارے یو کون کو چھوروا اے۔ اب حقہ کی بیٹھک تو کم ای رہ گی جو کدی کدار کو بیٹھنو ہے اُو بھی ایک دوسرا کی برائی کے مارے ای رہ گو۔

ای ساری بات کرن کے بعد صدیق بھائی نے سوال کرو کہ آپ لوگ یا بارا میں کی نہ سوچو، گامن میں جا کے چھوٹا بڑان لُو یا بات اے کی نہ سمجھاؤ کہ ہم ایک دوسرا سُو دور کیں ہورا ہاں، آپس کا رشتان نے کیں بھولتا جارہا ہاں، برادری میں رشتان کی کمی نہ ہے تو پھر بی بچّان نے غیرن میں کیں بیاہن لگا۔ ہماری قوم میں سرمایہ بی اے اور تعلیم کی بی کمی نہ رہی پھر اِت بِت لُو کیں جھانکو جارواے اور سب سے بڑی دکھ اور تکلیف کی بات ای ہے کہ قوم کی شناخت کی باتن نے کرن والا قوم کا چوہدری چاؤ وے پنجاب کا ہوئیں یا سندھ کا اپنان نے چھوڑ کے بچان کی شادی غیرن میں کری جارا ہاں اور بات کراں ہاں قوم کی شناخت اور پہچان کی۔ سبن نے یا بارے میں فکر کرنی چاہیئے نہیں تو آج نہ تو کال ہماری شناخت ہماری اپنی کرتوتن کی وجہ سُو ختم ہوجائے گی۔

صدیق بھائی کی باتن میں دم ہو۔ میں اُورن کی بات کہا کروں ایک لمحہ میں ای انداز و ہوگو کہ میں

بیس پچیس سال پہلے ماما پھوپھین کا جن بالکن کے ساتھ کھیلے ہو آج موئے اُن کا نام تک یاد نہ ہاں اور وے بی ناں جاناں کہ میرا بالک کتنا ہاں اور اُن کو نام کہا کہا ہے۔ کتنا افسوس اور دکھ کی بات ہے کہ آج ہم پڑھ لکھ بی گیا، کھاواں پیواں بی خوب ہاں، اِت بِت لُو میل ملاپ بی بہت اے اپر اپنان نے بھولتا جارا ہاں اور پھر کہاں کہ یار کوئی اچھو رشتو نہ مل رو جب ایک دوسرا سُو رابطو ای نہ ہے، بال بچّان کا بارا میں ای پتو نہ ہے تو بھائی رشتہ پھر ایسا ای ملن گا جو دوسران کی جیب خالی کرن کے مارے اپنا آپ اے کھا تو پتو ثابت کرن کے مارے جھوٹ پہ جھوٹ بولی جاواں ہاں بھلئی گھر میں کھان پینؔ کا لالہ پڑرا ھواں۔

ہم اپنا ماضی کی مثالین نے دیتا نہ تھکاں کہ ہمارا بڑا ایسا ہا جا بات کہہ دیوے ہا واُلو مرن تک پانی دیوے ہا اپنا گریبان میں کوئی نہ جھانکے کہ ہم کہا ہاں اور کہا کررا ہاں۔ آج جو ہمارے بیچ طلاقوں کو رونو دھونو اے یا کی سب سُو بڑی وجہ جھوٹ، لالچ اور غلط بیانی اے۔ میری باتن کو کائی اور پہ تو پتو نہ ہے اثر ہوئے کہ ناں اپر صدیق بھائی سُو ملاقات کے بعد ارادو کرو لیو ہے کہ جتنو بی ممکن ہوسکو گاؤں گاؤں جا کے کوسس شروع کرن گا کہ بھائیو اپنی سوچ اے بدلو، بڈان کی مثالیں نے دین کی بجائے اُن جیسا بنن کی کوسس بی کراں جاسُو ہمارا رونا دھونا ختم ہواں اور ہم حقیقت میں ایک قوم بن جاواں۔

اپنی قوم کی تنظیمن سُو تو کہا کہوں سب کی سب ایک دوسرا اے نیچا دکھان میں بڑی محنت کری ہاں۔ سوشل میڈیا اے دیکھاں تو ایسے لگے ہے جیسے ہماری قوم جیسو کام کوئی اور کرای نہ سکے۔ شہید اجمل خاں میو پوری قوم کو محسن ہو یائی مارے ہم صدائے میو فورم کا پلیٹ فارم سُو ہر سال واکی برسی پہ ہفتہ یا عشرہ شہدائے میوات منان کو اعلان کراں ہاں۔ شہید اجمل خاں میو کی تنظیم سمیت سب ہی ہین جارا ہاں، ہین کھانو اے، فلاں کی شادی اور فلاں کی فوتگی کی دن رات پوسٹن نے چلان والا ایک بی ایسی پوسٹ نہ چلاواں کہ جا سو پتو چلے کہ اجمل خاں سمیت قوم کا قابل فخر میو شہدا کو تعلق صدائے میو سوا ای ناں پوری قوم سُو ہو۔

آخر میں ہم اُن سارا باہن بھائین کا شکر گزار ہاں جن نے ہماری درخواست پہ شہدائے میوات کا ایصال ثواب کے مارے قرآن خوانی اور دعائیہ تقریبات کو اہتمام کروا اور انکا بھی احسان مند ہاں جو 14 فروری کو ہونؔ والی اجتماعی شادی کا معاملات میں بڑھ چڑھ کے ڈونیشن کرکے ہماری حوصلہ افزائی کررا ہاں۔ دعا ہے اللہ تعالیٰ ہمارے اندر سُو حسد اور بغض کو خاتمہ کرے جاسُو ہم ایک دوسرا کو احساس کرن والا بن جاواں۔

تحریک آزادی کے فراموش کردہ مناظر

ہم مرضی سے پاکستان نہیں آئے بلکہ نکالا گیا تھا

تقسیم ہند کے بارے میں سابقہ گاؤں خانپور تحصیل کشن گڑھ ریاست الور۔ حال بدرپور ضلع قصور کے حاجی ظہور خاں میو ولد چاہت خاں باگھوڑیا 1947ء کی ہجرت کا آنکھوں دیکھا حال بیان کرتے ہوئے بتاتے ہیں کہ 1947ء میں میری عمر 19 سال تھی اور فسادات شروع ہونے سے پہلے گھر میں میری شادی کی تیاریاں ہورہی تھیں۔ ہمارے گاؤں میں چند گھر برہمن اور چماروں کے تھے اور چند ہی گھر بنیوں کے تھے باقی سب میو تھے۔ ہمارے گاؤں کے بنیے بڑے کاروباری تھے اور گاؤں میں ان کی محل نما حویلیاں تھیں۔ تمام لوگ مل جل کر رہتے تھے، ہندو مسلم کا کوئی تعصب نہ تھا۔ شادی بیاہ میں ایک دوسرے کے ہاں خوب آنا جانا تھا۔ میں نے مسلم لیگ اور کانگریس کا نام 1946ء میں الیکشن کے ہنگامے میں سُنا تھا اور یہ بھی سُنا تھا کہ مسلمانوں کیلئے الگ ملک بن رہا ہے۔

میوات میں پہلے پہل ریاست بھرتپور میں ہنگامے شروع ہوئے وہاں حالات خراب ہونے کی وجہ یہ تھی کہ شفاعت خاں میو ایڈووکیٹ اور اس کے ساتھیوں نے مہاراجہ بھرتپور اور اس کے بھائی بچو سنگھ کیخلاف تحریک شروع کردی تھی۔ بھرتپور کے میو جان بچانے کی غرض سے گڑگاؤں اور ریاست الور کی طرف آ گئے۔ مہاراجہ الور پہلے ہی میوؤں خصوصاً باگھوڑیا پال کا دشمن تھا۔ وجہ یہ تھی کہ باگھوڑیا پال نے مہاراجہ کے اجداد کیخلاف کولانی کی جنگ بارہ سال تک لڑی تھی۔ گھڑ چڑھی میو خاں نے بھی بغاوت کرکے ریاست الور کی ساکھ کو کافی نقصان پہنچایا تھا۔ 1932ء کی دھموگڑ گردی (کسان تحریک) کی وجہ سے مہاراجہ جے سنگھ کو اقتدار سے ہاتھ دھونا پڑے تھے۔ یہ تمام کاروائیاں چونکہ باگھوڑیا میوؤں نے کی تھیں اس لئے مہاراجہ نے موقع غنیمت جانتے ہوئے فسادات کی آڑ میں باگھوڑیا پال اور میوؤں کو تباہ کرنے کی کوشش کی۔

ہمارے علاقے پر حملہ کرنا اکیلی دھاڑ کے بس میں نہ تھا اس لئے ملٹری نے دھاڑ کے ساتھ مل کر موضع سیملی اور شاہ آباد میں میو مار دیئے۔ بدلہ لینے کیلئے گھانسولی، دونگڑا، خانپور، دھموگڑ، کولانی اور باگھوڑہ کے میوا کٹھے ہوئے۔ اکٹھا ہونے کا طریقہ یہ تھا کہ ٹامک بجائی جاتی تھی جس کی آواز سن کر لوگ اکٹھے ہوجاتے تھے۔ کولانی، باگھوڑہ اور خانپور میں اس مقصد کیلئے اونچی جگہوں پر ٹامکیں رکھی ہوئی تھیں۔ ہزاروں مسلح میو باگھوڑہ میں اکٹھا ہوگئے۔ میرا والد بھی اس اجتماع میں شامل تھا۔ میوؤں کی دھاڑ نے ہندوؤں کے علاقہ پر حملہ کردیا اور بیسوں دیہات نذر آتش کرکے بہت سے ہندو مار دیئے۔ موضع ہرسولی میں میوؤں کو رات ہوگئی اور وہ منتشر ہوکر اپنے گھروں کو واپس آ گئے۔

اسی رات موضع گاجوکا پر جو سینگل پال کا گاؤں تھا ہندو ملٹری نے چڑھائی کردی۔ گاجوکا

میں میوؤں کے پاس بندوقیں اور دیسی توپیں تھیں جنہیں رام چنگی کہا جاتا تھا۔ رات کو اور اگلے دن لڑائی ہوتی رہی کہیں سے مدد نہ ملنے پر گاجوکا کے میو اگلی رات اندھیرے میں گاؤں چھوڑ کر خانپور کی طرف آ گئے۔ جب یہ لوگ ہمارے علاقے میں آئے تو ہمارے گاؤں کے لوگ بھی پریشان ہوگئے کہ ملٹری کا مقابلہ کیسے کریں گے ورنہ میو ہندوؤں سے بالکل نہیں ڈرتے تھے بلکہ جب فساد شروع ہوئے تو سب سے پہلے ہمارے گاؤں سے بنیے بھاگ گئے تھے۔ میرا والد خود اپنے بنیے کو بیل گاڑی میں سامان سمیت الور چھوڑ کر آیا تھا۔ باگھوڑیا میوؤں سے مہاراجہ کو اتنی دشمنی تھی کہ اُس نے باگھوڑیا پال کا راستہ روکنے کی غرض سے نوگانواں ٹھیک پر جسے میو نوگانواں مارک پو بھی کہتے تھے فوجی کیمپ بنادیا تھا تاکہ میو اس طرف سے گاڑیوں میں بذریعہ سڑک فیروز پور جھرکا اور نوح کی طرف نہ جاسکیں۔ ہم نے کبھی مہاراجہ کو کچھ سمجھا ہی نہیں تھا۔ فسادات شروع ہونے پر جب ایک بنیے نے کہا کہ اب مہاراجہ اپنی رنجش نکالے تو میرے والد نے کہا تھا کہ ''اس کے باپ دادا اسی حسرت میں مرگئے کہ باگھوڑیا پال کو دبالیں تیج سنگھ (مہاراجہ الور) کی کی اوقات ہے'' مگر حالات ایسے ہوگئے تھے کہ ہمیں بھی اپنا گاؤں چھوڑنا پڑا۔ کچھ لوگ تو باگھوڑہ کی طرف سے ڈھونڈ کی گھاٹی کی طرف چلے گئے جبکہ ہمارا خاندان بیل گاڑی میں سامان لاد کر اپنے مویشیوں کے ہمراہ تجارہ اور ٹبوکڑ والی سڑک پر آ گیا۔ اس طرح موضع بلاس پور میوؤں کا آخری گاؤں تھا۔ بلاس پور پہنچنے میں ہمیں کئی دن لگے۔ چند دن بلاس پور رکنے کے بعد ہم نے گاڑیاں وہیں چھوڑیں، جانوروں کے رسّے کاٹ کر آزاد کردیئے، اپنا سامان گھٹڑیوں میں باندھ کر سر پر رکھا اور گھاگس کی گھاٹی سے کالا پہاڑ عبور کرکے موضع کھوئری اور میولی کی طرف آ گئے۔ یہ انگریزی علاقہ تھا۔ ہم نے جس دن پہاڑ پار کیا اُس سے اگلے دن ڈھونڈ کی گھاٹی پر کٹا باجی فوج نے بے شمار میوؤں کو فائرنگ کرکے شہید کردیا۔ ہمارے گاؤں چھوڑنے کے بعد ملٹری نے موضع باگھوڑہ پر حملہ کردیا اس لڑائی میں ہمارے خاندان کے بھی کچھ لوگ شامل تھے۔ میرے ایک عزیز جہانا میو نے جو مشہور نشانچی تھا ایک افسر اور چار سپاہی مار دیئے مگر ملٹری نے باگھوڑہ گاؤں نذر آتش کردیا۔

انگریزی علاقے ضلع گوڑگاؤں کے دیہات میں ہم تین ماہ رہے۔ یہاں ہم نے نئی بیل گاڑیاں تیار کیں اور قافلے کے ہمراہ پاکستان آ گئے۔ ہیڈ سلیمان اور حویلی لکھا کے علاقے سے پاکستان میں داخل ہوئے پھر والٹن آ گئے۔ والٹن کیمپ میں چند دن رہنے کے بعد موضع بدرپور آ گئے یہاں ہمیں زمین الاٹ ہوگئی مگر مقامی آبادی نے زمین کے قبضہ پر ہمیں کافی تنگ کیا۔ ہم اپنی مرضی سے پاکستان نہ آئے تھے بلکہ ہمیں نکالا گیا تھا۔



کرنل (ر) محمد علی میو عزیز محی الدین ایڈووکیٹ حافظ نعمان مجید

جنوری میں بننے والے صدائے

میو اخبار کے نئے ممبران

(1) کرنل (ر) محمد علی میو (عسکری 11) لاہور
(2) چوہدری نعیم حنیف ایڈووکیٹ (میو کالونی) لاہور
(3) حافظ نعمان مجید میو (جوہر ٹاؤن) لاہور
(4) حاجی جمعہ خاں میو (موتا سنگھ) لاہور
(5) عزیز محی الدین ایڈووکیٹ (تھہ بھلو) قصور
(6) میاں جی جمیل دھنگل (مالی کوٹھی) کوٹرادھاکشن
(7) حاجی سعید بن صادق (پاکستان ایگرو) شجاع آباد

میاں جی جمیل دھنگل حاجی جمعہ خاں میو حاجی سعید بن صادق

سلسلہ وار

گھُرچڑھی میو خاں

گھرچڑھی اور میوخاں کی دھوکہ سُو گرفتاری

گزشتہ سُو پیوستہ

خُدا بخس عصر کے سے بکھت کشن گڈھ کوتوالی جا پہنچو۔ پہرہ پہ کھڑا سپائی کو سلام کرو اور بھیتر چلو گو۔ بھیتر سپائی اور جمعدار ہا۔

''میرو میاں گھر نہیں ... موئے کائی کو ڈر نہیں'' کی صورت میں کچھ پتّا کھیل راہا، کچھ چنگا چو اور کچھ اُن کا تماسا دیکھ راہا، خدا بخس نے سلام کرو ''دروگا جی سلام'' سب ایک دم اپنا اپنا کام سُو رُک گا اور حیرانگی سُو خدا بخش اے دیکھن لگا، جانو پہچانو میو ہو۔ کئی برس سرکار کی طرف سُو منڈی میں چوکی داری کرے ہو۔ ڈُو لنگی کھینچی پڑی ہی، کانن میں سونا کی موٹی موٹی بالی، ہاتھن میں چاندی کا بانکڑا، کڑتا کو گلا ایسی گھاں لُو، ہاتھ میں پولا دی۔

سلام سنْو تو سبن نے پولا سامھوں سُو کہی:۔

''رام، رام''

دروگا بولو! آبائے خدا بخس آج کِت سُو بھول پڑو۔ خدا بخس نے کھڑے کھڑے چاروگھاں لُو نگاہ ماری اور کہی:

''جمعدار جی! تم کال کہہ کے آیاہا ناں کہ چھوران نے بھیج دیو'' وا کی بات پوری نہ ہوئی ہی کہ جمعدار بولو:

''تُو تو اکیلو ای آ۔ چھورا کہاں آں؟''

خدا بخس کے کھڑک گی کہ چھورا نہ پہنچا۔ بولو:۔

''وے تو دھیرے ایں سُو ای ہین کی کہہ کے آیاہا''

سبن کی ایک بڑھی سلا دن ہی، جمعدار گھمبیر سُور میں بولو:۔

''ہین تو نہایا''

بُری کری مو سُو تو کہہ کے آیاہا کہ کشن گڈھ جاراہاں۔

''تو کشن گڈھ آیا ہوئیں گا، ہین تو نہایا''

کشن گڈھ میں کا اُن کی ماؤنسی بیٹھی اے جو وا کے پیئے جاتا۔ اُن نے تو ہین ای آنو ہو۔

''بائے جمعدار ہین تو نہایا۔ ایک سپائی نے ہنس کے کہی''

ٹھاکر رکھبیر سنگھ کہاں ہے؟۔

''اُو تو دھیرے ایں سُو الور سرکار میں گیو پڑوا ے جانے آئے گو بی کہ ناں''

ٹھیک اے پھر میں چلوں۔

''چھوران نے ایک بر جرور بھیج دیو جا سُو ہماری تسلی ہو جاوے کہ ای اُن کو کام نہ ہے۔ دندڑ حرامی نے بے کار الجام لگایو اے۔ جمعدار نے وائی گھمبیر تا سُو کہی اور خدا بخس گہری سوچ میں گھر وکھڑ وکھڑ وا ای بگد کے چل دیو کہ چھوریٹ کیں نہایا۔

وا کے جاتے ای سارا سپائین نے اور جمعدار نے ایک دوسرا کا ہاتھ پہ تالی ٹیکائی کہ کیسو چونا لگایو اے باگھوڑیا میو کو۔ خدا بخس دن ڈوبے گھر پہنچ گو اور جیونْی کو بتائی کہ وے تو کوتوالی گیا ای ناں۔

ای بات بی یاد راکھنا کی اے کہ خدا بخس کو سب سُو بڈو بیٹا کالے خاں ہو۔ بیاہو تیا ہو اور جمیں دارو کرے ہے۔ وا سُو چھوٹو میو خاں اور سب سُو چھوٹو گھر چڑھی ہو، باپ نے کالے خاں نیا لو کر دیو ہو یا مارے واہے چھوٹا بھائین سُو کچھ خاص تعلق نہ ہو۔ بس ایسے ای اُو جیسے گاؤں بستی کا اور لوگ۔

بارس برس کے رُک گی ہی۔ وے بنا کائی رکاوٹ کے اپنی گھپا میں جا پہنچا۔ پتھرن سُو آگ جلائی اور دھری لکڑین کی پُور جلا کے تاپن لگ گا۔ اُن نے پہرے پہرے ای لتّا سکھالیا اور پھر سرہانے ہاتھ دھر کے پور کے اُوڑ پاس ای لمبی تان کے سوگا۔ جاگا تو دن چڑھ رو ہو پہاڑ پہ جندگی پوری طرے جاگ ری ہی کال سُو بھوکا پیاسا ہا۔ پہاڑ سُو اُتر کے گھر گیا، جیونْی اُن نے ریتے ہاتھ دیکھ کے چونکی۔ کیں کہ وے تو کال گھر سُو بندوقن کے ساتھ گیا ہا۔ اُن نے جھک کے سلام کرو۔

''مائی سلام''

''اللہ کو سلام''

جیونْی نے اُن کا سرن اور کندھان پہ ہاتھ پھیرا اور پوچھی:۔

''رات کہاں رہا''

''بابا کہاں اے''

گھرچڑھی نے اُلٹو سوال کردیو۔

''بنگلہ پہ اے''

تہارے پیچھے تہارو باپ کوتوالی گیو ہو۔ تم ہُون پہنچا ای ناں۔ کہاں چلا گیا ہا؟۔

''مائی بھوک لگ ری اے کچھ کھانْ کو دے''

میوخاں نے کہی عمدہ چپ چاپ اے کھڑ ورہو۔

''لے ابھی لے۔ بیٹھ ہاتھ مُھوں دھو میں دودھ مہری لاری ہوں''

ای کہہ کے جیونْی مہری کی ہانڈی اے اُٹھا کے دودھ کی ہانڈی کے پیئے لے گی۔ دودھ مہری میں گیرو، کڑچھو چلایو، پیالی اُو پر تین سلور کا کٹورا دھرا اور ہانڈی اُن کے پیئے لاکے دھر دی اور بولی:۔

''لیو! آپ ای کھالو اور آپ ای پیوا اتنے میں روٹی سیک لاری اُوں'' ای کہہ کے اُو چوکا میں چلی گی چوہلا میں لکڑی دھری، آگ سلگائی اور آگ نے دھواں چھوڑا تو جیونْی نے جلدی جلدی باجرہ کو چون چھانو، کونڈا بھر گو تو پھونک مار کے آگ جلائی۔ وا نے پلّا سُو توا پونچھو اور چوہلا پہ دھر دیو اور چون میں پانی ملا کے پیڑا بنانْ لگ گی۔ اتنے وے مہری پیواں اتنے وا نے روٹین کا ڈھیر لگا کے دھر دیا۔ رات کو باسی لگان ایک ہانڈی میں دھرو ہو جو کہ چنا کو ساگ ہو۔ ہانڈی کڑچھو سمیت اُٹھا کے اُن کے آگے دھر دی اور ساتھ ہاتھ بھر اونچی روٹین کو ڈھیر۔

''لیو روٹی کھاؤ میں دودھ اور لاری ہوں''

تینوں نے ہاتھن میں ایک ایک موٹی روٹی سمالی اور میوخاں نے روٹین پہ کڑچھو بھر بھر ساگ دھر دیو۔ روٹی کی روٹی تھال کی تھال۔ گلّا توڑ توڑ کھان لگ گا۔ جیونْی نے مہری کا اُونٹھا کٹورا اُٹھایا اور دھو کے لادھرا۔ وا کے ساتھ وا نے دودھ کی ہانڈی لادھری کہ پانْی کی جگے دودھ پیواں۔

پھر جیونْی اُٹھی چھنکا پہ سُو گھی کی چپٹی اُتاری اور چوہلا پہ دھر دی۔ گھی پگھلن لگو۔ واہے چھوڑ کے اُو گھڑا پہ گئی جا میں بُورا بھری پڑی ہی۔ بورا کو گھڑ وا اُٹھایو اور اُن کے پیئے لاکے دھر دیو۔

گھرچڑھی بولو:۔

''مائی کائیں لُو بے کار کو کسٹ کرری آ ہم آپ لے لین گا۔ تو آرام سُو بیٹھ جا۔

لے بھلو یا میں کسٹ کائیں کو تم کھاؤ وہو تو میرے گھی کا سا گھونٹ اُتراہاں۔ ای کہہ کے وا نے چوہلا پہ سُو تپا گھی کی چپٹی اُٹھائی اور ان کے پیئے لادھری اور کہی اپنی من مرضی کو بورا اور گھی لے کے کھاؤ۔

عمدہ مینا نے ایسی ممتا کہاں دیکھی ہی۔ بدک کے بولو: ''ماتا جی! موہے بی اپنو تیسرو بیٹو بنالے''

''لے بھلو بیٹا کوئی نتایا جاواں ہاں تو میرو تیسرو نہ چوتھو بیٹا ہے۔ ان کو بڈو بھائی نیا لو رہوے ہے''

ہیں کوئی اور بی بھائی اے؟'' مینا چونگ گو۔



بالمؔ

0300-4507208

قیس چودھری چھرکلوت میو

''ہاں بچے دارا ے، جمیں دارو کرے ہے یہ ای باپ بیٹا اُٹھائی کی کھاواں ہاں''۔

جیونْی ہنس کے بتان لگی۔

ان نے روٹی کھائی، گھی بورا کھایا، گرم دودھ پیو ہو کہ اتنے میں سمرہ بھنگی آن پہنچو۔ سمرہ کو اسناؤ الور جیل میں صفائی کرک رے ہو۔

گھرچڑھی نے بہی کو پنّا پھاڑ و اور منگل سنگھ میراج کے ناؤں چٹھی لکھی۔ (اب پڑھنیا یا بات پہ مت چونکے کہ گھرچڑھی پہلے تو ایک گوال ہو پھر او ڈاکو بن گو وانے لکھنو پڑھنو کہاں سُو سیکھ لیو)۔

آج سُو بیس پچیس سو برس پہلے 1857ء میں انگریج نے راج مسلمانن سُو چھین لیو ہو۔ اُن نے ملک میوات کا کئی بھاگ بنا گرایا۔ یو پی، یونائیٹڈ پراونسز (صوبہ جات متحدہ) سی پی (سنٹرل پرانسز (وسطی صوبہ جات) ریاست الور، بھرت پر اور انگریجی علاقہ جا میں بس ضلع گوڑ گانواں ہو اور یا ضلع کی جو بڈی بڈی تحصیل ہی (i) گوڑ گاؤں (ii) پیروج پر جھرکا (فیروز پور جھرکہ) (iii) بلب گڈھ (iv) نوح (v) پلول اور جو جو علاقو انگریجی عملداری میں ہو اُن میں انگریج سرکار نے پرائمری، مڈل اور ہائی سکول کھولا جن میں بچہ مفت پڑھے ہا۔ اپر ریاستن کا راجان نے اپنی سرکاران کا من سُو دور راکھی۔ اپر میون نے جات پات کو نظام بنا راکھو ہو سات جات ہی۔ لوگ کہواں ہاں کہ آریان نے آریا ملک چار جات بنائی (i) باہمن (ii) چھتری (iii) ویلشن اور (iv) شود۔ ای بات بالکل گلت ہے اور اتہاس کے کھلاپ (خلاف) ہے۔ تنک سوچو کہ آریا شمالی ہند سُو آیا ہا۔ کہا اُن کا علاقہ میں جات پات ہی؟۔ نہ ہی۔ جے نہ ہی تو پھر اُنن نے ایک دم بھارت ورش میں آکے کیسے سوچ پڑی کہ چار جات ہونی چاہاں؟۔ اصل بات ای اے کہ اُن سُو ہجارین برس پہلے یا دیس کی ایک دھرتی ملک میوات ہی۔ میو قوم بس ری ہی جانے اپنا سماج کا کام ایسے بٹا راکھا ہا کہ جندگی کی جھنجیر آپ ای آپ حرکت کرتی رہوے ہی۔ ایک پل کو بی نہ رُکے ہی، سب جاتن کو ان داتا ہو دھرتی کی چھاتی چیر کے انّ اُگاوے ہو اور اپنا گھر لے جان سُو پہلے پہر میں ای اپنا ٹہلوانْ گو اتیک دیوے ہو کہ وے سارے برس بے فکر ہو کے وا کی سیوا کرتا رہاں۔

(ii) باہمنْ! ای پنڈت بی ہو، پردیت بی ہو یا کو سب سُو بڈو کام ای ہو کہ میو بیٹا بیٹی کا پھبرا پاڑے ہو، بیاہ کی چھٹی لکھے ہو، بیاہ کی چھٹی آوے ہی تو واہے پڑھ کے اپنا ججمان کو سناوے ہو اور جے کوئی میو بچہ پڑھنو چاہے ہو تو واہے پڑھا بی دیوے ہا اپر ایسا شوقین میو بہت ای کم ہا، ہجارین میں کوئی ایک۔ وے پڑھائی اے کچھ نہ سمجھے ہا۔ موہے ایک بات یاد آ گی۔ انگریجی سکول میں ایک لمبڑدار کو چھورو اور ایک سیّد کو بیٹا پڑھ راہا۔ میٹرک کر کے میو نے بیٹو اُٹھا لیو اور جمیں دارا میں لگا دیو۔ سیّد کو بیٹا پڑھ کے بی اے کر گو اور بڈو افسر لگ گو۔ میو بیٹا اے یا بات کو پتو چلو تو اپنا باپ سُو گلہ کرو۔

''بابا! دیکھ سیدن کو بیٹا بی اے کر کے افسر بن گو جے تو موہے بی پڑھ لین دیتو تو آج میں بی اتیک ای بڈو افسر ہوتو''۔

باپ گُسا میں بولو:۔

''ارے اُو راجہ بی بن جاوے ناں تو رہے گو تو سیّد ای۔ کوئی میو تھوڑو بن جائے گو''۔

یعنی کے میو اپنے آگے کائی بی جات اے کچھ نہ سمجھے ہا۔ باہمن کی آدر جرور ہوا پر ایسی مانتا نہ ہی جیسی آریان کے ہاں۔ اُن کا تو راجہ بی باہمن کی صلا بگیر کچھ نہ کرے ہا۔ کوُلی جات کوئی کی ہی یا کو کام لتّا سینو ہو ای ایک بھولی بھالی قوم ہی۔ ایک بر ایک میو نے لتّا سلائی کا سولھے آنہ کائی کو دیا اب کوُلی گنتی لگے تو کدی وے پندرھے آنہ نکلاں اور کدی سترھے آنہ سولھے آنہ پورا نہ ہواں۔ جب کوُلی نے کئی بر وے گنا اور بات نہ بنْی تو ساتھ میں آئی گھر والی بولی:۔

''لامولو دکھا''

کوُلی نے وے آنہ گھر والی کو دے دیا گھر والی بی تو کولنْ ای وا پہ بی سولھے آنہ پورا نہ ہویا تو کوُلی نے ڈانٹ کے کہی:۔

''تو بی میری ای بہن نکلی''

ایسی سودی قوم ہی ای۔ ایک اور بات یاد آئی۔ کوُلی بارات لے کے جاراہا۔ میوات میں بارات سانج کو بدا ہووے ہی۔ گھر پہنچتے پہنچتے رات ہو جاوے ہی کوُلی بی رات کو چلا جب وے ریت کا میدان میں پہنچا تو چاندنا میں ریت چمک ری ہی ٹھٹک کے کھڑا ہو گا کہ آگے تو دریا اے ای کیسے پار کرو جاوے۔ ایک سیانْو بولو:۔

''لتّا نکال کے ہاتھن میں پکڑ لیو اور تیر کے پار اُتر جاؤ'' سبن نے لتّا نکال کے گھڑی باندھ کے اپنا اپنا ہاتھن میں پکڑ لی اور دریا میں کود گا۔ جا ہاتھ میں لتّا ہا اُو اونچو کر لیو کہ لتّا نہ بھیجاں اور ایک ہاتھ سُو تیرن لگا تیرتا کا اپنی ایسی تیسی میں پانی تو ہو ای ناں، ریت ہی اب ہٹ پیّان چلن لگا رگستے رگستے بھانک پھٹن لگ گی آگے ریت ہو۔ سب پکار اُٹھا کہ دریا پار ہو گو، کھڑا ہو ر لتّا پہر لیو۔ سب نے جھڑی جھڑی میں لتّا پہرا پھر وہی سیانْو بولو:۔

''چھوریٹ اُو گنتی تو کرو کوئی ڈوب تو نہ گیوا ے''

سبن کے گا دڑا دوڑ گا۔ پوچھی کہ ہم کتنا آدمی چلا ہا۔ نیائی کہ کل پندرھے ہا۔ سیانْو بولو سب قطار قطار بیٹھ جاؤ۔ میں گنتی کروں گو۔ سب بیٹھ گا۔

گنتی سروع ہوئی ایک ایک کا سِر پہ ہاتھ دھر تو جاوے۔ ایک، دو تین اور چودھے گنتی ختم۔ پیچھے چھ آدمی بیٹھا ہا بولو:۔

''لا مدا ایک آدمی کم ہے''

ایک جوان نے نگاہ ماری۔ آدمی تو سارا وہی آں پھر ڈوب کون گیو بولو:۔

''دادا تو بیٹھ میں گنوں''

دادا بیٹھ گو گنتی کری ایک، دو، تین .. چودھے ہیں واقعی ایک آدمی ڈوب گو اپر کون؟۔

ای سمجھ میں نہ آوے کہ سب پورا کھڑا ہاں پھر ڈوب کون گیو۔ اب برات جانو تو بھول گا مرن ہار کو بیٹھ کے رون لگ گا۔ میو ہل لے کے کھیتن کُو جارو ہو وا نے رونْو سنْو تو رُک گو۔ بیلن نے کھڑا کر کے اُن کے پیئے آیو اور پوچھی:۔

''کہا بنْی! جو دھیرے دھیرے ایں یا جنگل میں بیٹھ کے رورا اُو؟۔ رو کے بتائی کسان ہمارو ایک آدمی دریا میں ڈوب کے مر گو''۔

میو چونکو اور پوچھی کونسو دریا؟۔ اُن نے پاچھے کو اسارو کرو کہ رات ہین بہت بھاری دریا بہہ رو ہو۔

میو نے نگاہ ماری ریت پہ دور تک کائی افگرن کی سی لکیر کھنچی پڑی ہی۔ سمجھ گو کہ رات ای ریت چاندنا میں چمکو ہو تو ان نے دریا سمجھ لیو۔ پوچھی:۔

''تم گھر سُو کتیک آدمی چلا ہا؟''

کسان پورا پندرھے

میو نے آنکھ ای آنکھن میں گنا پورا پندرھے جنا ہا۔ بولو:۔

''جے میں تہارا آدمین نے پورا کر دوں تو کہا دیو گا؟''۔

''کسان جو تو کہے وائی اے دئیں گا''

اچھو تو ایسے کرو بیٹھ جاؤ میں تہاری ٹنیٹ پہ جُوت ماروں گو اور گنتی کروں گو جب تہارا پندرھے پورا ہو جاواں تو اُٹھ کھڑا ہو یو۔ وے خوشی خوشی بیٹھ گا۔ میو نے اپنْو جُوت نکالو اور گنتی سروع کری ایک، دو، تین اور پندرھے۔ کوئی تو پریسان ہو گو کہ بن بات سِرن میں جوت لگاہاں اپر کسان کو ایسان اے کہ آدمی پورا کر دیا۔

چوتھی جات کمہار ہی ای میو کو باسنْ بھانڈا نیاوے ہی بیاہ براتن اور کرنی میں ڈھومری بناوے ہی پانچویں جات چمار ہی۔ ای سانٹا، ڈول اور جوتی بناوے ہی۔ چھٹی جات چوہڑا کی ہی ای جھاڑو بوہارو اور گوبر روڑا کرے ہی۔ ساتویں جات میراسی کی ہی۔ یا کو کام گانو بجانو اور بیاہ کی چھٹی لے جانو ہو۔ یائی کے ساتھ دوسرو نائی ہووے ہو۔ نائی میراسی ایک ای جات مانی جاوے ہی۔ یا کو کام ہجامت بنانْو، چلم بھرنی اور چھوری کو بیاہ لے جانو اور کار کرنی میں کھانو پکانْو ہو۔ میون میں ایک گالی بہت بھاری اے ''ساتُو جات کورکی دھوون'' یعنی کہ سات جاتن کو میل کچیل''

(جاری اے)

> میوا پنے آگے کائی بی جات اے کچھ نہ سمجھے ہا۔ باہمن کی آدر جرور ہوا پر ایسی مانتا نہ ہی جیسی آریان کے ہاں ہی

> میو نے اپنْو جُوت نکالو اور گنتی سروع کری ایک، دو، تین اور پندرھے کئی پریسان ہو گا کہ بن بات سِرن میں جوت لگاہاں

شہیدِ اجمل خان میو اور انکی محنت کے اثرات!



میواتحاد کے بانی چیئرمین اجمل خاں میواور ان کے سینئر وائس چیئرمین معروف شاعر رشید میواتی کی شہادت کو بیس سال ہو چکے ہیں۔شہید اجمل خاں نے اپنی قوم کیلئے کس طرح کام کیا اور آج ہم کیا کررہے ہیں اس بارے میں شہید قائد کے کام اور

کراچی میں ٹیلی کمیونیکیشن کے فرض شناس آفیسر فضل خاں میو کے آنگن میں آنکھ کھولنے والے اجمل خاں میونے پی ٹی سی ایل کی معمولی ملازمت سے عملی زندگی کا آغاز کیا اور پھر ملازمت چھوڑ کر سٹام فروش بن گئے اور ان کی غریبوں کی بلاتفریق مدد کرنے، کھلانے پلانے اور تحفے تحائف دینے کی سوچ نے انہی اس بلندی پر پہنچا دیا کہ پیسے کی ریل پیل ہوگئی۔میں جتنے دن بھی ان کے قریب رہا ہمیشہ دیکھا کہ کسی بھی کام میں پیسے خرچ کئے بنا انہیں نیند ہی نہیں آتی تھی۔جب کراچی میں برادری کا درد رکھنے والے کچھ لوگوں کو ان کے میو ہونے کا پتہ چلا تو اجمل راجپوت کے نام سے جانے جانیوالے اجمل خاں میو کے ساحل سمندر پر واقع خضریٰ ریسٹورنٹ پر جا کر ملاقاتیں کیں اور طویل کوششوں کے بعد انہیں اپنی قوم کیلئے کام کرنے پر آمادہ کرکے میو سوشل ویلفیئر آرگنائزیشن کا سرپرست اعلیٰ بنا دیا لیکن جب انہیں معلوم ہوا کہ میو قوم صرف کراچی میں ہی نہیں سندھ اور پنجاب میں بھی بہت بڑی تعداد میں آباد ہے تو انہوں نے کراچی تک محدود نہ رہنے کا فیصلہ کرتے ہوئے 15 ستمبر 2001ء کو غوث پاک روڈ کورنگی میں بڑا جلسہ کرکے پاکستان میو اتحاد کے نام سے ملکی سطح کی تنظیم کی بنیاد رکھ دی۔

عادات ایسی ہوتی ہے جن کی تائید نہیں کی جاسکتی۔ شہید اجمل خاں کی بھی کچھ ایسی باتیں تھیں جن کا میں اوران کی سیکرٹری انجم بشیر کھل کر ان کے سامنے اظہار کرتے تھے اور یہ بھی اچھی طرح جانتے تھے کہ وہ اپنی جیب سے خرچ کر کے جو کچھ بھی کررہے ہیں اُس سے میو قوم کی شناخت ہر طبقے میں ہورہی ہے اس لئے کئی بار کی گرمی سردی کے بعد بھی ہم زیادہ دن ایک دوسرے سے دور نہیں رہتے تھے وہ الگ بات ہے کہ منانے میں ہمیشہ پہل ان کی طرف سے ہی کی جاتی تھی انکا یہ بڑا پن تھا جو بھاگنے نہیں دیتا تھا۔

حافظ سلمان طارق میو

پہلے برادری میں تین چار افراد ہی تھے جن کا سیاست میں نام سنا جاتا تھا اور ممبر اسمبلی بھی وہی منتخب ہوتے تھے لیکن آج ہر بڑی سیاسی پارٹی میں کسی نہ کسی سطح پر میو قوم کا نام موجود ہے اور ہر سیاسی لیڈر کو معلوم ہو چکا ہے کہ پاکستان میں بڑی تعداد میں میو قوم بھی آباد ہے اسی لئے بلدیاتی الیکشن ہوں، قومی یا صوبائی ہر پارٹی میں میو قوم کا نام ضرور زیر بحث آتا ہے وہ

شہید اجمل خاں میو کلفٹن کراچی میں میو کانفرنس کی تیاری کے سلسلے میں ہونیوالے اجلاس سے خطاب کررہے ہیں جبکہ تصویر میں نظر آنیوالے ان کے ساتھی رشید بھیا میو سابق ایم این اے، رمضان کارولیا اور عبدالشکور میو بھی اس دنیائے فانی سے کوچ کر چکے ہیں

تنظیمیں اس لئے بامقصد نہیں کہ شخصیت اور صلاحیت دیکھ کر ذمہ داری دینے کی بجائے عہدے کا معیار پیسہ بنا دیا گیا ہے اور پیسہ بھی ایسا جس سے اجتماعی کی بجائے ذاتی فائدہ اُٹھایا جاسکے اس کی بہت سی مثالیں دی جاسکتی ہیں۔کسی بھی تنظیم کا کوئی فرد اپنی تنظیم سے دور ہوتا ہوا نظر آئے تو اُسے سمجھانے کی بجائے دوسری تنظیمیں اُس کو عہدہ دے کر اپنا بنا لیتی ہیں۔اگر کسی تنظیم کے کرتا دھرتا کو راہ چلتے کوئی چائے بلا دے تو اُس کو تنظیم کا عہدہ دے کر پوسٹ چلا دی جاتی ہے عجب حال ہے شاید اسی لئے ہم سب کچھ ہونے کے باوجود کچھ بھی نہیں۔

سندھ میں پاکستان میو اتحاد اور پنجاب میں پاکستان صدائے میو فورم کے پلیٹ فورم سے بہت سے لوگ جڑے ہوئے ہیں اور اسلام آباد کی برادری میو ویلفیئر ایسوسی ایشن سے وابستہ ہے لیکن ہر جگہ کے کچھ لوگ ان کے کام کو سراہنے کی بجائے انہیں کمزور کرنے کی کوششوں میں لگے ہوئے ہیں۔میو برادری کے گھر گھر میں مسائل جنم لے رہے ہیں، رشتے داریاں دشمنی میں تبدیل ہورہی ہیں، بھائی بھائی کا دشمن بن چکا ہے، جہیز کیخلاف باتیں کرنے والے ہی اس برائی میں اضافہ کرنے میں مصروف ہیں اور قوم کو

رکھا جاتا ہے اور ہماری درخواست پر ملک بھر میں بہت سارے لوگ خاص طور پر پرائیویٹ سکولوں میں قرآن خوانی اور دعائیہ تقریبات کی جاتی ہیں۔باقی تنظیموں کی تو بات چھوڑیں میو اتحاد والے بھی اس موقع پر اپنی موجودگی کا احساس نہیں دلاتے صرف

کسی بھی نام سے کام کرنے کی جہاں جہاں بھی کوشش کی جارہی ہے یہ سب شہید اجمل کی محنت اور پیدا کردہ بیداری کا نتیجہ ہے

آج ہر بڑی سیاسی پارٹی میں میو قوم کی نمائندگی موجود ہے اور سیاسی لیڈروں کو معلوم ہے کہ پاکستان میں بڑی تعداد میں میو قوم آباد ہے

موجودہ حالات کے بارے میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔میری باتیں اکثر لوگوں کو ناگوار گزرتی ہیں کیونکہ ہمیں حقیقت کی بجائے مصنوعی دنیا اچھی لگنے لگی ہے۔سوشل میڈیا کی وجہ سے جس طرح ہمارا میل ملاپ کمزور پڑ گیا ہے اسی طرح ہم باہر نکل کر کچھ کرنے کی بجائے گرم سرد بستر میں بیٹھ کر ہی خود کو قوم کا ہیرو ثابت کرنے کی کوششیں کرنے میں مصروف ہو چکے ہیں۔میں 15 ستمبر 2002ء سے پہلے بھی میرا عزم، عزم جواں اور شاہین نارووال کے نام سے اخبار شائع کرتا رہا اور بڑے بڑے قومی اخبارات اور ڈائجسٹ میں بھی سالہا سال کام کیا لیکن بغیر کسی مفاد کے اپنی قوم کیلئے کام کرنے میں جو تسکین پائی وہ پرکشش تنخواہوں میں بھی نہیں تھی وہ الگ بات ہے کہ اپنوں کیلئے اپنوں کے ساتھ کام کرنے میں بہت سے لوگوں کی فضول باتوں کا دن رات سامنا کرنا پڑتا ہے ہر کسی کو لیڈر بننے اور من مرضی کرنے کا شوق ہے کوئی یہ سمجھنے کیلئے تیار نہیں کہ اصل عزت عجز وانکساری میں پوشیدہ ہے۔عزت کسی کو برا بھلا کہنے سے نہیں عزت دینے سے ملتی ہے۔

13 جولائی 1955ء کو پی اینڈ ٹی کالونی

میو سکر ٹریٹ کراچی میں میو قوم کی دو نامور اور قابل فخر شخصیات شہید اجمل خاں اور سردار طفیل خاں میو

ویلفیئر آرگنائزیشن، لاہور میں انجمن اتحاد و ترقی میوات، اسلام آباد میں میو ویلفیئر ایسوسی ایشن، گوجرانوالہ میں میو فاؤنڈیشن اور ملتان میں میو ویلفیئر کے نام سے تنظیمیں بنی ہوئی تھیں اور حیدرآباد میں بھی میو ویلفیئر تنظیم کے نام سے کام ہورہا تھا لیکن شہید

شہدائے میوات اجمل خاں میو اور رشید میواتی وزیر آباد کے پروگرام کے آخر میں دعا کرتے ہوئے

اجمل خاں نے جس انداز اور تیزی سے کام شروع کیا اس کی وجہ سے سوائے میو ویلفیئر ایسوسی ایشن اور میو فاؤنڈیشن کے سب ہی غیر فعال ہو کر رہ گئیں۔ 14 اگست 2003ء میں مینار پاکستان پر ہونیوالی میو کانفرنس کے بعد تو اسلام آباد کی تنظیم کے علاوہ سب ہی دم توڑتی چلی گئیں البتہ کراچی کی میو ویلفیئر کے صدر عبدالغفار میو (مرحوم) اجمل صاحب کی مخالفت میں ضرور سرگرم رہے۔2004ء میں وہ بھی دم توڑ گئی

اجمل خاں میو کی شہادت کے کچھ عرصہ بعد ہی میو اتحاد غیر فعال ہوا تو شہر شہر تنظیمیں بننے لگیں کسی نے کوئی کام کیا یا نہیں یہ الگ بحث ہے مگر برادری کیلئے کسی بھی نام سے کام کرنے کی جہاں جہاں بھی کوشش کی جارہی ہے یہ سب شہید میوات کی محنت اور پیدا کردہ بیداری کا ہی نتیجہ ہے۔ہر بندے میں کچھ

الگ بات ہے کہ ابھی تک ہماری قوم کے سیاسی لیڈر اپنا حق حاصل کرنے میں کامیاب نہیں ہوسکے اس کی وجہ کوئی اور نہیں وہ خود ہی ہیں کیونکہ ایک دوسرے کے ساتھ کھڑا ہونے کی بجائے آپس میں الجھنے لگتے ہیں جس کا فائدہ وہ لوگ اُٹھا لیتے ہیں جن کی حلقے میں میو قوم کے بغیر کوئی حیثیت نہیں ہوتی۔

میو تنظیمات کونسل کی کوششوں سے نادرا اور محکمہ شماریات میں میو قوم کی رجسٹریشن ہو چکی ہے ملک بھر میں دو درجن تنظیمیں بھی کام کررہی ہیں۔ سوشل میڈیا کو دیکھیں تو یوں محسوس ہوتا ہے جیسے سوشل میڈیا ہے ہی میو قوم کا، جلسے جلوس، بڑے بڑے پروگرامز بھی ہوتے رہتے ہیں اور سرمائے کے بھی کوئی کمی نہیں لیکن وہ جذبہ اور جوش کہیں دکھائی نہیں دیتا جو شہید اجمل خاں میو کے دور میں تھا اس کی وجہ بھی سبھی جانتے ہیں کہ آج پوری قوم میں شہید اجمل خاں جیسا ایسا ایک بھی لیڈر موجود نہیں جو اپنی جیب کو آگ لگا سکے۔معمولی کام بھی کرنا ہو تو سب ایک دوسرے کی طرف دیکھتے ہیں کسی میں اتنا حوصلہ نہیں کہ اجتماعی کاموں کیلئے انفرادی طور پر خرچہ کرنے کا حوصلہ رکھتا ہو۔البتہ سیاست اور انفرادی نمود و نمائش کیلئے خرچ کرنے والے بہت ہیں۔

پاکستان میں ہماری واحد قوم ہے جو ایک خاندان کی مانند ہے پھر بھی سسٹم نام کی کوئی چیز نہیں ہر ایک کا اول و آخر مقصد دوسرے کے نیچا دکھانا ہے

متحد کرنے کی باتیں کرنے والے انتشار کا سبب بن رہے ہیں یہی وجہ ہے کہ قوم کے سنجیدہ لوگ تنظیموں کے قریب آنے کیلئے تیار نہیں ان حالات میں کوئی کیا کرے اور کہاں جا کر بیٹھے، ہم کس کو سنائیں اور کس کے سامنے روئیں ہر طرف ”رام رام ستّے“ کی ہی



شہید اجمل خاں میو الحمرا ہال لاہور میں اپنی زندگی کے آخری پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے

آوازیں ہیں ان آوازوں کے سامنے ہاتھ جوڑ کر ہی کھڑے ہوسکتے ہیں۔

آخر میں ایک بات کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ صدائے میو کی طرف سے ہر سال شہید اجمل خاں میو اور شہید رشید میواتی کی برسی کے موقع پر جنوری کے آخری ہفتہ میں ہفتہ شہدائے میوات یا عشرہ دعا منایا جاتا ہے اور بار بار یاد دلایا جاتا ہے کہ پوری قوم ملک و قوم کیلئے جام شہادت نوش کرنے والے قابل فخر میو شہدا کیلئے قرآن خوانی اور دعائیہ تقریبات کا اہتمام کریں لیکن ایک بھی مثال ایسی نہیں ملتی کی بے مقصد باتوں پر دن رات پوسٹیں چلانے والوں نے کبھی اس سلسلے میں ایک بھی پوسٹ چلائی ہو۔شہید اجمل خاں میو صدائے میو فورم کے چیئرمین تو نہیں تھے لیکن پھر بھی ہمیشہ اسی کے پلیٹ فارم سے قوم کے شہدا کو یاد

سندھ میں کبھی کبھی کوئی پروگرام کر لیا جاتا ہے۔جو قوم اور اس کی تنظیمیں غیر متنازع معاملے میں بھی ایک ہونے کو تیار نہیں وہ اپنی قوم میں کیا بھائی چارہ پیدا کریں گی اور کیا مسائل حل کئے جائیں گے اس لئے ہم تو یہی کہہ سکتے ہیں کہ لگے رہیں شاید ایک نہ ایک دن قوم ہماری سوچ سے تنگ آکر خود غرض لوگوں سے الگ ہو کر اجتماعی مفاد میں کچھ کرنے کی سوچ لے اور انشاء اللہ آج نہیں تو کل قوم کے نوجوان ایسا فیصلہ ضرور کرینگے جس سے میو برادری ایک قوم بن کر سامنے آسکے۔

میں ذاتی طور پر ان تمام بہن بھائیوں کا تہہ دل سے مشکور ہوں جنہوں نے ہماری درخواست پر 23 جنوری تا 29 جنوری منائے گئے ہفتہ شہدائے میوات کے دوران اپنی قوم کے قابل فخر میو شہداء کیلئے قرآن خوانی اور دعائیہ تقریبات کیں۔امید ہے برادری دوسری تنظیمیں خاص طور پر پاکستان میو اتحاد کے قائدین بھی اس معاملے میں اپنے رویئہ پر غور کر کے آئندہ سال سے اس سلسلے کا باقاعدہ حصہ ضرور بنیں گے جس سے کسی کا کوئی ذاتی مفاد نہیں اور نہ ہی مالی فوائد حاصل ہوسکتے ہیں۔دعا ہے اللہ تعالیٰ ہمیں حسد، بغض اور خود غرضی کی بیماری سے بچائے۔

شجاع آباد کے پروگرام میں راقم کی شہید میوات اجمل خاں میو سے مشاورت کی تصویر

بشر بن حارث! بشر حافی (ننگے پاؤں والا) کیسے بنا؟

توبہ کرنے سے پہلے شراب کا کاروبار کیا کرتے، مختلف شہروں میں کارخانے چلتے جہاں کثرت سے شراب کشید کی جاتی تھی، شراب کی تجارت سے انہوں نے لاکھوں کا نفع حاصل کیا، شراب نوشی اور شراب خوری سے ان کے دل سے خوفِ خدا بالکل محو ہو چکا تھا۔ایک دن شراب کے کارخانے میں جارہے تھے کہ راستے میں کاغذ کا ایک ٹکڑا دیکھا اٹھایا اور پڑھا تو اس پر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھا ہوا تھا۔ دل میں خیال آیا میں تو اس شان وشوکت سے رہوں کہ نوکر چاکر محلات کارخانے میرے تابع ہیں اور یہ پاک نام قدموں کے نیچے ہو۔اس کاغذ کو گھر لے گئے عطر وخوشبو لگا کر بلند مقام پر رکھ کر کہا: ''تیرا مقام وہ نہیں تھا بلکہ یہ ہے۔''

اللہ تعالیٰ کو آپ کا یہ عمل بہت پسند آیا۔

بیشک وہ اللہ تعالیٰ تو رحیم وکریم ہے آدمی ایک بار کیے ہوئے وعدے پر پشیمان ہو کر آئندہ نہ کرنے کا عہد کر کے اس کی بارگاہ میں جھک جائے تو اس کے آنسوؤں کا ایک قطرہ تمام زندگی کے گناہوں کو دھو کے لئے کافی ہے۔توبہ کے بعد آپ حافی (ننگے پاؤں والا) مشہور ہوئے۔جب لوگوں نے آپ سے ننگے پاؤں چلنے کی وجہ پوچھی تو فرمایا:

''توبہ کے وقت ننگے پاؤں تھا اب مجھے جوتا پہنتے ہوئے شرم آتی ہے۔''

حضرت امام احمد بن حنبل رحمت اللہ علیہ فرمایا کرتے:

''لوگو! جس اللہ کو احمد بن حنبل مانتا ہے بشر حافی اُسے پہچانتا ہے۔''

حضرت بشر حافی رحمۃ اللہ علیہ اسم گرامی بشر بن حارث، کنیت ابونصر، لقب حافی تھا۔آپ 150 ہجری بمطابق 769 عیسوی کو ''مرو'' میں پیدا ہوئے (مرو قدیم خراسان کی ریاستوں میں سے ایک بڑی ریاست کا نام ہے جو اب ''ترکمانستان'' کا ایک شہر ہے۔سلجوق دور (431 ہجری تا 682 ہجری) میں عالم اسلام کا ایک متمدن شہر تھا جس میں بہت سے مسلمان علماء فضلاء اور محققین پیدا ہوئے۔ منگولوں نے اس کی اینٹ سے اینٹ بجادی تھی۔ آپ نے زندگی بغداد میں گذاری۔

حضرت بشر حافی رحمۃ اللہ علیہ عالی مرتبت اولیاء میں سے ہیں۔آپ علومِ اصول کے زبردست عالم، کشف وکرامات اور مجاہدہ وریاضت میں کامل دسترس رکھتے تھے۔کسی نے خود حضرت بشر حافی رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا:

''جی! آپ ننگے پاؤں کیوں چلتے ہیں؟''

آپ جواب میں کہنے لگے:

''جب میں نے سچی توبہ کی اس وقت میرے پاؤں میں کچھ نہیں تھا''۔ میں نے قرآن مجید میں پڑھا کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ''اور ہم نے زمین کو فرش بنایا۔'' اب جس زمین کو شہنشاہِ حقیقی نے فرش بنایا اس فرش پر جوتے کے ساتھ چلتے ہوئے مجھے حیا آتی ہے۔ میں اللہ کے بنائے ہوئے فرش پر جوتے کے ساتھ کیسے چلوں۔''

اللہ تعالیٰ سے ان کی محبت کا یہ عالم تھا کہ آپ وہ برگزیدہ ہستی ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنی طرف کھینچا جن کے لیے محبوب نے اپنی طرف آنے کا راستہ ہموار کردیا۔

حضرت بشر حافی رحمۃ اللہ علیہ کی توبہ کا واقعہ کی مختلف روایات ہیں۔ایک روایت کے مطابق: حضرت بشر حافی رحمۃ اللہ علیہ شراب خانے میں تھے اور جوتا اتار کر ابھی بیٹھے ہی تھے کہ کسی نے دروازے پر دستک دی تو حضرت بشر حافی رحمۃ اللہ علیہ نے پوچھا کون ہے؟ اور دستک دینے والے سے کہا یہ وقت ملاقات کا نہیں پھر کسی وقت آنا دستک دینے والے نے کہا:

'' بشر کو کہو کہ میں اللّٰہ تعالیٰ کا قاصد ہوں اور اُس کا سلام لیکر آپ کی خدمت میں آیا ہوں۔''

حضرت بشر حافی رحمۃ اللہ علیہ نے جب یہ سنا تو دل کی دنیا ہی بدل گئی فرمانے لگے:

''میں نے تمام عمر نافرمانی کی اور صرف ایک کاغذ جس پر اللہ تعالیٰ کا نام لکھا تھا اُٹھایا اور بلند مقام پر رکھا تو اللّٰہ تعالیٰ نے سلام بھیجا ہے اگر عمر اس کی یاد میں گزرتی تو اس کا فضل وکرم کتنا عظیم ہوتا۔''

یہ سوچا اور ننگے پاؤں دروازے کی طرف دوڑے اللہ تعالیٰ کا وہ قاصد جو اسی علاقے کا ایک ولی کامل تھا اس نے بڑھ کر حضرت بشر حافی رحمۃ اللہ علیہ کو سینے سے لگا لیا پھر حضرت بشر حافی رحمۃ اللہ علیہ نے تمام شراب خانوں کو آگ لگادی اور سچے دل سے اپنے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں توبہ کی۔اللہ تعالیٰ نے حضرت بشر حافی رحمۃ اللہ علیہ کو ولی بنادیا پھر حضرت بشر حافی رحمۃ اللہ علیہ نے ساری زندگی پاؤں میں جوتا نہیں پہنا ننگے پاؤں رہتے تھے۔حافی عربی زبان میں ننگے پاؤں والے کو کہتے ہیں۔

دوسری روایت کے مطابق حضرت بشر حافی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت امام کاظم رحمۃ اللہ علیہ کے کلام سے متاثر ہو کر توبہ کی۔اپنی جوانی کے ایام میں وہ بغداد میں لہو ولعب میں مشغول رہتا تھا۔ایک دفعہ حضرت امام کاظم رحمۃ اللہ علیہ ان کے گھر کے قریب سے گزر رہے تھے۔اس موقع پر اس کے گھر کے اندر سے ناچ گانے کی آوازیں آرہی تھی۔حضرت امام کاظم رحمۃ اللہ علیہ نے ان کے گھر سے باہر آنے والی ایک کنیز سے پوچھا:

آئینہ اعجاز
اعجاز خاں میو
(سیہو وال پسرور)
0301-6320334
ejazmeo68@yahoo.com

''اس گھر کا مالک آزاد شخص ہے یا غلام؟''

کنیز نے جواب دیا:

''وہ ایک آزاد شخص ہے۔''

امام صاحبؒ نے فرمایا:

''تم ٹھیک کہتی ہو! اگر یہ غلام ہوتا تو اپنے آقا (یعنی مالک حقیقی) سے خوف کھاتا۔''

جب کنیز گھر میں داخل ہوئی تو اس نے حضرت امام کاظم رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ ہونے والی ملاقات کا حال بیان کیا (وہ کنیز امام کو نہیں پہچانتی تھی) اور امام کا جملہ دہرایا۔حضرت بشر رحمۃ اللہ علیہ پر اس کلام کا بہت گہرا اثر پڑا اور وہ ننگے پاؤں گھر سے باہر آیا اور حضرت امام کاظم رحمۃ اللہ علیہ کے پیچھے ننگے پاؤں بھاگتا چلا گیا اور امام سے ملاقات کی اور آپ سے ہونے والی گفتگو کے نتیجے میں اس نے اپنے غلط کاموں سے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے توبہ کرلی۔

حضرت بشر حافی رحمۃ اللہ علیہ کی ساری زندگی یادِ الٰہی میں گزری آپ رحمۃ اللہ علیہ راتوں کو اتنا طویل قیام فرماتے تھے کہ تھک کر گر جاتے تھے پاؤں پر ورم آجاتا اور پھٹ کر خون بہنا شروع ہو جاتا تھا مگر آپ رحمۃ اللہ علیہ نہایت اطمینان سے عبادتِ الٰہی میں مصروف رہتے تھے۔

منقول ہے کہ جب تک آپ زندہ رہے کسی چوپائے نے بغداد کے راستے میں گوبر نہیں کیا۔اس حرمت کی وجہ سے کہ آپ ہمیشہ ننگے پاؤں رہتے تھے۔ایک دن کسی آدمی کے ایک چوپائے نے راستے میں گوبر کردیا۔شور ہوا کہ آج بشر عالم سے اٹھ گیا۔جب تحقیق کی گئی، تو معلوم ہوا کہ ٹھیک تھا۔

کہا جاتا ہے کہ حضرت امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ اکثر آپؒ کی خدمت میں آیا کرتے تھے۔چنانچہ آپ رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد کہتے کہ اس کے باوجود کہ علم، فقہ، حدیث اور اجتہاد میں آپ کی نظیر نہیں ملتی ایک دیوانے کے پاس آپ کا جانا سمجھ سے بالاتر ہے اور یہ امر آپ کی شان کے خلاف ہے۔حضرت امام احمد بن حنبلؒ نے فرمایا:

''تمہاری نسبت میں اپنے علم کو زیادہ جانتا ہوں لیکن حضرت بشر حافی رحمۃ اللہ علیہ اللہ تعالیٰ کو مجھ سے بہتر جانتے ہیں۔'' جو بندہ اپنے اللہ تعالیٰ کے اتنا قریب ہو جائے اللہ تعالیٰ کا مُقرب بندہ بن جائے اس بندہ کو ولی اللہ کہتے ہیں۔

حضرت بشر حافی کا انتقال 11 ربیع الاول 227 ہجری مطابق 28 دسمبر 841ء کو بغداد میں ہوا۔آپ کا انتقال ہوا تو تمام محدثین کو انتہائی رنج ہوا۔آپ کا جب وصال ہوا تو آپ کے مکان سے جنّوں کے رونے کی آواز لوگوں نے سنی۔

حضرت امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے آپ کی موت کی خبر سن کر فرمایا:

''انہوں نے اپنی مثال نہیں چھوڑی۔''

حضرت شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ، حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ، حضرت فضیل بن عیاض رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت بشر حافی رحمۃ اللہ علیہ کی ابن تیمیہ نے بہت تعریف کی اور ان کا نام رکھا:

''متصوفۃ علی طریقۃ اہل السنۃ۔''

حضرت بشر حافی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کی عالم رویا میں زیارت کی۔آپ ﷺ نے فرمایا:

''اے بشر! کیا تو جانتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تیرے ہم عصروں پر تجھے کیوں رفعت دی؟''

میں نے عرض کی:

''یارسول اللہ ﷺ! میں نے نہیں جانا۔''

آپ ﷺ نے فرمایا:

''میری سنت کی اتباع کے سبب اور صالحین کی خدمت اور برادران اسلام کو نصیحت کرنے کے سبب اور میرے اصحاب واہل بیت کی محبت کے سبب اللہ تعالیٰ نے تجھے پاک لوگوں کے مرتبہ میں پہنچایا۔'' (الرسالۃ القشیریۃ)

حضرت بشر حافی رحمۃ اللہ علیہ کے انتقال کے بعد ایک اللہ والے نے خواب میں دیکھا اور پوچھا:

''اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا معاملہ فرمایا؟''

فرمایا:

''مجھے میرے مالک نے بخش دیا اور فرمایا کہ اے بشر! کیا تجھے مجھ سے شرم نہیں آتی کہ تو مجھ سے اس قدر ڈرتا ہے۔(احیاء علوم الدین غزالی)

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے:

''جس دن سب کے جنازے اُٹھیں گے حق وباطل کی بات واضح ہوجائے گی۔''

منقول ہے کہ جب امام احمد بن حنبل کا جنازہ اٹھا 13 لاکھ افراد آپ کے جنازے میں شریک تھے اور جس دن بشر الحافی رحمۃ اللہ علیہ کا جنازہ اٹھا، نماز فجر کی ادائیگی کے بعد جنازہ روانہ ہوا عشاء کے بعد قبرستان پہنچے حالانکہ اس زمانے میں قبرستان آبادی سے زیادہ دور بھی نہ ہوتے تھے۔

حضرات امام احمد بن حنبل، امام یحیٰی بن معین، امام ابن عیینہ، کل آئمہ رحمہ اللہ عنہم جن کے ناموں سے بخاری، مسلم اور دیگر کتب صحاح ستہ بھری پڑی ہیں۔ وہ سب امام سارا دن حضرت بشر الحافی کے جنازے کو کندھے دینے کے لئے دیوانہ وار بھاگتے ہوئے نظر آئے۔اس سے آئمہ حدیث کی امام ولایت حضرت بشر الحافی رحمۃ اللہ سے اور دیگر آئمہ تصوف وولایت سے عقیدت کی جھلک نظر آتی ہے۔(واللہ اعلم)

☆☆☆

موثر تعلیمی اصول

کہیں آپ غلط سمت میں تو نہیں بھاگ رہے؟



آپ کہیں ایسے طالب علموں میں سے تو نہیں جو پڑھتے ہوئے کتاب کی ایک ایک لائن رٹنا اپنے لئے فرض عین سمجھتے ہیں جو چیپٹر کی پہلی لائن سے پڑھنا شروع کرتے ہیں، ہر لائن کا رٹا لگاتے ہوئے چیپٹر کی آخری لائن پر پہنچ کر ہی دم لیتے ہیں۔آپ کے سامنے ہمیشہ بے شمار چیزیں یاد کرنے کا انبار لگا رہتا ہے۔آپ فوراً چیزیں بھولتے جاتے ہیں۔ایگزام کے آخری دنوں میں پڑھنے کیلئے اتنا کچھ ہوتا ہے کہ آپ سے سلیبس کور نہیں ہو رہا ہوتا اور آپ شدید ذہنی دباؤ کا شکار ہوتے ہیں اور اس دباؤ کی وجہ سے آپ کی جسمانی اور ذہنی صحت پر بھی اثر پڑتا ہے جس کی بنا پر پڑھنا شدید بوجھ لگنے لگتا ہے۔اگر آپ ایسے ہیں تو بے فکر رہئیے آپ اکیلے ایسے نہیں ہیں اسّی فیصد طالب علم اسی اپروچ سے پڑھتے ہیں کامیابی یہ نہیں کہ آپ اندھا دھند، تیز تیز ہر سمت میں بھاگنا شروع کردیں۔کامیابی یہ ہے کہ درست سمت کا تعین کر کے مستقل مزاجی سے ایک سمت کی طرف چلنا شروع کریں۔

ہم ایسا کیوں کرتے ہیں؟

بچپن سے ہمارے پڑھنے کی یہی تربیت ہوتی ہے، ہمیں تمام چیپٹر پڑھائے جاتے ہیں، شروع سے لے کر آخر تک ہر لائن پڑھائی جاتی ہے۔یہ چیزیں ہمارے لاشعور کا حصہ بن جاتی ہیں۔ہم ہر کتاب کو لے کر یہی سوچتے ہیں کہ پڑھنے کا مطلب شروع سے لے کر آخر تک ہر چیز رٹنا مگر جب ہم بڑی کلاسز میں آتے ہیں، مقابلے کے امتحان دے رہے ہوتے ہیں تب بھی ہم اسی اپروچ کو لے کر خود پر جبر کرتے رہتے ہیں۔یہ چیز نہ صرف مستقل ذہنی دباؤ میں رکھتی ہے بلکہ اکثر اوقات ہمارے نمبر بھی خاطر خواہ نہیں آپاتے۔

درست سمت پڑھنے کیلئے ذہن میں رکھیں!

یہ بات ذہن میں راسخ کرلیں کہ پڑھنے کی ہر چیز مساوی اہم نہیں ہوتی۔اہم اور غیر اہم کے درمیان فرق جاننا سب سے زیادہ اہم ہے۔جتنا اہم یہ ہے کہ کیا پڑھنا ہے اس سے زیادہ اہم یہ ہے کہ کیا نہیں پڑھنا، کس کو زیادہ توجہ دینی ہے، کس کو کم اور کس کو بالکل ہی توجہ نہیں دینی۔درست سمت میں چلنے کا مطلب یہی ہے کہ سب سے پہلے اہم پورشن کو کور کریں اور غیر اہم کو چھوڑتے جائیں۔ہر سمت میں اندھا دُھند بھاگنے کا مطلب یہ ہے کہ ایک ایک چیز اہم غیر اہم سب کو

فصیلِ اُمید
ڈاکٹر فیصل سعید میو
شجاع آباد
0300-0692466

برابر وقت اور توجہ دے کر رٹتے جائیں جو آپ کو آپ کی محنت کے برابر فائدہ نہیں دے سکتا۔

غیر اہم کو اہم کے برابر توجہ دے رہیں تو؟

اگر آپ غیر اہم ٹاپکس کو بھی اتنا ہی وقت اور توجہ دے رہے ہیں جتنا اہم کو تو جان لیجئے آپ میچ شروع ہونے سے پہلے ہی ہار چکے ہیں۔آپ اپنے مقابل سے پہلے ہی پیچھے رہ گئے۔سمارٹ ورک یہی ہے کہ پہلے تسلی سے دیکھیں کہ کونسا ٹاپک، کونسا حصہ زیادہ اہم ہے، کونسا کم اہم ہے، کونسا بالکل بے کار ہے اس کے بعد درست سمت کو سمجھتے ہوئے اپنا سارا ہارڈ ورک اہم ترین چیزیں کرنے میں صرف کردیں۔

ہر چیز پڑھے بغیر تسلّی نہیں ہوتی تو کیا کروں؟

بچپن میں ہونے والی ذہن سازی کی وجہ سے چاہتے نہ چاہتے سب پڑھو اپروچ ہم سے چپکی ہوتی ہے آپ اپنے ذہن کو بتائیں اور سمجھائیں کہ ہم پڑھیں گے سب مگر ترتیب بدل کر۔پہلے چیپٹر کے سارے اہم ٹاپکس پڑھیں (غیر اہم کو اسکپ کرتے جائیں) پھر درمیانے اہم ٹاپکس پڑھیں گے اگر ٹائم بچ گیا تو غیر اہم بھی سرسری دیکھ لیں (ٹائم شاذونادر ہی بچے گا اور آپ دوسرے چیپٹر کے اہم ترین کرنا شروع کردیں گے)

چالیس، تیس، تیس کا اصول:

اکانومی کی دنیا کا ایک ہی اصول ہے اسّی بیس کا اصول (پیریٹو پرنسپل) یہ کہتا ہے کہ صرف بیس فیصد چیزیں ہی آپ کو اسّی فی صد نتائج دیتی ہیں۔باقی اسّی فیصد چیزیں آپکو صرف بیس فیصد نتائج دیتی ہیں اس اصول کو اگر ہم پڑھائی میں دیکھیں تو صرف بیس فیصد ٹاپکس ہی اسّی فیصد ایگزامز میں پوچھے جاتے ہیں اس لئے ہمیں زیادہ توجہ ان بیس فیصد چیزوں کو ڈھونڈ کر تیار کرنے میں صرف کرنی چاہئیں۔آپ اپنے سلیبس کی تیاری میں چالیس، تیس، تیس کے فارمولے کو استعمال کریں۔

حاصل کلام!

اہم میں غیر اہم کا فرق جاننا سب سے اہم ہے۔ہر چیز پڑھنے کے چکر میں اہم چیزیں نہیں چھوڑنی چاہئیں۔ہر سمت میں بھاگنے کی بجائے تسلّی سے درست سمت کا تعین کر کے پروقار طریقے سے اس کی طرف چلنا چاہئے۔اہم پڑھ کر پڑھائی میں سکون لاؤ، اہم پورشن میں ماسٹری حاصل کرو، بے وجہ کے خوف اور ذہنی دباؤ سے بچو۔زیادہ یاد بھی رکھ پاؤ گے انشاء اللہ زیادہ نمبر لینے میں کامیاب ہوجاؤ گے۔

☆☆☆☆☆

ایمانداری ہمارا نصب العین
کوالٹی میں نمبر ون
کرم اللہ
پٹرولیم
TOTAL
کانا کاچھا فلائی اوور نیو ڈیفنس روڈ
لاہور
چیف ایگزیکٹو
حاجی نیاز خاں باگھوڑیا
0300-8463844

شہید اجمل خاں میو
کی برسی کے موقع
پر منائے جانیوالے
ہفتہ شہدائے میوات
کے دوران جن جن بھائیوں اور تنظیموں نے
پاکستان صدائے میو کی اپیل پر قرآن خوانی
یادعائیہ تقریبات کا اہتمام کیا ہم ان کے
شکر گزار
ہیں
منجانب
چوہدری
نعیم حنیف میو
ایڈووکیٹ
مرکزی صدر
پاکستان صدائے میو فورم

Majeed & Sons
evee
Follow us
eveewahdatroad
ایوی الیکٹرک سکوٹر
گرین کریڈٹ پروگرام سے
1 لاکھ تک کی سبسڈی
فری ہوم سروس
☆ایک چارج میں 70 سے
90 کلومیٹر مسافت
اسلامک انسٹالمنٹ پلان
پاکستان میں سب سے زیادہ سیل ہونیوالا برانڈ
مجید اینڈ سنز
وحدت روڈ نقشہ سٹاپ مسلم ٹاؤن لاہور
★پٹرول سے آزادی
★انجن آئل نہ ٹیوننگ کی ضرورت
★ٹیوب لیس ٹائر الائے رم
★سکیورٹی الائے رم سسٹم
★Led لائٹ + ڈیجیٹل میٹر
★آواز کے بغیر + نہ کلچ نہ گیر
★1½ سے 2 یونٹ میں فل چارج
میو بھائیوں کے لئے
خصوصی ڈسکاؤنٹ
حافظ محمد نعمان مجید میو
(CEO)
0333-4345985

4 مرلہ
تمام تر سہولیات سے آراستہ رہائشی سکیم
7 مرلہ
3 مرلہ
5 مرلہ
نیو
آبادی سرائچ
صوئے آصل سے صرف 5 کلومیٹر جانب سرائچ
چیف ایگزیکٹو
چوہدری نوید سرفراز
0300-4870945
ہیڈ آفس
جلکے سٹاپ مین فیروز پور روڈ لاہور

EVA,PU,PCU اور سکول شوز کی تمام ورائٹی ہول سیل ریٹ پر دستیاب ہیں
طارق شوز
ہول سیل پوائنٹ شوروم
عاطف ندیم
0315-8535755
طارق محمود میو
0301-4846133
بالمقابل پٹرولنگ پولیس چیک پوسٹ نزد مصطفےٰ آباد (للیانی) نہر

100%
قدرتی، خالص اور جنگلی
SHAMMAAS HONEY
مختلف اعلیٰ اقسام کا
شہد دستیاب ہے
شمّاس
مکس
اچار
عجوہ کھجور
شمّاس شہد مرکز
صرف کاروباری اور ڈسٹری بیوٹر رابطہ کریں
زوم پٹرول پمپ مین رائیونڈ روڈ قصور
چیف ایگزیکٹو
محمد سرور خاں میو
0333-4921386

ہم 14 فروری کو رحمت پارک لاہور میں ہونیوالی
اجتماعی شادی
میں آنیوالے مہمانوں اور باراتیوں کو
خوش آمدید
کہتے ہیں
چوہدری
سعید اقبال میو
سینئر نائب صدر
پاکستان صدائے میو فورم ضلع لاہور

ٹنڈوالہیار اور گردونواح میں
مکانات، پلازے اور معیاری و پائیدار مارکیٹوں
کی کنسٹرکشن کیلئے ہماری خدمات حاصل کریں
ٹنڈوالہیار کا جانا پہچانا نام
ٹھیکیدار
محمد رمضان میو
جنرل کونسلر
نائب صدر
پاکستان میو اتحاد سندھ
0300-3087297

خاموش موت، والدین کی غفلت

معزز قارئین کرام! آج کل سوشل میڈیا پر لاہور کی ایک یونیورسٹی میں پیش آنیوالے دو افسوسناک واقعات زیر بحث ہیں جن میں ایک طالب علم اور ایک طالبہ کی اموات شامل ہیں۔سب سے پہلے میں اپنے معزز قارئین کی توجہ ایک نہایت سنگین اور سنجیدہ حقیقت کی طرف مبذول کرانا چاہوں گی کہ کیا یہ محض دو طلبہ کی موت ہے؟ یا پھر مجھ سمیت پورے معاشرے کی موت ہے؟۔کیا ایسا ممکن نہ ہوسکا کہ ان بچوں کیلئے کوئی اُمید بن جاتا یا ان کے مسائل کا کوئی حل سامنے آتا؟۔کیا اُن کیلئے ہم تک پہنچنا مشکل تھا یا پھر ہم بطور معاشرہ اس قابل ہی نہیں تھے کہ وہ ہم میں سے کسی ایک کو بھی اپنا ہمدرد سمجھتے؟۔ یہ ایک تلخ حقیقت ہے کہ انہوں نے موت کو اپنا ہمدرد اور اپنے دکھوں کا بہترین ساتھی سمجھ لیا۔اس نظام کا حصہ ہوتے ہوئے میں یہاں چند اہم پہلوؤں پر روشنی ڈالنا چاہوں گی۔

سب سے پہلے آج کا طالب علم جس شدید تعلیمی بوجھ تلے دبا جا رہا ہے وہ کسی بھی طور اس کے روشن مستقبل کی ضمانت بنتا نظر نہیں آتا۔دوسرا والدین کی اپنے بچوں سے غیر ضروری اور حد سے بڑھتی ہوئی توقعات بھی مسائل کو جنم دے رہی ہیں۔ افسوس اس بات کا ہے کہ ہمارے تعلیمی نظام نے طالب علم کیلئے کامیابی کو ہی زندگی کا واحد معیار بنا دیا ہے جس نے نوجوانوں کو ڈپریشن اور شدید ذہنی دباؤ میں مبتلا کر دیا ہے اور انہیں اندر سے کمزور بنا دیا ہے یہی وہ تکالیف ہیں جنہیں نوجوان خاموشی سے سہتا رہتا ہے۔دوسرا اہم سوال یہ ہے کہ کیا آج کے جدید تعلیمی اداروں میں موثر کونسلنگ کا نظام موجود ہے؟۔

جہاں تک میرا تجربہ ہے اساتذہ کی توجہ نصاب مکمل کرانے پر، اداروں کی توجہ پیسے کمانے اور نوجوانوں کی توجہ دوسروں کی توقعات پوری کرنے پر مرکوز ہے، ہمارے نظام میں بچوں کی نفسیاتی کیفیت پر نہ کبھی توجہ دی گئی اور نہ ہی تعلیمی اداروں میں اس کیلئے باقاعدہ کوئی نظام تشکیل دیا گیا۔یہی غفلت آج ایسے دلخراش واقعات کو جنم دے رہی ہے۔اس سانحہ کے اثرات نہایت گہرے ہیں۔متاثرہ خاندانوں کا دکھ ناقابل بیان ہے اور اداروں پر اُٹھنے والے سوالات اپنی جگہ موجود ہیں۔یہ واقعات ہمیں یہ سوچنے پر مجبور کرتے ہیں کہ بطور معاشرہ ہماری ترجیحات کیا ہیں اور ہماری ذمہ داریاں کہاں سے شروع ہوتی ہیں؟۔

معزز قارئین! اس سارے معاملے میں صرف تعلیمی اداروں کو ہی مورد الزام نہیں ٹھرایا جاسکتا ہمیں اپنے گھریلو ماحول پر بھی سنجیدگی سے نظرِ ثانی کرنے کی ضرورت ہے۔کیا وجہ ہے کہ ہمارا بچہ اپنے مسائل گھر کی بجائے خود تک ہی محدود رکھتا ہے؟ کیا گھر

غور طلب
صوبیہ جاوید میو
(پیرمحل)
صدر: پاکستان صدائے میو فورم (لیڈیز ونگ)

میں اعتماد کی ایسی فضا موجود نہیں جہاں وہ اپنے دل کی بات کہہ سکے اور کسی بہتر حل تک پہنچ سکے؟۔اگر بچوں کو گھر میں ایسا ماحول فراہم کیا جاتا تو شاید آج وہ اپنی ڈگری تبدیل کرا لیتے یا والدین کے مشورے سے کوئی اور مثبت راستہ اختیار کرتے نہ کہ خودکشی جیسا ناقابلِ تلافی قدم اُٹھاتے۔انہیں یہ سکھایا جانا چاہئے کہ زندگی ایک قیمتی موقع ہے۔جس میں انسان اپنے اعمال سے کامیابی حاصل کرسکتا ہے۔مشکلات کے باوجود زندگی امید، صبر اور اللہ کی رحمت سے بھری ہوئی ہے۔

اس مقام پر سب سے پہلی اور بڑی ذمہ داری والدین پر عائد ہوتی ہے کہ وہ اپنے بچوں کو احساس دلائیں کہ زندگی کسی بھی ناکامی سے کہیں زیادہ قیمتی ہے۔بچوں کو سنا جائے، سمجھا جائے اور یہ یقین دلایا جائے کہ ہر مسئلے کا حل موجود ہے اور اس سے پہلے والدین خود ان کیلئے موجود ہیں۔ہمدردی، مکالمہ اور بروقت رہنمائی ہی ایسے سانحات کا واحد اور موثر حل ہے۔قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ:

''پس بے شک تنگی کے ساتھ آسانی ہے''(سورۃ الشرح) اور مزید ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ:۔

''اور اس جان کو قتل نہ کرو جسے اللہ نے حرام ٹھرایا ہے''
(سورہ بنی اسرائیل)

ملکی حالات و معاملات اور تعلیمی نظام کو دیکھتے ہوئے آخر میں بس اتنا ہی مشورہ دے سکتی ہوں کہ غیر سنجیدہ اور ذاتی مفادات کیلئے اقتدار میں آنے والی سیاسی پارٹیوں کو نئی نسل کے معاملات سے کوئی غرض نہیں انہیں بس اقتدار کی کرسی ملنی چاہئے ملک وقوم کی حالت کچھ بھی ہو انہیں سرکاری خزانے سے وافر مقدار میں سہولیات میسر ہوتی ہیں ایسے سیاسی لیڈروں کی موجودگی میں بچوں کے معاملات اور مسائل کو ان کے والدین ہی بہتر طریقے سے حل کرسکتے ہیں اس لئے ضروری ہے کہ تعلیمی اداروں پر بھروسہ کرنے کی بجائے بچوں کی نفسیات کو سمجھتے ہوئے اپنا کردار ادا کریں اور ان کی ایسی ذہن سازی اور تربیت کی جائے کہ وہ کسی بھی پریشانی کی حالت میں اِدھر اُدھر دیکھنے کی بجائے ہر بات کو بلا جھجھک اپنے والدین سے شیئر کریں اگر ایسا ہوجائے تو آپ دیکھیں گے کہ بچے صرف ڈگری ہولڈر ہی نہیں معاشرے کے بہترین فرد بن کر سامنے آئیں گے پھر وہ دن دور نہیں ہوگا جب ہمارا معاشرہ نہ صرف مثالی بن جائے گا بلکہ والدین کے کرادر پر بھی فخر کیا جائے گا۔یہ کوئی ناممکن بات نہیں ایک بار تنہائی میں سوچ کر فیصلہ کرنے کی ضرورت ہے۔مہنگے اداروں کی تعلیم میں ایسی کوئی چیز نہیں جس میں انسانیت کا درس دیا جاتا ہو بس ایک گھر ہی ہے جہاں پر بغیر کسی قسم کی فیس کے بچے بہترین انسان بن سکتے ہیں۔

گھر گرہستی اور عورت



عورت انسانی تہذیب کی اساس ہے۔ خاندان کی تشکیل، نسلِ انسانی کی بقا اور اخلاقی اقدار کی منتقلی میں عورت کا کردار بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔گھر گرہستی محض روزمرہ کے گھریلو امور کا نام نہیں بلکہ ایک مکمل سماجی، اخلاقی اور تربیتی نظام ہے جس کی نگہبان عورت ہوتی ہے۔ اسلامی تعلیمات نے عورت کو گھر کے دائرے میں عزت، وقار اور ذمہ داری کے ساتھ ایک باوقار مقام عطا کیا ہے۔

گھر کسی بھی معاشرے کی اکائی ہوتا ہے اور اس اکائی کی مضبوطی عورت کے کردار سے مشروط ہے عورت اپنی فطری صلاحیتوں محبت، برداشت، قربانی اور شفقت کے ذریعے گھر کو سکون اور استحکام فراہم کرتی ہے۔ایک باشعور عورت نہ صرف گھر سنبھالتی ہے بلکہ نسلوں کی فکری و اخلاقی تربیت بھی کرتی ہے۔

چند یادیں چند باتیں
شگفتہ اُمید گل میو
کوٹرادھاکشن

قرآن مجید عورت کے گھریلو کردار کو وقار کے ساتھ بیان کرتا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے:"**وَقَرْنَ فِي بُيُوتِكُن** " (اور اپنے گھروں میں وقار کے ساتھ رہا کرو)— سورۃ الاحزاب:33

یہ آیت عورت کے لیے گھر کو عزت اور تحفظ کی جگہ قرار دیتی ہے نہ کہ قید خانہ۔مزید فرمایا:

" **هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَأَنتُمْ لِبَاسٌ لَّهُن**

سورۃ البقرہ:187

اس آیت میں شوہر اور بیوی کے باہمی تعلق کو لباس سے تشبیہ دے کر محبت، قربت اور باہمی ذمہ داری کو واضح کیا گیا ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے عورت کے مقام کو نہایت واضح انداز میں بیان فرمایا:

"**الدنیا متاع، وخیر متاعھا المراۃ الصالحۃ**"
(صحیح مسلم)

ایک اور حدیث میں فرمایا:

"تم میں سب سے بہتر وہ ہے جو اپنے اہلِ خانہ کے لیے بہتر ہو" ترمذی،،

یہ احادیث اس امر کی دلیل ہیں کہ عورت کی گھریلو خدمات اور کردار اسلام میں نہایت قدر و منزلت رکھتے ہیں۔

حضرت فاطمہؓ کی زندگی اسلامی تاریخ کا روشن باب ہے۔سادگی، صبر، عبادت اور گھریلو ذمہ داریوں کی ادائیگی میں آپؓ ایک مثالی کردار کی حامل تھیں۔ محدود وسائل کے باوجود آپؓ نے ایک مثالی گھرانہ تشکیل دیا جو اسلامی معاشرت کی بہترین مثال ہے۔

گھر گرہستی بطور عبادت ہے!

اسلام میں نیت کو بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ اگر عورت گھریلو ذمہ داریاں اللہ کی رضا کے لیے ادا کرے تو یہ تمام اعمال عبادت کے زمرے میں آجاتے ہیں۔ بچوں کی تربیت، شوہر کی خدمت اور گھر کا نظم وضبط یہ سب ایک عورت کے لیے ثواب کا باعث ہے۔

جدید دور میں عورت تعلیم اور معاشرتی میدان میں بھی سرگرم ہے تاہم اس کی اصل ذمہ داری گھر اور خاندان ہے۔عورت کے لیے توازن کے ساتھ دونوں کردار ادا کرنا ہی ایک مثالی عورت کی پہچان ہے۔

عورت گھر گرہستی کے ذریعے پورے معاشرے کی تعمیر کرتی ہے۔ایک نیک، باشعور اور ذمہ دار عورت مضبوط خاندان صالح معاشرے کی بنیاد بنتی ہے۔لہٰذا عورت کو محض گھریلو فرد نہیں بلکہ معمارِ معاشرہ سمجھنا چاہیے۔اگر ہمارا معاشرہ اسلامی تعلیمات پر عمل پیرا ہوجائے تو کسی گھر میں بے سکونی نہ رہے۔

رمضان کی آمد
احساس اور ذمہ داری کا مہینہ

رواں ماہ کی 18 یا 19 تاریخ کو رمضان مبارک کا بابرکت مہینہ شروع ہوجائے گا۔اس ماہ کی فضلیت پر لکھا جائے تو یہ قلم کے بس کی بات نہیں اس لئے جتنے بھی بہن بھائی اس ماہ مبارک کو پائیں تو سب سے پہلے شکرانے کے نوافل پڑھیں کہ اللہ تعالیٰ نے زندگی میں انہیں ایک بار پھر اپنی نجات کا موقع فراہم کیا ہے کیونکہ خوش نصیب ہیں وہ لوگ جو اس ماہ کی قدر کرتے ہیں اور بدنصیب ہیں وہ جو رمضان کا مہینہ پاکر بھی اپنی آخرت نہیں سدھار سکتے۔

مختصر کالم لکھنے کا مقصد یہ ہے کہ چند دن پہلے میں نے دیکھا کہ غریب بچیوں کی اجتماعی شادی کیلئے کتنے ہی لوگوں نے دل کھول کر اس میں حصہ ڈالا ہے جس کی وجہ سے پہلی بار صدائے میو فورم کے پلیٹ فارم سے سب سے زیادہ بچیوں کی شادیاں ہونے جارہی

افشاں اکرام (کورنگی) کراچی

ہیں۔یقیناً ہماری قوم میں بہت سے صاحب حیثیت لوگ ہیں جو انسانیت کی خدمت میں اپنا کردار ادا کرتے ہونگے۔اس بات کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی قوم سے یہ درخواست کرنا چاہوں گی کہ حالات کی ستم ظریفی کی وجہ سے کتنے ہی گھر ہیں جن کے چولہے ٹھنڈے ہوچکے ہیں۔اللہ تعالیٰ کسی کو بھوکا نہیں سلاتا لیکن بعض اوقات مسائل اتنے بڑھ جاتے ہیں کہ انسان پیٹ بھر کر بھی بھوکا ہی رہتا ہے کیونکہ والدین کے سامنے ان کے بچے دوسروں کے بچوں کو حسرت سے دیکھ کر جینے پر مجبور ہوجاتے ہیں۔ان حالات میں اللہ تعالیٰ نے جس جس کو بھی نواز رکھا ہے انہیں چاہئے کہ وہ رمضان المبارک میں دل کھول کر خاموشی سے اپنے اردگرد بسنے والے مجبور لوگوں کی مدد ضرور کریں تاکہ وہ لوگ بھی رمضان المبارک کا مہینہ پریشانی میں گزارنے کی بجائے عید کی خوشیوں میں بھی شامل ہوسکیں۔صاحب حیثیت لوگ روزے رکھ کر اور نمازیں پڑھ کر یہ نہ سمجھ لیں کہ انہوں نے رمضان کا حق ادا کردیا ہے ان پر سب سے بڑا بوجھ ان کے مال کی زکوٰۃ اور صدقات ہوتے ہیں اور ایک کے بدلے دس ملنے کا بھی وعدہ کیا گیا ہے اس لئے اپنوں کا احساس کریں تاکہ قادر مطلق انکا ہمیشہ احساس کرتا رہے۔

حرص ایک مہلک بیماری

حرص ایک ایسا جذبہ ہے جو انسان کو کسی چیز کی شدید خواہش پر مجبور کرتا ہے۔یہ ایک مہلک بیماری ہے جو انسان کو اپنے مقاصد کے حصول کے لیے کسی بھی حد تک جانے پر مجبور کرتی ہے۔حرص کی وجہ سے انسان اپنی عقل وفہم کھو دیتا ہے اور اس کے نتیجے میں وہ اپنے لیے اور دوسروں کے لیے مشکلات پیدا کرتا ہے۔

حرص کی اقسام

حرص کی مختلف اقسام ہیں جن میں سے کچھ یہ ہیں:

☆مال کی حرص:۔یہ انسان کو مال اور دولت کے حصول کے لیے مجبور کرتی ہے۔☆اقتدار کی حرص:۔یہ انسان کو اقتدار اور طاقت کے حصول کے لیے مجبور کرتی ہے۔

آف دی ریکارڈ
متین قیصر ندیم میو
(احمد پور سیال)
mateenqaiser1977@gmail.com
03006821668

☆عزت کی حرص:۔ یہ انسان کو عزت اور شہرت کے حصول کے لیے مجبور کرتی ہے۔

حرص کے نقصانات

حرص کے بہت سے نقصانات ہیں، جن میں سے کچھ یہ ہیں:

☆نفرت اور دشمنی: حرص انسان کو دوسروں کے ساتھ نفرت اور دشمنی پر مجبور کرتی ہے۔

☆ظلم اور زیادتی:۔حرص انسان کو دوسروں پر ظلم اور زیادتی کرنے پر مجبور کرتی ہے۔

☆ذہنی دباؤ:۔حرص انسان کو ذہنی دباؤ اور تناؤ کا شکار کرتی ہے۔

حرص سے بچاؤ

حرص سے بچاؤ کے لیے کچھ طریقے ہیں جن میں سے کچھ یہ ہیں:۔

☆قناعت:۔انسان کو قناعت اختیار کرنی چاہیے اور اپنی ضروریات کو محدود رکھنا چاہیے۔

☆شکر گزاری:۔انسان کو شکر گزار ہونا چاہیے اور اپنی موجودہ حالت پر راضی رہنا چاہیے۔

☆آخرت کی فکر:۔انسان کو آخرت کی فکر کرنی چاہیے اور اپنے اعمال کا حساب دینے کے لیے تیار رہنا چاہیے۔

اسلام میں حرص ایک مہلک بیماری ہے جو انسان کو اپنے مقاصد کے حصول کے لیے کسی بھی حد تک جانے پر مجبور کرتی ہے۔اس سے بچاؤ کے لیے انسان کو قناعت، شکر گزاری اور آخرت کی فکر کرنی چاہیے۔قرآن و حدیث میں حرص کی بہت سی برائیاں بیان کی گئی ہیں۔

قرآن میں حرص کی برائی

"اور تم حرص نہ کرو اس مال پر جو اللہ نے تم میں سے بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے" (الحدید:23)

"اور جو شخص حرص سے بچ گیا اور نفس کو پاک رکھا تو وہی کامیاب ہے" (الشمس:9)

حدیث میں حرص کی برائی

"حرص سے بچو، کیونکہ یہ فقر (غربت) کا باعث ہے" (ترمذی)

"حرص انسان کو ذلیل کرتی ہے" (ابن ماجہ)

اسلام میں حرص کے نقصانات

☆حرص انسان کو اپنے دین سے غافل کرتی ہے۔

☆حرص انسان کو دوسروں کے ساتھ نفرت اور دشمنی پر مجبور کرتی ہے۔

☆حرص انسان کو ظلم اور زیادتی کرنے پر مجبور کرتی ہے۔

اسلام میں حرص سے بچاؤ

-قناعت اختیار کرنا۔
-شکر گزار ہونا۔
-آخرت کی فکر کرنا۔
-نفس کو پاک رکھنا۔

***نتیجہ**:۔اسلام میں حرص کے نقصانات اور اس سے بچاؤ کے لیے انسان کو قناعت، شکر گزاری اور آخرت کی فکر کی تعلیم دی گئی ہے

صدائے میو
03002481227

صدائے میو کی طرف سے جاری میو گاؤں

یُوھے میوگاؤں

دیہاتوں کی ڈیٹا شماری کے مطابق

رائیونڈ میں میو قوم کا اکثریتی مثالی گاؤں ڈھونڈے

گیس، بجلی، پکی سڑکیں، پی سی گلیاں، گراونڈ سمیت تمام سہولیات سے آراستہ رائیونڈ شہر سے پانچ کلومیٹر اور لاہور سے 15 کلومیٹر کے فاصلے پر واقع یوسی 270 کا مشہور گاؤں ڈھونڈے فیروز پور روڈ سے 15، مین رائیونڈ روڈ سے 3، صوئے آصل روڈ سے 2 کلومیٹر کی دوری پر واقع ہے جبکہ مین ریلوے روڈ گاؤں کے قریب سے ہی گزرتا ہے۔ گاؤں کے مشرق میں وطنہ گاؤں، مغرب میں مین ریلوے روڈ پاجیاں، شمال میں کنگرہ، کڑیال اور جیابگا، جنوب میں جودھودھیرا اور رائیونڈ شہر ہے۔ گاؤں میں حنفی بریلوی مسلک کی چار مساجد ہیں لیکن گزشتہ کئی سالوں سے مسجد پر قبضہ کرنے کی کوشش میں بریلوی، دیوبندی مسلک کا جھگڑا چل رہا ہے اس معاملے میں کئی بار تصادم بھی ہوا اور مقدمات بھی درج ہوئے۔ حال میں ہی ایک اور مسجد پر قبضہ کرنے کی کوشش کی گئی۔ یہاں کی مرکزی جامع مسجد میں مولانا عبدالغفور ساجد میو سالہا سال امامت وخطابت کے فرائض سرانجام دیتے رہے اور انہوں نے کبھی اختلافی باتوں کو اہمیت نہیں دی تھی اسی وجہ سے ان کی مسجد میں تبلیغی جماعت بھی آتی رہی اور بریلوی مسلک کے لوگ تبلیغی اجتماع میں بھی شریک ہوتے رہے لیکن آپس میں ٹکراؤ کے بعد صورتحال یکسر بدل گئی ہے۔

ڈھونڈے گاؤں میں ایک بوائز مڈل سکول، ایک گرلز پرائمری سکول اور تین پرائیویٹ سکول تعلیم کے فروغ کیلئے کوشاں ہیں۔ اس گاؤں سے منسلک رحیم پورہ، ڈیرہ جگروپ اور حمید پوریاں جھلار کے نام سے تین چھوٹی چھوٹی بستیاں بھی ہیں جن میں منگریا اور دہنگل گوت کے لوگ آباد ہیں۔

ڈھونڈے میں میو برادری کے 500 سے زیادہ گھر ہیں آپس کا بھائی چارہ اچھا ہے۔ اکثریت منگریا دہنگل اور ڈیمروت جبکہ دو چار گھر چوہان اور پاہٹ گوت کے بھی ہیں اور بیس پچیس گھر جٹ، آرائیں، رحمانی اور مسیح برادری کے ہیں۔ گاؤں کے کم وبیش 40 میو پولیس، رینجر، ٹیچر اور ہیلتھ کے شعبہ میں بھی ہیں جن میں خواتین بھی شامل ہیں اور کچھ لوگوں کا ذاتی کاروبار ہے کچھ کاشتکاری بھی کرتے مگر تعلیمی صورتحال اچھی نہ ہونے کی وجہ سے زیادہ تر مزدور طبقہ ہی ہے۔

گاؤں میں تقریباً 18 ایکڑ رقبہ شاملاٹ ہے جس پر ایک سائیڈ میں پارک اور باقی کی تینوں سائیڈیوں پر ایک ایک ایکڑ جگہ خالی پڑی ہوئی ہے جس میں سے معززین گاؤں کی مشاورت سے ایک ایکڑ جگہ گورنمنٹ سکول کیلئے لکھ کر دی گئی لیکن اُسے ابھی تک سکول میں شامل نہیں کیا گیا۔ تقریباً چار ایکڑ پر پرانا چھپڑ ہے جس پر ہر طرف سے قبضہ کا سلسلہ جاری ہے حالانکہ اس زمین پر گراؤنڈ بننا تھا جس کیلئے 8 کروڑ کی گرانٹ بھی منظور ہوئی لیکن کوئی کام نہیں کیا گیا۔ 2024ء کے الیکشن میں ن لیگی ایم این اے ملک افضل کھوکھر نے سب کے سامنے الیکشن جیت کر ایک ماہ میں گراؤنڈ پر کام شروع کرنیکا وعدہ بھی کیا تھا مگر منتخب ہونے کے بعد پلٹ کر بھی نہیں دیکھا۔ البتہ پہلے سے ہی قبرستان کی چار دیوری اور بہترین سسٹم موجود تھا۔ ڈھونڈے گاؤں کے نواح میں اب

رپورٹ: صدائے میو

بحریہ ٹاؤن، اتحاد ٹاؤن اور کبیر ٹاؤن جیسی بڑی سکیمیں شروع ہوچکی ہیں اس لئے یہاں کے رقبہ کی ڈیمانڈ میں روز بروز اضافہ ہورہا ہے لیکن ابھی تک اندرون خانہ ہی خرید وفروخت کی جارہی ہے۔

این اے 136 اور پی پی 164 میں شامل ڈھونڈے گاؤں میں میو برادری کے ووٹوں کی تعداد 1700 سے بھی زائد ہے یہاں کی سیاسی صورتحال کے بارے میں بات کی جائے تو الیکشن میں معمولی کھچاؤ ضرور ہوتا ہے مگر برادری کی اکثریت کسی ایک پارٹی کو ہی سپورٹ کرتی ہے اور یہاں کی خاص اور منفرد بات یہ ہے میو امیدوار کسی بھی پارٹی سے ہو اُسے گاؤں سے ہمیشہ جتایا گیا۔ 2008ء کے الیکشن میں چوہدری طارق شبیر میو قومی اسمبلی اور صوبائی حلقہ سے میو برادری کے چوہدری عبدالغفور خاں میو منتخب ہوکر صوبائی وزیر رہ چکے ہیں۔ 2013 کے الیکشن میں جب طارق شبیر اپنے گاؤں تک سے ہار گئے تھے اس وقت بھی ڈھونڈے کی برادری نے انہیں اپنے بوتھ سے کامیاب کرایا اور ضمنی الیکشن میں اسی گاؤں سے برادری کی معروف شخصیت فاروق جان میو نے شہباز شریف کیخلاف الیکشن لڑا تو انہیں بھی بھاری اکثریت سے جتایا گیا ڈھونڈے کے علاوہ ہر جگہ سے جیتنے کے بعد شہباز شریف نے خود ڈھونڈے کا دورہ کرکے دو ایکڑ سے زیادہ رقبہ پر پارک بنوایا جس کی دیکھ بھال نہ ہونے کی وجہ سے اب حالت خستہ ہوچکی ہے۔ 2018ء کے الیکشن میں ہر جگہ سے ہارنے والے جیا بگا کے نمبردار صفدر خاں میو بھی لیڈ سے کامیاب کرایا۔ 2024ء کا پہلا الیکشن تھا جس میں چوہدری یوسف میو ڈھونڈے سے معلولی ووٹوں سے ہارے لیکن ضمنی الیکشن میں انہیں بھی بڑی لیڈ سے جتایا گیا۔ بلدیاتی الیکشن میں ڈھونڈے گاؤں کی برادری کی وجہ سے ہی چوہدری حبیب خاں میو یوسی ناظم، چوہدری عباس میو نائب ناظم منتخب ہوئے اور آخری بلدیاتی الیکشن میں بھی ڈھونڈے سے چوہدری عبدالشکور کو کامیاب کرایا لیکن اپنے گاؤں آرائیاں سے ہارنے اور کئی میو مدمقابل ہونے کی وجہ سے وہ منتخب نہ ہوسکے۔ چوہدری عبدالغفور خاں اس گاؤں کو اپنا لاڑکانہ کہتے تھے۔ گاؤں سے نمبردار ابراہیم میو، یٰسین خاں میو، عبداللہ میو ایک ایک بار اور جمعہ خاں میو تین بار ممبر منتخب ہوئے اور میو نیوز کے چیئرمین فاروق جان میو 15 سال زکوٰۃ کمیٹی کے چیئرمین رہے۔

محمد فاروق جان میو

اپنی قوم کی سرگرمیوں میں بھی ڈھونڈے کی میو برادری فعال کردار ادا کرتی رہی۔ شہید اجمل کے دور میں میو اتحاد کا متحرک یونٹ تھا اس کے غیر فعال ہونے کے بعد چند سال تک میو عوامی اتحاد کے نام سے بھی کام ہوتا رہا۔ 13 سال قبل المیوات مارکیٹ میں صدائے میو اخبار کا دفتر بھی تھا اور 2023ء میں مینار پاکستان پر ہونیوالی میو کانفرنس میں بھی یہاں کی برادری نے بھرپور شرکت کی لیکن اس وقت برادری کی کسی بھی تنظیم کا کوئی وجود نہیں البتہ میو نیوز کا ہیڈ آفس موجود ہے اور فاروق جان میو ہی ہیں جو کسی حد تک برادری میں اپنی شناخت رکھتے ہیں۔

تعلیمی سہولیات سے محروم لاہو کا گاؤں رکھ دھلہ روڑی

لاہور کی تحصیل کینٹ کا گاؤں رکھ دھلہ روڑی یونین کونسل دھلوکی میں شامل ہے اور اسکا ڈاکخانہ کاہنہ نو ہے۔ 70 گھروں کی آبادی والے اس گاؤں میں ایک بھی گھر کسی اور برادری کا نہیں البتہ کچھ میواتی شاہ جیوں کے گھر ہیں۔ کاہنہ سے 10 کلومیٹر اور ہیر سے 8 کلومیٹر کے فاصلے پر واقع رکھ دھلہ روڑی میں پاہٹ، نیائی اور نوگیاں گوت کے لوگ بیٹھے ہیں۔ آپس کے تعلقات بہت اچھے ہیں۔ گاؤں کے 70 گھرانوں کے کل ووٹ 375 ہیں۔ قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 123 سے وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف منتخب ہوئے تھے اور اکثریت نے ووٹ بھی انہی کو دیئے تھے لیکن اس کے باوجود ابھی تک گاؤں کے مسائل کی طرف کوئی خاص توجہ نہیں دی گئی۔ گاؤں میں تعلیمی سہولیات نہ ہونے کے برابر ہیں۔ صرف پرائمری سکول ہے اور ہائی سکول بھی 8 اور 10 کلومیٹر کے فاصلے پر ہیں اس لئے میٹرک کرنے کیلئے بھی طلباء وطالبات کو لمبا سفر طے کرنا پڑتا ہے جس کی وجہ سے بچوں خاص طور پر بچیوں کو پڑھانے کیلئے گھر کے ایک فرد کو ہر صورت لانے لیجانے کا پابند رہنا پڑتا ہے کیونکہ ٹریفک کا بھی کوئی انتظام نہیں اس کے باوجود تعلیمی صورتحال قابل رشک نہیں تو بہت بہتر ہے۔ ہیر اور کاہنہ کے کالجز میں صرف ایف ایس تک ہی تعلیم دی جاتی ہے اس لئے ایف ایس سی کے بعد لاہور شہر کے کسی بھی کالج یا یونیورسٹی کا رخ کرنا پڑتا ہے جس سے مسائل میں مزید اضافہ ہوجاتا ہے۔ یہاں کے مکینوں کا سب سے بڑا مسئلہ تعلیمی سہولیات کی کمی ہی ہے اس کے باوجود چھوٹے سے گاؤں کے 25 افراد مختلف سرکاری محکموں میں ملازمت کرتے ہی

رپورٹ
عبدالستار پاہٹ
(رکھ دھلہ روڑی)

اور کچھ پرائیویٹ ملازمت اور کچھ زمیندارہ سے منسلک ہیں۔ رکھ دھلہ روڑی کی سب سے اچھی بات یہ ہے کہ 70 گھروں میں 40 سے زائد حافظ قرآن موجود ہیں۔ گاؤں میں سیوریج اور گلی نالیاں بھی برائے نام ہیں اگر برادری سرگرمیوں کی بات کی جائے تو لوگ اپنی قوم سے محبت تو کرتے ہیں مگر برادری تنظیموں کی مایوس کن کارکردگی کی وجہ سے کوئی باقاعدہ طور پر کسی میو تنظیم کا حصہ نہیں اور نہ ہی آج تک کسی تنظیم نے اس گاؤں میں آکر برادری کے لوگوں کو اپنے ساتھ مل کر کام کرنے کی دعوت دی ہے۔

صوبائی دارالحکومت کے نواح میں ہونے کے باوجود بہت سی سہولیات سے محرومی وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کیلئے سوالیہ نشان ہے یہاں کے باسیوں کا بس ایک ہی مطالبہ ہے کہ جتنی بھی جلدی ہوسکے گاؤں میں تعلیمی سہولیات فراہم کی جائیں تاکہ بچیوں کے والدین کو بڑی پریشانی سے نجات مل سکے اور جو لوگ ذاتی سواری نہ ہونے کی وجہ سے اپنے بچوں کو تعلیم دلانے سے قاصر ہیں ان کے بچے بھی تعلیم حاصل کرسکیں اور ہر علاقے کی طرح یہاں کے باسیوں کا یہ بھی مطالبہ ہے کہ پٹرول کی قیمت، بجلی کے بلوں میں کمی کرنے کے ساتھ ساتھ کسانوں کو بھی سہولیات دی جائیں۔ کسانوں کے مسائل حل کئے بنا اجناس کی قیمتوں میں کمی سے کسانوں کے مسائل میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے جو کہ زمینداروں کیلئے دردسر بنا ہوا ہے اگر حکومت وقت نے ان معاملات کی طرف توجہ نہ دی تو ان کے ہمدردوں میں نہ صرف کمی ہوسکتی ہے بلکہ لوگوں کی بے چینی میں بھی اضافہ ہوگا۔

میو برادری کا کوئی بھی ذمہ دار شخص اپنے گاؤں کی مکمل تفصیلات صدائے میو کے وٹس ایپ نمبر 0300 2481227 پر سینڈ کرکے اپنے گاؤں کی معلوماتی ڈائری شائع کراسکتا ہے
(ادارہ)

نارنگ منڈی کا گاؤں قلعہ ہرنام سنگھ

میو برادری کے کچھ گاؤں ایسے بھی ہیں جن کے بارے میں دور دراز کے علاقوں کی برادری کو معلوم ہی نہیں تحصیل مرید کے ضلع شیخوپورہ کے مشہور شہر نارنگ منڈی کے اردگرد دمہتہ سوجا، لدھیکے، ماڑی خورد، ماڑی کلاں، اونچا پنڈ، کڑیال کلاں، کڑیال خورد، ڈیرہ عبدالرحمٰن، بھوروٹ المعروف میواں داڈیرہ اور کئی دیگر بستیاں بھی ہیں۔ اس علاقے میں ہزاروں کی تعداد میں میو آباد ہیں لیکن نارنگ منڈی سے صرف ایک کلومیٹر مرید کے سے 27 اور شیخوپورہ سے 50 کلومیٹر کے فاصلے پر یونین کونسل کچری ورکاں کا گاؤں قلعہ ہرنام سنگھ (مانانوالہ) ہے جس میں میو برادری کے 45 گھر ہیں اور تمام میو دہنگل گوت سے تعلق رکھتے ہیں۔



رپورٹ
عبدالرشید میو
(قلعہ ہرنام سنگھ)

گاؤں میں پانچ میو سرکاری ملازم ہیں اور باقی پرائیویٹ جاب کرتے ہیں اکثریت زمیندارہ سے وابستہ ہے۔ قلعہ ہرنام سنگھ میں تعلیمی صورتحال بہتر ہے اور آپس کے تعلقات بھی قابل تشویش نہیں اسی لئے الیکشن میں برادری کے لوگ کسی ایک پارٹی کو ہی سپورٹ کرتے ہیں۔ قلعہ ہرنام سنگھ میں میو برادری کے ووٹوں کی تعداد کم وبیش 200 ہے۔ گاؤں میں راجپوت، جٹ، قریشی، بھلر چنگڑ اور بٹ برادری کے لوگ بھی رہائش پذیر ہیں۔

گاؤں کے مسائل کی بات کی جائے تو یہاں صحت کا کوئی مرکز نہیں اور پینے کے پانی کی بھی پریشانی ہے۔ برادری کے لوگ ڈسپنسری کیلئے جگہ بھی عطیہ کرنے کو تیار نہیں مگر ڈسپنسری کو چلانے کے لئے پرائیویٹ یا سرکاری سطح پر چلانے والا کوئی نہیں مزید یہ کہ زراعت سے وابستہ لوگ کافی پریشان ہیں۔ زرعی ادویات کی بڑھتی ہوئی قیمتیں اور اجناس کی قیمتوں میں کمی کسانوں کیلئے دردسر بنی ہوئی ہے۔

قلعہ ہرنام سنگھ سمیت علاقے کے کسی بھی گاؤں میں برادری کی کسی تنظیم کا کوئی وجود نہیں یہی وجہ ہے کہ ملک بھر کی برادری میں کیا ہورہا ہے اور کون اپنی قوم کی بہتری کیلئے کام کررہا ہے اس بارے میں کسی کو کوئی علم نہیں اسکا سب سے بڑا انقصان یہ ہوا ہے کہ تقریباً سبھی میو آپس میں بھی پنجابی میں ہی بات چیت کرتے ہیں۔ گاؤں کے لوگوں نے صدائے میو کی ٹیم سے مطالبہ کیا ہے کہ نارنگ منڈی کے گردونواح کی برادری کی طرف بھی توجہ دی جائے تاکہ تمام میو اپنی زبان اور کلچر کی طرف توجہ دے سکیں کیونکہ اگر اس طرف توجہ نہ دی گئی کہیں ایسا نہ ہو کہ میو اور پنجابی برادری میں کوئی فرق ہی نہ رہے۔

قارئین کی محفل

ایڈیٹر کی ڈاک میں قارئین کھل کر اپنی رائے اظہار کر سکتے ہیں لیکن ان کی رائے سے ادارہ کا متفق ہونا ضروری ہے

ساری سازشیں آپ کیخلاف ہی کیوں کی جاتی ہیں، شگفتہ وسیم

محترم حافظ بھائی! آج میں آپ سے وہ سوال کرنے لگی ہوں جو شاید آپ کو اچھا نہ لگے لیکن ہم سب بہنیں آپ کو اپنا بڑا بھائی سمجھتی ہیں اس لئے بہن سمجھ کر میری اس بات کا جواب ضرور دینا کہ آپ میں ایسی کونسی کمی یا کمزوری ہے کہ ہر کوئی آپ سے پریشان ہے۔ برادری کیلئے اور بھی لوگ کام کر رہے ہیں اور اکثر کام سے زیادہ خودنمائی میں مصروف دکھائی دیتے ہیں ان کیخلاف کوئی بات نہیں کرتا، ساری سازشیں آپ کیخلاف ہی کیوں کی جاتی ہیں۔

آپکی بہن، شگفتہ وسیم میو (پرانا کاہنہ) لاہور

پیاری بہن! جو بندہ بھی منہ پر سچ بولے سازشیں اسی کیخلاف ہی جاتی ہیں کیونکہ ایسا کرنے والے اس کام کے علاوہ کچھ کر ہی نہیں سکتے۔ میرا سب سے بڑا جرم یہ کہ میرے اندر خوشامد اور منافقت نہیں۔

ہم پوری زندگی میو برادری کا احسان نہیں بھلا سکتے، اسلم جٹ

محترم حافظ صاحب! ہم انتہائی غریب لوگ ہیں کئی سالوں سے بیماری کی وجہ سے چارپائی پر ہوں۔ میری چار بچیاں شادی کی عمر کو پہنچ گئیں لیکن کوئی راستہ نظر نہ آیا تو ایک بھائی نے بتایا کہ میو برادری کے پلیٹ فارم سے سب برادریوں کی بچیوں کی شادیاں کی جاتی ہیں۔ معلومات لے کر ہم نے بھی دو بچیوں کے فارم جمع کرا دیئے آپ لوگوں سے ملکر بہت خوشی ہوئی آپنے ہر سال ایک بچی کی شادی کا وعدہ کیا ہم پوری زندگی میو برادری کا احسان نہیں چکا سکتے۔

آپکا احسان مند، محمد اسلم جٹ (ہجرہ شاہ مقیم) اکاڑہ

اسلم بھائی! ہم کسی پر کوئی احسان نہیں کر رہے بس اپنی ذمہ داری نبھانے کی کوشش کر رہے ہیں شائد یہ کام ہماری بخشش کا ذریعہ بن جائے ہمیں بس آپ جیسے مجبور لوگوں کی دعا چاہئے۔

میو تنظیمات کی کارکردگی کا مضمون بہت اچھا تھا، ناصر محمود

محترم چیف ایڈیٹر صاحب! جنوری کے شمارے میں میو تنظیمات کی ایک سال کی کارکردگی کا مضمون پڑھا جس کے ذریعے معلوم ہوا کہ ملک بھر میں برادری کی دو درجن تنظیمیں بنی ہوئی ہیں اور رپورٹ کے مطابق چار پانچ تنظیمیں ہی ہیں جنہوں نے کسی نہ کسی حوالے سے تھوڑا بہت کام کیا خاص طور پر پنجاب میں صدائے میو فورم اور سندھ میں پاکستان میو اتحاد ہی سرگرم نظر آئیں باقی کی سرگرمیاں قابل تعریف نہیں لگیں جو کہ افسوس کا مقام ہے۔

منجانب، ناصر محمود میو (سمبڑیال) سیالکوٹ

ناصر بھائی! ہماری قوم کی جتنی تنظیمیں ہیں اگر ساری اپنی اپنی ذمہ داری پوری کریں تو بہت کچھ ہو سکتا ہے لیکن بدقسمتی سے اکثر تنظیمیں سوشل میڈیا تک ہی محدود ہیں اور کام کی بجائے بس خودنمائی کو ہی ضروری سمجھ لیا گیا ہے۔

ہر میو کو صدائے میو میگزین ضرور پڑھنا چاہئے، عثمان باگھوڑیا

محترم چیف ایڈیٹر صاحب! ہماری میو قوم کے معاملات کیسے ہیں، کون کونسی تنظیمیں کام کر رہی ہیں اور قوم کے معاملات و مسائل کیا ہیں اس بارے میں کم از کم میں اندھیرے میں تھا۔ گذشتہ دنوں ایک دوست کے پاس صدائے میو میگزین دیکھا تو حیرانگی ہوئی کہ ہماری قوم کا اپنا میگزین بھی ہے اور ہمیں خبر تک نہیں۔ رات کو سونے سے پہلے پورا میگزین پڑھ لیا اور ہر کالم اور خبر پڑھ کر خوشی ہوئی اس لئے میرا مشورہ ہے کہ ہر میو کو صدائے میو ضرور پڑھنا چاہئے۔

آپکا بھائی، محمد عثمان باگھوڑیا میو (راجہ جنگ) قصور

عثمان بھائی! آپ کی محبت کا شکریہ۔ باگھوڑیا بھائی ہم بھی اپنی قوم سے بار بار کہہ چکے ہیں کہ گھر بیٹھے ہی ملک بھر کی برادری کی معلومات سے آگاہ رہنا ہے تو صدائے میو پڑھا کریں لیکن موبائل نے ہر کسی کو مطالعہ سے دور کر دیا ہے۔

لیہ کو بھی یاد کر لیا کریں یہاں بھی میو رہتے ہیں، الیاس میو

محترم چیف ایڈیٹر صاحب! ہم بہت عرصہ سے دیکھ رہے ہیں کہ آپ کبھی کسی ضلع میں تو کبھی کسی صوبے میں برادری کے لوگوں سے ملاقاتیں کرتے رہتے ہیں لیکن کبھی لیہ کی طرف نہیں آئے۔ کئی سال قبل آپ دریا خاں آئے تو ہم نے رابطہ کرنے کی کوشش کی لیکن جب رابطہ ہوا تو آپ خوشاب پہنچ چکے تھے۔ آپنے جلد لیہ آنے کا وعدہ بھی کیا مگر کئی سال گزرنے کے باوجود آنا تو دور کی بات آپنے رابطہ کرنا بھی گوارہ نہ کیا بھائی لیہ میں بھی میو رہتے ہیں۔

آپکا بھائی، محمد الیاس میو (اعظم چوک) لیہ

الیاس بھائی! آپ کا گلہ بجا ہے لیکن چار سالوں میں دو دفعہ میرے موبائل گم ہوئے جس کی وجہ سے آپ سمیت بہت سے دوستوں کے نمبر بھی نہ رہے بس اسی لئے آپ سے رابطہ نہ کر سکا۔

بھائی آپ میری ڈاک کو شامل کیوں نہیں کرتے، سرور میو

محترم حافظ سلمان بھائی! میں صدائے میو اورسیز گروپ میں پورا میگزین پڑھتا ہوں اسی لئے اکثر آپ کو ایڈیٹر کی ڈاک کیلئے میسج بھی کرتا ہوں لیکن آپ میری ڈاک کو شامل ہی نہیں کرتے۔ آخر میرا قصور کیا ہے میری آپ سے ملاقات نہیں اس لئے یا پھر مجھ سے کوئی اور دشمنی ہے برائے مہربانی مجھے ضرور بتا دیں تاکہ میں اپنی اصلاح کر سکوں اگر یہ بھی بتانا گوارہ نہ کیا تو پھر ہمیشہ کیلئے خدا حافظ میں بھی صدائے میو سے دلچسپی نہیں رکھونگا۔

آپکے جواب کا منتظر: محمد سرور میو (ترکی) تعلق پیر محل

سرور بھائی! میں ذاتی طور پر آپ کی محبتوں کا مشکور ہوں بس اتنی سی گزارش ہے کہ میں خود اپنے کام سے مطمئن نہیں اور آپ ہمیشہ ہی صرف میری تعریفوں پر مبنی میسج سینڈ کرتے ہیں اور تعریفیں بھی ایسی کہ خدا کی پناہ۔

إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ

مٹوٹلی کے سابق کونسلر چوہدری رب نواز میو کے والد چوہدری مواسی خاں وفات پا گئے

شجاع آباد (نمائندہ صدائے میو) پاکستان صدائے میو فورم شجاع آباد کے رہنما اور مٹوٹلی کے سابق جنرل کونسلر چوہدری رب نواز میو کے والد محترم چوہدری مواسی خاں چاہ حاجی والا مٹوٹلی میں قضائے الٰہی سے وفات پا گئے، جنازہ اور قلوں میں معروف سیاسی و سماجی شخصیات سمیت بڑی تعداد میں معززین علاقہ نے شرکت کی۔

16 چک پیر محل کے چوہدری حنیف میو وفات پا گئے

پیر محل (نمائندہ صدائے میو) پیر محل کے نواحی چک 16/675 کے چوہدری محمد حنیف میو قضائے الٰہی سے وفات پا گئے۔ جنازہ میں بڑی تعداد میں معززین علاقہ نے شرکت کی۔

صدائے میو فورم لاہور کے نائب صدر چوہدری شبیر کے چچا حاجی نور محمد سرائچ میں انتقال کر گئے

لاہور (نمائندہ صدائے میو) پاکستان صدائے میو فورم لاہور کے نائب صدر چوہدری شبیر خاں میو کے چچا جان حاجی نور محمد میو سرائچ گاؤں میں قضائے الٰہی سے وفات پا گئے۔ جنازہ میں معززین علاقہ اور صدائے میو فورم لاہور کے رہنماؤں نے بڑی تعداد میں شرکت کی

شاعر عبدالقیوم رضا میواتی کے والد محترم وفات پا گئے

ڈسکہ (نمائندہ صدائے میو) میواتی شاعر عبدالقیوم رضا میواتی کے والد محترم وڈالہ سندھواں کے نواحی گاؤں پہاڑی پور میں قضائے الٰہی سے وفات پا گئے۔ جنازہ میں بڑی تعداد میں معززین علاقہ نے شرکت کی۔

ماسٹر محمود اور حافظ غلام حسین کی والدہ سرانوالی میں وفات پا گئیں

ڈسکہ (نمائندہ صدائے میو) ماسٹر محمود احمد اور حافظ غلام حسین میو کی والدہ محترمہ سرانوالی میں قضائے الٰہی سے وفات پا گئیں۔ جنازہ میں بڑی تعداد میں معززین علاقہ نے شرکت کی۔

بابا طاہر حسین میو سپانوالہ کی اہلیہ وفات پا گئیں

لاہور (نمائندہ صدائے میو) پاکستان صدائے میو فورم لاہور کے رہنما بابا طاہر حسین سپانوالہ کی اہلیہ قضائے الٰہی سے وفات پا گئیں۔ جنازہ اور قل خوانی میں بڑی تعداد میں معززین علاقہ نے شرکت کی۔

بزمِ ادب

غزل — پروین شاکر (مرحومہ)

کبھی رُک گئے کبھی چل دیئے، کبھی چلتے چلتے بھٹک گئے — یونہی عمر ساری گزار دی یونہی زندگی کے ستم سہے
کبھی نیند میں کبھی ہوش میں تُو جہاں ملا تجھے دیکھ کر — نہ نظر ملی نہ زباں ہلی یونہی سر جھکا کے گزر گئے
کبھی زلف پر کبھی چشم پر کبھی تیرے حسین وجود پر — جو پسند تھے میری کتاب میں وہ شعر سارے بکھر گئے
مجھے یاد ہے کبھی ایک تھے مگر آج ہم ہیں جدا جدا — وہ جدا ہوئے تو سنور گئے ہم جدا ہوئے تو بکھر گئے
کبھی عرش پر کبھی فرش پر کبھی اُن کے در کبھی در بدر — غمِ عاشقی تیرا شکریہ ہم کہاں کہاں سے گزر گئے

دل لُوٹ لیو! — سکندر سہراب میو (لاہور)



مانی تو کدی موسُو اُجگر نہ ملے گو
سُپنا میں کہا موہے ترو گھر نہ ملے گو
دل لُوٹ لیو اور ہوا تک نہ لگن دی
پر تو سَو کوئی ڈھونڈا سُو بی چاتر نہ ملے گو

آگ اے سچّا جذبہ کی! — احمد فہیم میو (لاہور)

چِکنی ماٹی پاؤں پڑا سُو گرسُوں ناں
بات ای اے کہ اپنْی بات سُو پھرسُوں ناں
من کے بھیتر آگ اے سچّا جذبہ کی
برفن بیچ دبایا سُو بی ٹھرسُوں ناں

اخلاص تُل رہا ھے! — ڈاکٹر ہارون میو (مرحوم)

دنیا اگرچہ چاند کے نزدیک ہو گئی — کچھ اس طرح سے سائنسی تحقیق ہوگئی
اخلاقیات کی ولے تضحیک ہوگئی — اعلیٰ مقام خدمتوں سے ما سوا نہیں
ذرے تلک کو رکھتا ہے اپنی دھیان میں — وہ کامیاب ہے جسے توفیق ہوگئی
اتنی نظر صیاد کی باریک ہوگئی — ملتے ہی اختیار وہ آنکھیں بدل گیا
اخلاص تُل رہا ہے حساب و کتاب میں — ہارونؔ تیری بات کی توثیق ہوگئی

ہر بیٹی گاؤں کی بیٹی ہی! — قیس چودھری چھر کلوت میو (لاہور)



گو اُونچ نیچ کا بندھن ہا — وے سمّت رِکت کو ہُوا ہویا
سُکھیا من کی مینا ہی — وے دن کس دیس گیا واڑی
ہر بیٹی گاؤں کی بیٹی ہی — اب چھل کپٹ کی رینا ہے
ہر بھینا سب کی بھینا ہی — وے دن تو خواب ہوا واڑی
او دیس سُو آون والا جایا رنگ میں مت رنگ جایو تو
جو رنگ مِلو ہو ورثہ میں وارنگ ہے بس اپنا یو تو

اپنالے اپنی بولی اے! — سردار عظیم اللہ خاں میو (لاہور)



دنیا میں رِگنوالے اپنی بولی اے
پستک پہ لکھوالے اپنی بولی اے
بے نامی کی ذلت سُو بچ جاوا گو
ماتھا پہ گدوالے اپنی بولی اے
میو پنو منوایو تے نے راجن سُو
دنیا سُو منوالے اپنی بولی اے
اورن سُو کر گٹ پٹ اُن کی بھاشا میں
آپس میں اپنالے اپنی بولی اے
چوگر گھاں سُو کتا باج ری ہے یا پہ
جھولی میں سنگوالے اپنی بولی اے
گونگو کیں بن جاوا شہرن میں آکے
رتوائی سی گالے اپنی بولی اے

سوچ اے کی نہ بدلاں؟ — حافظ سلمان طارق میو (لاہور)

اتحاد کونۃ کے خلاف بنّا واں ہاں ہم — کہا یائی مقصد اے لے کے نکلا ہاں ہم
ایک دوسرا سُو ای دور ہوتا جارا ہاں ہم — میں میں تو تو کد تک ہوتی رہے گی
حسد اور انا کا رستہ پہ کیں چل پڑا ہاں — اچھی اچھی باتن نے کرکے خود ای ناں سمجھاں ہم
دنیا لُو اپنْو تماشہ کیں دکھا واں ہاں ہم — کٹھ اچھی ای نہ بہت ای اچھی بات ہے سلمانؔ
کچھ کرن والا بی ایک دن تھک جائیں گا — اپر واسُو پہلے اپنْی سوچ اے کی ناں بدلاں ہاں ہم

احتساب — کلیم خاں کلیم میو (لاہور)

دوسروں کا ہر کوئی کرتا ہے احتساب
چھپ جاتے ہیں خود جب مانگے کوئی حساب
عیب دوسروں کے ڈھونڈنے کا ان کو مرض ہے
کرتے نہیں ادا جو خود کے ذمے فرض ہے
جیسے لوگوں کے عیب ڈھونڈنا تو اُن پر فرض ہے
ہمت نہیں ہے خود کریں یہ اپنا احتساب
کھا کے امانت قوم کی کرتے ہیں موج یہ
بیتے گی کیا غریب پہ نہیں ان کی سوچ یہ
خود کو پتہ نہیں ہے کلیمؔ کیا ہوتا ہے احتساب
کہتے ہیں دوسروں کو بس کردو احتساب

5TH FEB
KASHMIR
SOLIDARITY DAY
کشمیر
یوم یکجہتی
مظلوم کشمیریوں کا خون آزادی کی شکل میں رنگ لائے گا
HAM GROUP OF COMPANIES
ہر نام، قابل اعتماد
HAM Properties
HAM Beverages
FAIZAN AKHTAR TRADERS
Greenford FARMS
Where Nature And Comfort Intertwine
MD
اعجاز احمد خاں
0345-8587262
Email: Info@hambeverages.com.pk
0300-6581076
CEO
چوہدری اختر علی خاں
Head Office: Opposite to Central Park Housing Society,30KM Feroz Pur Road Lahore

چوہدری
سمیر خان پتھروڑیا
(مرحوم)
رہائشی، کمرشل پلاٹس اور زرعی رقبہ
جات کی خرید فروخت کا مرکز
محمود اسٹیٹ
سنٹرل پارک فیروز پور روڈ لاہور
چیف ایگزیکٹو
محمود خاں میو پتھروڑیا
(آف بدوکی)
الحاج اصغر علی میو (سیکرٹری)
300-4072126
0300-4403763

صرف 15% ایڈوانس پر 60 ماہ کی آسان اقساط میں پلاٹ حاصل کریں
MK DEVELOPERS
PROPERTY
پتوکی سے چند منٹ کے فاصلے پر
پروجیکٹ
ایم کے ڈویلپرز
نیا سال مبارک
پیراڈائز
پارک
ہلہ روڈ پتوکی
تمام تر
سہولیات
سے آراستہ
تفصیلات کیلئے رابطہ نمبرز
0303-9800777
0309-9830058
0302-9800077
0300-4762013
چیف ایگزیکٹو مدثر اقبال

اللہ کے فضل سے ہر سال معیار اور کوالٹی پہلے سے بہتر
گلہ روبی فین بالمقابل
ماڈل فیملی ہسپتال
گوندلانوالہ روڈ گوجرانوالہ
R.T.M No. 94238
(رجسٹرڈ)
رہبر
واٹر پمپس اینڈ موٹرز
الحاج غلام نبی خاں میو
صدر: میو فاؤنڈیشن گوجرانوالہ
0300-6401996